سِرّ الاسرار

(اُردو ترجمہ مع عربی متن)

تصنیفِ لطیف

سیّدنا غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

بحکم و اجازت

سلطان العاشقین خادم سلطان الفقر حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس

مترجم: احسن علی سروری قادری

سِرّ الاسرار (اُردو ترجمہ مع عربی متن)
تصنیفِ لطیف
سیّدنا غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

سلطان الفقر

نام کتاب — سرّ الاسرار (اُردو ترجمہ مع عربی متن)

تصنیفِ لطیف — سیّدنا غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

مترجم — احسن علی سروری قادری

ناشر — سُلطان الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

بارِ اوّل — فروری 2014ء

بارِ دوم — نومبر 2016ء

تعداد — 500

ISBN: 978-969-9795-53-4

سُلطان الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

سُلطان الفقر ہاؤس

4-5/A ۔ ایکسٹینشن ایجوکیشن ٹاؤن وحدت روڈ ڈاکخانہ منصورہ لاہور۔ پوسٹل کوڈ 54790

Ph: 042-35436600, 0322-4722766
www.sultan-bahoo.com
www.sultan-ul-arifeen.com
www.sultan-ul-faqr-publications.com
E-mail: sultanulfaqr@tehreekdawatefaqr.com

انتساب

مرشد کامل اکمل جامع نور الہدیٰ

سلطان العاشقین، خادم سلطان الفقر

حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

کے نام

جن کی مہربانی اور شفقت اور محبت کے بغیر

میں کچھ بھی نہیں

فہرس

پیش لفظ

اللہ تبارک وتعالیٰ کے نام سے شروع جو تمام کائنات کا پالنے والا ہے۔ جس کی شان اس قدر بلند ہے کہ عقل وفہم سے ماوراء ہے، جس نے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے اور جو پوشیدہ ہو کر بھی ہر چیز میں عیاں ہے اور عیاں ہو کر بھی غافلین سے پوشیدہ ہے۔

لاکھوں کروڑوں درود وسلام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ مقدس ومعطر ومطہر ومنور پر، جو مظہرِ ذاتِ حق اور وجہ، وجودِ کائنات اور حسنِ کائنات ہیں اور اہلِ بیتؓ اور صحابہ کرامؓ پر جو آفتاب و ماہتابِ دوجہاں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ اقدس کی ہی خوبصورت اور روشن کرنیں ہیں جن سے یہ کائنات منور ہے۔ لاکھوں سلام ہوں اولیاء کرام کے امام غوثِ صمدانی، قطبِ زمانی، محبوبِ سبحانی شیخ محی الدین سیّدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ پر، جن کا قدم مبارک تمام غوث و قطب کی گردن پر ہے اور جو نائبِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور سلطان الفقر ہیں۔

سیّدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہٗ کا ظہور اس عالمِ رنگ وبو میں اس وقت ہوا جب ہر طرف فرقہ پرستی اور گمراہی عام ہو چکی تھی اور دینِ اسلام انتشار کا شکار ہو چکا تھا۔ باطل فرقوں نے مسلمانوں کو ذہنی انتشار میں مبتلا کر رکھا تھا اور مسلمان دینِ اسلام کی حقیقی روح سے اتنے ہی ناواقف تھے جتنے غیر مسلم۔ سیّدنا غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ نے اپنے خطبات، الہامی مواعظِ حسنہ اور کتب سے نہ صرف مسلمانوں کی رہنمائی فرمائی بلکہ آپ رضی اللہ عنہٗ کی تصانیف

سے مردہ قلوب کو حیاتِ نو ملتی ہے۔ عقیدت اور اعتقاد سے ان تعلیمات کو پڑھنے اور ان پر عمل کرنے والوں پر معرفت و حقیقت کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں اور راہِ سلوک میں حضور غوث الاعظمؓ خود ان کی رہنمائی فرماتے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہٗ کی مشہور تصانیف میں سرّ الاسرار، فتوح الغیب، الرسالۃ الغوثیہ، الفتح الربانی، غنیۃ الطالبین اور دیوان غوث الاعظمؓ عام دستیاب ہیں۔

''سرّ الاسرار'' یعنی ''رازوں کے راز''۔ آپ رضی اللہ عنہٗ کی یہ کتاب واقعی اسرارِ الٰہی کا مجموعہ ہے اور معرفتِ حق تعالیٰ کے اسرار سے لبریز ہے جس میں فقر کی حقیقی تعلیمات کو بیان کیا گیا ہے۔ حضور غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ نے اپنی اس تصنیفِ مبارکہ میں کل چوبیس (24) فصلیں تحریر فرمائی ہیں جن میں 110 سے زائد موضوعات کو ہر دو ظاہری و باطنی پہلوؤں سے بیان فرمایا۔ اندازِ تحریر انتہائی مختصر مگر جامع ہے۔ ایک طالبِ مولیٰ کو راہِ فقر (راہِ معرفت و وصالِ الٰہی) میں پیش آنے والے ہر مقام اور گمراہ کرنے والی ہر مشکل اور اس کے حل کو بیان فرمایا۔

تیئسویں فصل میں آپ رضی اللہ عنہٗ نے اہل تصوف ہونے کا دعویٰ کرنے والے گمراہ فرقوں کی اقسام، نظریات، علامات اور اشکال کو بیان فرمایا ہے۔ جیسے حالات اُس وقت تھے ویسی ہی صورتحال آج دینِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو درپیش ہے جہاں ایک طرف تو دینِ اسلام کے ظاہری پہلو کو علماءِ سُو کے اختلافات اور نظریات نے اور باطنی پہلو کو موروثی سجادہ نشینوں، نسبی گدی نشینوں اور جعلی پیروں نے مبتلائے فتنہ کر رکھا ہے اور دوسری طرف عوام الناس میں طلبِ دنیا خطرناک حد سے بھی تجاوز کر چکی ہے۔ غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ نے ایسے اہلِ تصوف کی پیروی کی بجائے اُس ولیٔ واصل کی اطاعت و پیروی کا حکم فرمایا ہے جسے اللہ تعالیٰ کے حکم اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وساطت سے ناقصوں کو کامل بنانے کے لیے بھیجا گیا ہو اور جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طریقہ تزکیۂ نفس و تصفیہ قلب کی راہ جانتا ہو۔ ایسے فقیرِ کامل کو آپ رضی اللہ عنہٗ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وارثِ کامل اور مرشد کامل کی حقیقی اولاد قرار دیا ہے۔

میرے مرشد پاک خادم سلطان الفقر حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس نے

طالبانِ مولیٰ کی باطنی ضرورت کے پیشِ نظر اور دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق اس تصنیفِ لطیف میں بیان کردہ تعلیمات کی روح کو برقرار رکھتے ہوئے آسان اردو ترجمہ کا حکم فرمایا کیونکہ مارکیٹ میں دستیاب تراجم آسان فہم نہیں اور نہ ہی وہ سیّدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہٗ کی تعلیمات کا مفہوم اور اُس کی روح کو واضح کر پاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں مرشد پاک حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس نے اپنی لائبریری سے سرّ الاسرار کے دو نسخے عربی متن مع ترجمہ عنایت فرمائے اور مزید تحقیق کا حکم بھی صادر فرمایا۔

❁ پہلا نسخہ غوثیہ کتب خانہ بیرون شاہ عالم گیٹ لاہور کا شائع کردہ بارِ دوم ہے جس کی تاریخِ اشاعت محرم الحرام 1401ھ (1980ء) ہے اور اس کے مترجم حافظ برکت علی قادریؒ ہیں۔ کتاب کے پیش لفظ میں یہ بات واضح کی گئی ہے کہ سرّ الاسرار کا یہ عربی نسخہ بغداد میں سیّدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہٗ کی اولاد پاک کی تحویل میں چلا آرہا تھا اور اردو ترجمہ کے ساتھ اشاعت سے محروم تھا جو حافظ برکت علی قادریؒ کو سیّدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہٗ کی اولاد سے بوجہ عقیدت و محبت تحفہ میں ملا تاکہ اس کی اشاعت کی جائے۔ اس کتاب میں ایک صفحہ پر اصل عربی متن اور دوسرے صفحہ پر اُس کا ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ کتاب کا ترجمہ دوسرے تراجم سے بہت بہتر ہے۔

❁ دوسرا نسخہ عربی متن مع اردو ترجمہ مکتبہ العارفین لاہور کا شائع کردہ ہے جس کے مترجم سید امیر خاں نیازی مرحوم ہیں۔ اس کتاب میں بھی ایک صفحہ پر عربی متن اور دوسرے صفحہ پر ترجمہ کیا گیا ہے۔ سید امیر خان نیازی صاحب نے کتاب کے پیش لفظ میں یہ بات بالکل بھی واضح نہیں کی کہ کتاب کے ترجمہ کے لیے انہوں نے عربی متن کہاں سے حاصل کیا۔ جب اس کتاب کے عربی متن کو غوثیہ کتب خانہ کے شائع کردہ نسخہ سے ملایا گیا تو سوائے املا کی کچھ غلطیوں کے حرف بہ حرف وہی نسخہ ہے۔ میرے مرشد خادم سلطان الفقر حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس سے اس بات کی تصدیق بھی ہوگئی کہ یہی نسخہ انہوں نے سید امیر خان نیازی مرحوم کو بھی دیا تھا جس کی عربی کو بنیاد بنا کر انہوں نے ''سرّ الاسرار'' کا ترجمہ کیا۔ اور اس کا بارِ اوّل خادم سلطان الفقر

حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کے زیرِ نگرانی اور سلطان الفقر ششم حضرت سخی سلطان محمد اصغر علی رحمتہ اللہ علیہ کی حیاتِ مبارکہ میں ہی مکتبہ العارفین 4/A ایکسٹینشن ایجوکیشن ٹاؤن وحدت روڈ لاہور سے ستمبر 2003ء میں شائع ہوا اور اس میں آپ مدظلہ الاقدس نے ''تقریظِ جمیل'' بھی تحریر فرمایا تھا جو بعد کے ایڈیشنوں میں کسی اور کے نام سے شائع ہوتا رہا۔

❁ عربی متن کی تلاش کے دوران جامع الازہر مصر کا مطبوعہ ایک نسخہ دستیاب ہوا جو جمادی الثانی 1374 ہجری میں شائع ہوا اور اس کو سیّد عبدالرحمٰن محمد ملتزم نے مرتب کیا ہے۔ جب اس مصری نسخہ کا بغدادی نسخہ سے تقابلی موازنہ کیا گیا تو دونوں میں کچھ خاص فرق نہ پایا گیا سوائے اس کے کہ مصری نسخہ میں کہیں کہیں مختلف اولیاء کرام کے فارسی اشعار کا اضافہ کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ ایک دو لفظی غلطیوں کے علاوہ باقی متن بالکل بغدادی نسخہ جیسا ہے۔

❁ مارکیٹ میں دستیاب اردو تراجم میں ایک ترجمہ زاویہ پبلیشرز دربار مارکیٹ لاہور کا شائع کردہ ہے جس کے مترجم ظفر اقبال کلیار صاحب ہیں۔ یہ کتاب کا بارِ اوّل ہے اور سنِ اشاعت 2012ء ہے۔اس ترجمہ کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ ترجمہ بہت ہی مشکل انداز میں کیا گیا ہے بہت سی جگہوں پر عربی متن کا ترجمہ کیا ہی نہیں گیا۔

❁ ایک اور ترجمہ قادری رضوی کتب خانہ لاہور کا شائع کردہ ہے جس کے مترجم محمد منشا تابش ہیں۔ منشا صاحب نے کتاب کے ترجمہ کے دوران اپنی طرف سے مختلف مقامات پر بطور شاعر اپنے اشعار کا استعمال کیا ہے۔

میں نے ترجمہ کرنے کے لیے بغدادی نسخہ کو بنیاد بنایا ہے۔ ترجمہ کے دوران میرے مرشد کریم خادم سلطان الفقر حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی ظاہری و باطنی مدد میرے شاملِ حال رہی اور ترجمہ کے دوران جس جس مقام پر مجھے مشکل پیش آئی میں نے آپ مدظلہ الاقدس سے رابطہ کیا تو آپ مدظلہ الاقدس نے نہایت شفقت سے اُس موضوع کو نہ صرف سرّ الاسرار بلکہ حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہٗ کی دیگر تصنیفات کے حوالہ جات کے ذریعے بھی

تفصیلاً بیان فرمایا تا کہ اس عاجز کو تعلیماتِ غوث الاعظم رضی اللہ عنہٗ کے حقیقی مفہوم کو سمجھ کر ترجمہ کرنے میں مدد مل سکے۔ میں اپنے مرشد کریم حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کا نہایت شکرگزار ہوں کہ جن کی مہربانی سے میں اس لائق ہوا کہ ترجمہ آسان فہم اور عربی متن کی روح کو برقرار رکھتے ہوئے کرسکوں۔ مشکل اور شرح طلب الفاظ اور اصطلاحات کی وضاحت جو میں نے اپنے مرشد کریم سے مختلف اوقات میں سنی اور سمجھی، حواشی میں کردی گئی ہے۔

دنیا میں تراجم کے لیے تین طریقہ کار اختیار کیے جاتے ہیں۔ اوّل اصل متن کے بغیر ترجمہ شائع کر دیا جاتا ہے۔ اس میں ایک فائدہ یہ ہے کہ ضخامت کم ہونے سے کتاب کی قیمت کم رہتی ہے اور نقصان یہ ہے کہ اصل متن کی غیر موجودگی میں قاری کے ذہن میں یہ خدشہ موجود رہتا ہے کہ ترجمہ اصل متن کے مطابق ہے یا مترجم نے اپنی طرف سے کچھ ردّ و بدل تو نہیں کیا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک صفحہ پر اصل متن اور اس کے مقابل صفحہ پر ترجمہ شائع کیا جاتا ہے۔ اس میں مسئلہ یہ پیش آتا ہے کہ قاری کو مطالعہ کی روانی میں دقت محسوس ہوتی ہے۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ مکمل ترجمہ شائع کرنے کے بعد تصدیق و موازنہ کے لیے آخر میں اصل متن شائع کر دیا جاتا ہے۔ میں نے تیسرے طریقہ کو بہتر سمجھا ہے۔ ترجمہ کے اختتام پر سرّالاسرار کا اصل عربی متن اہلِ علم اور اہلِ تحقیق حضرات کے لیے شائع کیا گیا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ میری اس کاوش کو قبول فرمائے۔ آمین

خاکسار

احسن علی سروری قادری

سِرّ الاسرار

(اُردو ترجمہ)

اللہ ہی کے لیے ہیں سب تعریفیں جو قدرت والا، (ہر چیز کا) جاننے والا، بنانے والا، حکمت والا، بن مانگے عطا کرنے والا، کرم فرمانے والا، پالنے والا اور بہت زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔ ذکرِ حکیم اور عظمت والے قرآن کا اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل کرنے والا ہے کہ جنہیں قوت والے دین اور صراطِ مستقیم کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ اور درود وسلام ہو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو خاتم الرسالت اور گمراہوں کے لیے ہدایت ہیں جنہیں تمام (آسمانی) کتابوں سے افضل (عظمت وفضیلت والی) کتاب کے ساتھ تمام رسولوں پر شرف حاصل ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نبی، اُمی، عربی اور امین ہیں۔ کثرت سے درود وسلام ہو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آلِ اطہارؓ پر جو ہدایت کے طالبوں کے لیے ہدایت (کی شمع) ہیں اور درود وسلام ہو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اصحابؓ پر جو نہایت بزرگ اور منتخب شدہ ہیں۔

اس کے بعد غوثِ اعظم، قطبِ ربانی، ہیکلِ صمدانی، قندیلِ نورانی، سلطان الاولیاء و عارفین، برہان الاصفیاء وواصلین، اللہ پاک کے شہبازِ اشہب[1] ہمارے مولا وسردار اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ہمارے رہنما، اعلیٰ حسب ونسب اور شرافت والے سیّد شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی الحسنی والحسینی قدس اللہ سرہٗ العزیز ہیں (اللہ تبارک وتعالیٰ آپؓ کی قبرِ اقدس کو منور فرمائے)

---

[1] بلند پرواز کرنے والے

جن کا سلسلہ نسب یوں ہے: غوث الاعظم سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی بن امام سیّد ابی صالح موسیٰ جنگی دوست بن امام سیّد عبداللہ بن امام سیّد یحییٰ زاہد بن امام سیّد محمد بن امام سیّد داوٗد بن امام سیّد موسیٰ بن امام سیّد عبداللہ بن امام سیّد موسیٰ الجون بن امام سیّد عبداللہ المحض بن امام سیّد حسن المثنیٰ بن امام سیّدنا حسن السبط بن سیّدنا و مولینا امیر المومنین ابی الحسنین امام سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اجمعین۔ سیّدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؓ کا سلسلہ نسب والدہ محترمہ کی طرف سے اس طرح سے ہے: سیّد شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ النورانی بن سیّدہ ام الخیر امۃ الجبار فاطمہ بنتِ سیّد عبداللہ صومعیؒ زاہد بن سیّد ابی جمال الدین محمد بن سیّد محمود بن سیّد ابی العطاء عبداللہ بن سیّد کمال الدین عیسیٰ بن سیّد امام ابی علاوٗ الدین محمد الجواد بن سیّد امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن امام زین العابدین علی بن حسین (شہیدِ کربلا) بن امام امیر المومنین سیّدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اجمعین۔

(فرماتے ہیں کہ) علم بزرگی والا وصف، بلند مرتبہ، فخر کے لائق اور نفع بخش تجارت ہے کیونکہ یہ توحیدِ ربّ العالمین تک پہنچنے کا ذریعہ اور اس کے نبیوں اور رسولوں (صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین) کی تصدیق کرنے کا وسیلہ ہے۔ علما (علماءِ ربانی) اللہ تعالیٰ کے ان خاص بندوں میں سے ہیں جنہیں اس (اللہ) نے اپنے دین کی ترویج اور سربلندی کے لیے چن لیا اور اپنے فضل سے مزید ہدایت فرمائی اور انہیں دوسروں پر فضیلت عطا فرمائی اور وہ انبیاء کرام کے وارث اور ان کے خلفاء (نائبین) ہیں اور رسولوں کے محرمِ راز اور ان کی حقیقی معرفت حاصل کرنے والے ہیں جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

۞ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَ مِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ (اَیِ الَّذِیْنَ سَیِّئَاتُهُمْ مَعَ الْحَسَنَاتِ سَوَاءٌ) وَ مِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَیْرٰتِ (الفاطر-32)

ترجمہ: پس ہم نے اپنے بندوں میں سے چنے ہوئے خاص بندوں کو کتابِ (مبین) کا وارث

بنایا۔ اُن میں سے بعض اپنے نفس کے لیے ظالم ہیں اور بعض درمیانہ چال چلنے والے ہیں (یعنی وہ لوگ جن کے گناہ اور نیکیاں برابر ہیں) اور ان میں سے بعض نیکیوں میں بڑھ جانے والے ہیں۔

جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَآءِ بِالْعِلْمِ وَ یُحِبُّھُمْ اَھْلُ السَّمَآءِ وَیَسْتَغْفِرُ لَھُمُ الْحِیْتَانُ فِی الْبِحَارِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ

ترجمہ: علما (علماءِ حق) علم (علمِ باطن) کے باعث انبیاء کے وارث ہیں اور آسمان والے اُن سے محبت کرتے ہیں اور سمندروں میں موجود مچھلیاں قیامت تک اُن کے لیے مغفرت طلب کرتی رہیں گی۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

❁ اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا (الفاطر-28)

ترجمہ: بے شک اُس (اللہ) کے بندوں میں سے صرف علما (علماءِ ربانی) ہی اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ یَبْعَثُ اللّٰہُ الْخَلْقَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ثُمَّ یُمَیِّزُ الْعُلَمَآءَ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا مَعْشَرَ الْعُلَمَآءِ اِنِّیْ لَمْ اَضَعْ عِلْمِیْ فِیْکُمْ اِلَّا لِعِلْمِیْ بِکُمْ وَ لَمْ اَضَعْہُ فِیْکُمْ لَا اُعَذِّبُکُمْ اِنْطَلِقُوْا اِلَی الْجَنَّۃِ فَقَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ

ترجمہ: روزِ قیامت جب اللہ مخلوق کو اٹھائے گا تو علماءِ ربانی کی جماعت کو الگ کر دے گا۔ پس اللہ تبارک وتعالیٰ ان سے فرمائے گا اے علما کے گروہ! بے شک میں نے اپنا علم (علمِ معرفت) جو تمہیں عطا کیا وہ تمہارے ہی لیے تھا سو میں نے وہ علم تمہیں دے کر ضائع نہیں کیا۔ لہٰذا تمہارے لیے کوئی عذاب نہیں۔ جنت کی طرف جاؤ پس میں نے تم لوگوں کی مغفرت فرما دی۔

سب تعریفیں اللہ ربّ العزت کے لیے ہی ہیں جو ہر لحاظ سے تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ جس

نے درجات کو عابدوں کے لیے اور اپنے قرب کے مراتب کو عارفین کے لیے محفوظ فرمایا۔ بعض طالبانِ حق نے ہم (سیدنا غوث الاعظمؓ) سے درخواست کی کہ ان کے لیے ایک ایسی جامع کتاب تیار کریں جو اُن کے لیے (راہِ فقر کے ہر مقام کے لیے) کافی اور بھرپور ہو۔ پس طالبانِ مولیٰ کی طلب اور ضرورت کے مطابق یہ جامع کتاب تیار کی جو نہ صرف اُن کے لیے بلکہ اُن کے علاوہ دوسرے (بعد کے زمانے میں آنے والے) لوگوں (یعنی طالبانِ مولیٰ) کے لیے بھی کافی اور شافی ہوگی۔ اور اس کو ''سرّ الاسرار فیما یحتاج الیہ الابرار'' کا نام دیا جس میں شریعت، طریقت اور حقیقت کے اُن رازوں کا تذکرہ کیا گیا ہے جن کی تلاش میں عموماً لوگ رہتے ہیں۔ اور یہ رسالہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے 24 حروف اور رات دن کے چوبیس گھنٹوں کی تعداد کے مطابق ایک مقدمہ اور چوبیس فصلوں پر مشتمل ہے۔

مقدمہ میں مخلوق کی ابتدا کو بیان کیا گیا ہے اور فصلوں میں سے پہلی فصل انسان کے اپنے اصلی حقیقی وطن (یعنی عالمِ لاھوت) کی طرف لوٹنے کا بیان ہے۔ دوسری فصل انسان کے اسفل سافلین کی طرف پھیرے جانے کا بیان ہے۔ تیسری فصل میں روحوں کے اجسام میں تصرف کو بیان کیا گیا ہے۔ چوتھی فصل میں علوم کی تعداد کو بیان کیا گیا ہے۔ پانچویں فصل توبہ و تلقین کے بیان کے حوالے سے ہے۔ چھٹی فصل اہلِ تصوف کے بیان میں ہے۔ ساتویں فصل اذکار کے بیان میں ہے۔ آٹھویں فصل ذکر کی شرائط کے متعلق ہے۔ نویں فصل دیدارِ حق تعالیٰ کے بیان میں ہے۔ دسویں فصل میں ظلمت اور نورانیت کے حجابات کو بیان کیا گیا ہے۔ گیارہویں فصل سعادت اور شقاوت (نیک بختی اور بدبختی) کے حوالے سے ہے۔ بارہویں فصل فقرا کے متعلق ہے۔ تیرھویں فصل طہارتِ شریعت اور طہارتِ طریقت کے بارے میں ہے۔ چودھویں فصل میں نمازِ شریعت اور نمازِ طریقت کے بارے میں ہے۔ پندرھویں فصل عالمِ تجرید میں طہارتِ معرفت سے متعلق ہے۔ سولہویں فصل زکوٰۃِ شریعت اور زکوٰۃِ طریقت کے حوالے سے ہے۔ ستارھویں فصل روزۂ شریعت اور روزۂ طریقت کے متعلق ہے۔ اٹھارویں فصل حجِ شریعت اور حجِ طریقت کے متعلق

ہے۔انیسویں فصل وجد اور صفائی قلب کے بیان میں ہے۔بیسویں فصل خلوت اور گوشہ نشینی کے متعلق اور اکیسویں فصل خلوت (گوشہ نشینی) کے اذکار کے بارے میں ہے اور بائیسویں فصل نیند اور اونگھ میں پیش آنے والے واقعات کے متعلق ہے۔تیئیسویں فصل اہلِ تصوف کے متعلق ہے اور چوبیسویں فصل خاتمہ بالایمان کے بارے میں ہے اور میری توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے۔اسی پر میرا توکل ہے اور اسی کی طرف (ہر مشکل میں) رجوع کرتا ہوں۔

مقدمہ
خلق کی ابتدا کے بیان میں

اللہ تجھے اس بات کو جاننے کی توفیق عطا فرمائے جو اُس کو پسند ہے اور جو اُس کی رضا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے نورِ جمال سے سب سے پہلے روحِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیدا فرمایا جیسا کہ اللہ پاک فرماتا ہے:

❁ خَلَقْتُ رُوْحَ مُحَمَّدٍ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مِنْ نُّوْرِ وَجْھِیْ

ترجمہ: روحِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو میں نے اپنے چہرے کے نور سے پیدا فرمایا۔

جیسا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

❁ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ رُوْحِیْ

ترجمہ: سب سے پہلے اللہ تبارک وتعالیٰ نے میری روح کو پیدا فرمایا۔

❁ وَ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ

ترجمہ: اور سب سے پہلے اللہ تبارک وتعالیٰ نے میرے نور کو پیدا فرمایا۔

❁ وَ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْقَلَمَ

ترجمہ: اور سب سے پہلے اللہ تبارک وتعالیٰ نے قلم کو پیدا فرمایا۔

❁ وَ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلَ

ترجمہ: اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے سب سے پہلے عقل کو پیدا فرمایا۔

پس ان سب سے مراد ایک ہی شے ہے اور وہ ہے حقیقتِ محمدیہ۔ اسے نور اس لیے کہا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ مبارکہ ظلماتِ جلالیہ (جلالی صفات) سے پاک ہے (یعنی آپ سراپا جمال ہیں) جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ O (المائدہ۔15)

ترجمہ: پس اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس ایک نور اور ایک کتابِ مبین[1] آئی۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام عقل اس لیے رکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام علوم کا ادراک رکھتے ہیں اور قلم اس لیے کہا گیا کہ قلم علم کو نقل کرنے کا سبب ہے جیسا کہ عالمِ حروفات میں قلم علم کو نقل (منتقل) کرنے کا سبب ہے[2]۔ پس روحِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام کائنات (عالمِ موجودات) کا خلاصہ اور کائنات کی ابتدا اور اس کی اصل ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے:

❁ اَنَا مِنَ اللّٰهِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ مِنِّیْ

ترجمہ: میں اللہ پاک سے ہوں اور تمام مومنین مجھ سے ہیں۔

اللہ پاک نے تمام ارواح کو حقیقتِ محمدیہ سے عالمِ لاھوت میں احسن وحقیقی صورت میں پیدا فرمایا اور اس عالم میں اُسے ''انسان'' کا نام دیا اور یہی عالم (یعنی عالمِ لاھوت) اُس کا اصلی وطن ہے۔ پس جب (انسانی ارواح کی تخلیق کو) چار ہزار سال گزر گئے تو اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی چشم مبارک کے نور سے عرش کو پیدا فرمایا اور پھر عرش سے باقی کائنات کو پیدا فرمایا۔ جس کے بعد تمام انسانی ارواح کو کائنات کے سب سے نیچے والے طبقے عالمِ اجسام کی طرف منتقل کر دیا

---

[1] نور اور کتاب سے ایک ہی شے مراد ہے اور وہ ہے حقیقتِ محمدیہ جو انسانِ کامل کی صورت میں ہر زمانے میں اُس زمانے کے امام کی صورت میں ظاہری ہوتی ہے۔ [2] کائنات اور اس کی ہر مخلوق ظہور سے پہلے اللہ تعالیٰ کی ذات میں اپنے علمی وجود کی صورت میں موجود تھی جیسے حروف سیاہی میں پوشیدہ ہوتے ہیں اور سیاہی کو پہلے قلم میں منتقل کیا جاتا ہے اور پھر قلم سے حروف کا ظہور ہوتا ہے۔ اسی طرح وہ سب جو سیاہی یعنی علمِ الٰہی میں پوشیدہ تھا وہ سب قلم یعنی حقیقتِ محمدیہ میں بھی پوشیدہ تھا جس سے اس عالم میں مخلوقات کا ظہور ہوا۔

گیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

❁ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ (التین-5)

ترجمہ: پس ہم نے اس (روحِ قدسی) کو اسفل سافلین (سب سے نیچے والے درجہ) کی طرف منتقل کردیا۔

یعنی سب سے پہلے روحِ قدسی کو عالمِ لاھُوت سے عالمِ جبروت میں اتارا۔ جسے اللہ تعالیٰ نے حرمین[1] کے درمیان نورِ جبروت سے روحِ سلطانی کا لباس پہنایا۔ پھر روحِ قدسی کو روحِ سلطانی کے لباس میں عالمِ ملکوت میں اتارا اور نورِ ملکوت کا لباس پہنایا جہاں وہ روحِ روحانی کہلائی۔ پھر عالمِ ملکوت سے عالمِ مُلک کی طرف اُس کا نزول ہوا جہاں اُسے نورِ مُلک کا لباس پہنایا اور یہاں روح (روحِ قدسی) روحِ جسمانی کہلائی۔ پھر اس سے اجسام پیدا فرمائے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا:

❁ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى (طٰہٰ-55)

ترجمہ: ہم نے تمہیں اسی (زمین) سے پیدا کیا اور اسی میں دوبارہ لوٹائیں گے اور اسی میں سے دوسری مرتبہ پھر سے اٹھائیں گے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے ارواح کو اجسام میں داخل ہونے کا حکم فرمایا، پس بحکمِ الٰہی وہ (اجسام میں) داخل ہوگئیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

❁ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ (الحجر-29)

ترجمہ: اور میں نے اس میں اپنی روح پھونکی۔

پس جب ارواح کا اجسام سے تعلق قائم ہوگیا تو وہ اُس عہد کو بھول گئیں جو انہوں نے یومِ میثاق اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ[2] (کے جواب میں) قَالُوْا بَلٰى[3] کہہ کر کیا تھا۔ پس وہ اپنے اصلی وطن (عالمِ لاھُوت) کو بھول گئیں۔ پس اللہ رحمٰن نے اُن پر رحم فرماتے ہوئے ان کی مدد کی اور آسمانی کتابیں

---

[1] عالمِ لاھوت اور عالمِ جبروت [2] کیا میں تمہارا رب نہیں؟ [3] انہوں نے کہا ”بے شک“

نازل فرمائیں تا کہ وہ ان سے رہنمائی لیتے ہوئے اپنے اصلی وطن کو یاد رکھیں جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا:

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ط (ابراہیم-5)

ترجمہ: اور یاد دلائیں اُن کو اللہ کے (ساتھ گزرے) دن۔

یعنی اللہ کے وصال میں گزرے دن جو وہ ارواح کی صورت میں گزار چکے تھے۔ پس تمام انبیاء کرامؑ دنیا میں تشریف لائے اور اُنہیں اس عہد کی یاد دہانی کرواتے ہوئے واپس آخرت کی طرف لوٹ گئے۔ لیکن بہت ہی کم لوگوں نے اُن کی بات سنی اور اُن کی طرف مائل ہوئے اور بہت کم لوگوں میں اپنے اصلی وطن تک پہنچنے کے لیے شوق پیدا ہوا۔ یہاں تک کہ نبوت کا سلسلہ روحِ اعظم یعنی خاتم الرسالت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک پہنچا جو گمراہی میں مبتلا لوگوں کے لیے ہادی ہیں، جنہیں غافل لوگوں کے لیے (اللہ تبارک وتعالیٰ نے) رسول بنا کر بھیجا تا کہ وہ انہیں غفلت کی نیند سے جگا کر اُن کو بصیرت عطا کریں اور لوگوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ کے وصال اور دیدار اور اس کے ازلی جمال کی طرف بلائیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣعَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ط (یوسف-108)

ترجمہ: (آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) فرما دیں میرا راستہ یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ (کے قرب) کی دعوت دیتا ہوں اور میں اور میری اتباع کرنے والے صاحبِ بصیرت ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ بِاَیِّهِمْ اقْتَدَیْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ

ترجمہ: میرے صحابہؓ ستاروں کی مانند ہیں اُن میں سے تم جس کی اتباع کرو گے ہدایت پاؤ گے۔

بصیرت روح کی آنکھ ہے جو اولیاء اللہ کے لیے مقامِ قلب (فواد) میں کھلتی ہے اور یہ ظاہری علم (کے پڑھنے) سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ باطنی علمِ لدنی[1] سے حاصل ہوتی ہے جیسا کہ اللہ تبارک و

---

[1] وہ علم جو مرشد کامل اکمل بذریعہ وھم اور الہام طالبانِ مولیٰ کے قلوب میں اتارتا ہے۔

تعالیٰ نے فرمایا:

وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا O (الکہف۔65)

ترجمہ: اور ہم نے اسے علمِ لدنی تعلیم کیا (سکھایا)۔

پس انسان پر واجب ہے کہ عالمِ لاھوت سے باخبر مرشد کی تلقین سے اہلِ بصیرت کی یہ آنکھ حاصل کرے۔ پس اے بھائیو! خبردار رہو اور اپنے ربّ سے توبہ کے ذریعے بخشش طلب کرتے رہو جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے (قرآنِ پاک میں) ارشاد فرمایا:

وَسَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ O (آلِ عمران۔133)

ترجمہ: اور تم اپنے رب سے مغفرت طلب کرتے رہو اور وہ جنت جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین (کی چوڑائی) سے بھی زیادہ ہے اور جو متقین کے لیے تیار کی گئی ہے۔

طریقت کا راستہ اپناؤ اور روحانی قافلوں کے ساتھ اپنے ربّ کی طرف رجوع کرو۔ پس قریب ہے (وہ وقت) کہ (اللہ کے قرب کی طرف جانے والے) راستے منقطع کر دیئے جائیں گے[1] اور تمہیں اُس عالم کی جانب کوئی رفیق (مرشد) نہ ملے گا۔ اور ہم برباد ہونے والی دنیا میں ہمیشہ رہنے کے لیے نہیں آئے اور نہ ہی صرف کھانے پینے کے لیے آئے ہیں بلکہ نفس خبیث کی خواہشات کو ختم کرنے آئے ہیں۔ پس تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمہارے منتظر ہیں اور تمہارے لیے غمگین ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

غَمِّیْ لِاَجْلِ اُمَّتِیْ الَّذِیْ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ

ترجمہ: میں آخری زمانہ میں آنے والے اپنے امتیوں کے لیے غمگین ہوں۔

---

[1] یعنی طالب کا وقتِ آخر آ جائے گا اور اس فانی دنیا میں اس کا وقتِ زندگی ختم ہو جائے گا جس کے ساتھ ہی انسان کو دی گئی مہلت بھی ختم ہو جائے گی۔

علم

ہم پر نازل ہونے والا علم دو قسم کا ہے۔ ایک علمِ ظاہر اور دوسرا علمِ باطن یعنی علمِ شریعت اور علمِ معرفت۔ شریعت کا حکم ہمارے ظاہر پر ہے اور معرفت کا حکم ہمارے باطن پر۔ ان دونوں علوم کے جمع ہو جانے کا نتیجہ علمِ حقیقت ہے جیسا کہ درخت اور پتوں کے ملنے سے پھل حاصل ہوتا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

❁ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ O بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ (الرحمن۔ 20-19)

ترجمہ: دو سمندر اُس (اللہ) نے اس طرح بہائے کہ باہم ایک نظر آتے ہیں لیکن اُن کے درمیان ایک حد ہے جس سے وہ مل نہیں پاتے۔

صرف علمِ ظاہر سے حقیقت کو حاصل نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی مقصود (اللہ تعالیٰ) کا وصال حاصل ہو سکتا ہے پس کامل عبادت وہ ہے جس میں دونوں علوم (علمِ ظاہر و علمِ حقیقت) جمع ہیں جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

❁ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (الذاریات۔ 56)

ترجمہ: اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا فرمایا۔

یعنی اپنی معرفت کے لیے پیدا فرمایا۔ پس جو اللہ تبارک و تعالیٰ کو پہچانتا ہی نہیں وہ اس کی عبادت کیونکر کر سکتا ہے۔ پس (اللہ تعالیٰ کی) معرفت تصفیہ کے ذریعے قلب کے آئینہ سے نفس کے حجاب کو دور کرنے سے حاصل ہوتی ہے جس کے بعد (طالب کو) قلب کی گہرائی میں مقامِ سرّ میں پوشیدہ حسنِ ازلی کے خزانے (اللہ تعالیٰ) کا مشاہدہ حاصل ہوتا ہے جیسا کہ حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

❁ كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِكَيْ اُعْرَفَ

ترجمہ: میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا پس میں نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں تو میں نے مخلوق کو پیدا فرمایا تا کہ وہ مجھے پہچانے۔

پس اس حدیث سے یہ واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی پہچان کے لیے پیدا فرمایا ہے۔

معرفت

معرفت دو طرح کی ہوتی ہے۔ معرفتِ صفاتِ الٰہی اور معرفتِ ذاتِ الٰہی۔ معرفتِ صفات دونوں جہان میں جسم کا حصہ ہے اور معرفتِ ذات آخرت (عالمِ لاھوت) میں روحِ قدسی کا حصہ ہے[1] جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

❁ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ (البقرہ-87)

ترجمہ: اور ہم نے اس کی مدد روحِ قدسی سے کی۔

یعنی روحِ قدسی کے ذریعے ان کی مدد کی جاتی ہے (تا کہ وہ اللہ کا دیدار کر سکیں)۔

دونوں قسم کی معرفتیں دو طرح کے علوم کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں یعنی علمِ ظاہر اور علمِ باطن، جن کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے جیسا کہ حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے:

❁ اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ عِلْمٌ بِاللِّسَانِ وَ ذٰلِكَ حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهٖ وَ عِلْمٌ بِالْجِنَانِ فَذَالِكَ الْعِلْمُ النَّافِعُ لِحُصُوْلِ الْمَقْصُوْدِ

ترجمہ: علم دو طرح کا ہے۔ ایک وہ علم جس کا تعلق زبان سے ہے اور یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اپنے بندوں پر حجت ہے اور دوسرا علم وہ ہے جس کا تعلق قلب (باطن) سے ہے اور یہی نفع بخش اور مقصود (ذاتِ حق تعالیٰ کی معرفت) حاصل کرنے میں فائدہ مند ہے۔

---

[1] اللہ تبارک وتعالیٰ کی صفات کی معرفت تو عالمِ موجودات میں ہی ممکن ہے جہاں ہر چیز اللہ کی صفات کی مظہر ہے لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ کے چہرے اور ذات کی معرفت بشریت (عالمِ موجودات) سے نکل کر عالمِ لاھوت تک پہنچ جانے پر روحِ قدسی ہی کر سکتی ہے۔

سب سے پہلے انسان کے لیے علمِ شریعت ضروری ہے تاکہ بدن عالمِ معرفتِ صفات میں معرفت حاصل کر سکے اور وہ درجات[1] ہیں۔ اس کے بعد علمِ باطن ہے جس کے ذریعے روح (روحِ قدسی) عالمِ معرفت میں ذاتِ حق تعالیٰ کی معرفت حاصل کرتی ہے اور یہ اُس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتی جب تک شریعت و طریقت کی مخالف رسومات کو ترک نہ کیا جائے اور اس کے حصول کے لیے بغیر دکھاوے اور نمائش کے' صرف اللہ تبارک و تعالیٰ کی رضا کے لیے نفسانی و روحانی مشقتیں (مجاہدہ نفس و قلب) برداشت کی جائیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ○

(الکہف-110)

ترجمہ: پس جو اپنے ربّ کے دیدار (اور ملاقات) کا طلبگار رہے اُسے چاہیے نیک اعمال کرے[2] اور اپنے واحد ربّ کی بندگی (اور اطاعت) میں کسی دوسرے کو شریک نہ ٹھہرائے۔

عالمِ معرفت عالمِ لاھُوت ہے اور وہی (انسان کا) اصلی وطن ہے جس کا ذکر پہلے بھی کیا جا چکا ہے جہاں روحِ قدسی کو عمدہ و بہترین صورت میں ڈھالا گیا۔ اس سے مراد ہے کہ روحِ قدسی ہی حقیقی انسان ہے جو قلب (باطن) کی گہرائی میں (پوشیدہ) ہے اور اس کے وجود کا اظہار ابتدائی طور پر توبہ و تلقین اور کلمہ طیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے زبانی ذکر سے ہے اور قلب کے زندہ ہو جانے پر دل کی زبان سے (ذکر جاری ہو جانے پر) ہے۔ اہلِ تصوف (صوفیاء کرام) نے اسے طفلِ معانی[3] کا نام دیا ہے کیونکہ اس کا تعلق معنویاتِ قدسیہ[4] سے ہے اور اسے طفلِ معانی ان خصوصیات کی بنا پر کہا گیا ہے کہ:

1۔ یہ قلب سے پیدا ہوتا ہے جیسے بچہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے اور اس کی پرورش باپ کرتا

---

[1] یعنی صفات کی معرفت سے انسان کو مقامات و مراتب ہی حاصل ہوتے ہیں اللہ تبارک و تعالیٰ کا قرب نہیں۔

[2] یہاں نیک اعمال سے مراد ظاہری بے روح عبادات نہیں بلکہ اللہ، اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور صاحبِ امر (مرشد کامل) کی ظاہری و باطنی اطاعت ہے۔ [3] روحِ قدسی، انسانِ حقیقی [4] روحِ قدسی کی تفصیل

ہے اور پھر وہ آہستہ آہستہ بلوغت کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔[1]

2۔ جس طرح بچوں کو ظاہری تعلیم دی جاتی ہے اسی طرح اسے بھی علمِ معرفت سکھایا جاتا ہے۔

3۔ جیسے بچہ ظاہری گناہوں کی گندگی سے پاک ہوتا ہے پس یہ (طفلِ معانی یعنی روحِ قدسی) بھی اُسی طرح شرک، غفلت اور بشری صفات (یعنی ظاہری وجود کی ضروریات) سے پاک ہوتا ہے۔

4۔ پاکیزہ صورت (بچوں) کی طرح یہ بھی صاف اور پاکیزہ ہے اور نیند (عالمِ خواب) میں فرشتوں کی مانند نظر آتا ہے۔

5۔ اللہ تعالیٰ نے جنت کے خدمت گاروں کو طفولیت کے وصف سے نوازا ہے جیسا کہ اللہ عزّ وجل نے فرمایا:

❁ یَطُوْفُ عَلَیْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ (الواقعہ۔17)

ترجمہ: ان (اہلِ جنت) کے گرد (نوعمر) لڑکے طواف کریں گے جو ہمیشہ ایسے ہی (نوعمر) رہیں گے۔

❁ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ (طور۔24)

ترجمہ: ان (اہلِ جنت) کے لیے ایسے غلمان (جنت کے کمسن خادم) ہوں گے جیسے چھپے ہوئے موتی۔

6۔ اس (روحِ قدسی) کا یہ نام (یعنی طفلِ معانی) اس کی پاکیزگی اور شفافیت کے باعث ہے۔

7۔ اُس (روحِ قدسی) پر اس اسم (یعنی طفلِ معانی) کا اطلاق جسم کے ساتھ تعلق اور بشری صورت کی بنا پر صرف مجازی طور پر ہے اور یہ اطلاق اس کی عمدہ صورت کی وجہ سے ہے نہ کہ باطنی صفائی کی بنا پر۔

اگر ایک نظر اس (روحِ قدسی) کے ابتدائی حال کی طرف دیکھا جائے تو (پتہ چلتا ہے کہ) وہی اصلی و حقیقی انسان ہے جس کی اللہ کے ساتھ ایک خاص نسبت ہے۔ پس جسم اور بشریت اس سے

---

[1] یعنی مرشد کامل اکمل کی صحبت اور تربیت سے روح قربِ الٰہی میں ترقی کرتی ہے۔

ہرگز محرم نہیں ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُ فِیْہِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ

ترجمہ: اللہ کے ساتھ میرا (قربت کا) ایک وقت ایسا بھی ہے جس میں کسی مقرب فرشتے اور نبی و رسول کی کوئی گنجائش نہیں۔

اس سے مراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بشریت ہے اور مقرب فرشتے سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی روحانیت ہے جسے جبروت کے نور سے پیدا کیا گیا۔ چونکہ فرشتے کو بھی اس (جبروت کے نور) سے پیدا کیا گیا پس وہ نورِ لاھوت میں داخل نہیں ہو سکتا۔[1]

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَنَّ لِلّٰہِ جَنَّۃً لَا فِیْھَا حُوْرٌ وَّلَا قُصُوْرٌ وَّلَا عَسَلٌ وَّلَا لَبَنٌ بَلْ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی وَجْہِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ترجمہ: اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایک جنت ایسی بھی ہے جس میں نہ حوریں ہیں نہ محلات، نہ شہد و دودھ (کی نہریں) بلکہ صرف اللہ تعالیٰ کے چہرے کا دیدار ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وُجُوْہٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَۃٌ ○ (القیامت-22)

ترجمہ: بہت سے چہرے اس (قیامت کے) دن بہت تروتازہ ہوں گے (یعنی انہیں کوئی پریشانی نہ ہوگی وہ بس دیدارِ حق میں مصروف ہوں گے)۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

سَتَرَوْنَ رَبَّکُمْ کَمَا تَرَوْنَ الْقَمَرَ لَیْلَۃَ الْبَدْرِ

ترجمہ: عنقریب تم اپنے ربّ کو اس طرح دیکھو گے جیسے چودھویں رات کے چاند کو (بغیر کسی مشکل

---

[1] یعنی بطور بشریت کوئی نبی بھی اس قرب کے درمیان حائل نہیں ہو سکتا اور نہ ہی عالم جبروت سے لے کر عالم ناسوت تک کی کوئی مخلوق اس قرب کی حقیقت کو سمجھ سکتی ہے۔

اور پریشانی کے) دیکھتے ہو۔

اگر کوئی فرشتہ یا بشری وجود اس عالم میں داخل ہوگا تو فوراً جل کر راکھ ہو جائے گا۔ حدیثِ قدسی میں اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے:

لَوْ کَشَفْتُ سُبُحَاتِ وَجْهِ جَلَالِیْ لَاحْتَرَقَتْ کُلُّ مَا اِنْتَهٰی اِلَیْهِ بَصَرِیْ

ترجمہ: اگر میں اپنے چہرے کے جلال کے انوار سے پردہ ہٹا دوں تو تاحدِ نگاہ ہر چیز جل کر راکھ ہو جائے۔

اسی طرح جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا ''اگر میں ناخن کے برابر بھی آگے بڑھا تو جل جاؤں گا۔''

☆☆☆☆☆

فصل اوّل

انسان کے اپنے اصلی وطن کی طرف لوٹنے کے بیان میں

پس انسان دو طرح کے ہیں جسمانی اور روحانی۔ جسمانی انسان عام انسان ہیں اور روحانی انسان خاص انسان ہیں۔ عام انسان اپنے (اصلی) وطن جو کہ درجات[1] ہیں، کی طرف علمِ شریعت، طریقت اور معرفت (کے احکامات) پر عمل کرنے سے رجوع کرتا ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

❁ اَلْحِکْمَۃُ الْجَامِعَۃُ مَعْرِفَۃُ الْحَقِّ

ترجمہ: جامع (کامل) حکمت حق تعالیٰ کی پہچان اور معرفت ہے۔

(یہ تب حاصل ہوتی ہے) جب اعمال ریاکاری اور نمائش سے پاک ہو کر کیے جائیں۔

درجات کے تین طبقات ہیں:

پہلا طبق (اہلِ) عالمِ ملک[2] (عالمِ ناسوت) کی وہ جنت ہے جسے جنت الماویٰ کہتے ہیں۔

دوسرا طبق (اہلِ) عالمِ ملکوت[3] کی وہ جنت ہے جسے جنت النعیم کہتے ہیں۔

---

[1] عالمِ ناسوت، ملکوت اور جبروت کے مراتب و مقامات [2] اہلِ ناسوت کی جنت سے مراد وہ جنت ہے جو ان لوگوں کے لیے ہے جنہوں نے شریعت کے احکام پر اچھے طریقے سے رضائے الٰہی کے لیے عمل کیا لیکن قربِ الٰہی کی خواہش نہ کی اس لیے عالمِ ناسوت میں ہی قید رہے اور قرب کے اگلے مقامات ملکوت، جبروت اور لاھوت تک رسائی حاصل نہ کی۔ [3] اہلِ عالمِ ملکوت وہ ہیں جنہوں نے زائد عبادات اور ورد و وظائف کے ذریعے ناسوت کی قید سے نجات حاصل کر لی اور ساتھ ساتھ تصوف کے اصولوں کو اپناتے ہوئے خواہشاتِ نفس سے کسی حد تک چھٹکارا حاصل کر لیا۔

تیسرا طبق (اہلِ) عالمِ جبروت[1] کی وہ جنت ہے جسے جنت الفردوس کہتے ہیں۔
یہ نعمتیں جسمانی[2] (اور عام انسان کے لیے) ہیں اور جسم اپنے عالم (ان جنتوں) کی طرف تین علوم علمِ شریعت، طریقت اور معرفت کے بغیر نہیں پہنچ سکتا جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

❀ اَلْحِکْمَۃُ الْجَامِعَۃُ مَعْرِفَۃُ الْحَقِّ وَالْعَمَلُ بِھَا وَمَعْرِفَۃُ الْبَاطِلِ وَتَرْکُہٗ

ترجمہ: جامع حکمت حق تعالیٰ کی معرفت ہے اور اس پر عمل باطل کی پہچان اور اس کو ترک کرنا ہے۔
اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❀ اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اِتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اِجْتِنَابَہٗ

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! ہم پر حق کو حق سے واضح فرما دے اور اپنی اتباع کی توفیق عطا فرما دے اور باطل کو باطل سے واضح کر دے اور اس سے بچنے کی توفیق دے۔
اور جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❀ مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ وَخَالِقَہٗ عَرَفَ رَبَّہٗ وَتَابَعَہٗ

ترجمہ: جو اپنے نفس اور اس کے پیدا کرنے والے کو پہچان لیتا ہے وہ اپنے رب کو پہچان لیتا ہے اور اُس کی اتباع کرتا ہے۔
انسانِ خاص[3] کا رجوع اپنے اصلی وطن قربِ الٰہی کی طرف ہوتا ہے جو وہ علمِ حقیقت کے سبب حاصل کرتا ہے اور یہی عالمِ قربِ لاھوت میں توحید ہے اور یہ حال اسے دنیا کی زندگی میں ہی اپنی

---

[1] اہلِ عالمِ جبروت وہ ہیں جنہوں نے طریقت کے احکام پر عمل کر کے تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب کے لیے جدوجہد کی اور فرشتوں جیسی نورانیت حاصل کر کے عالمِ جبروت تک رسائی حاصل کر لی البتہ قرب کی انتہا یعنی دیدار و لقائے الٰہی تک رسائی حاصل نہ کر سکے۔ جو روحانی خاص انسان کے لیے مخصوص ہے۔ [2] یعنی ان لوگوں کے لیے جو روح کی بجائے جسمانی اعمال میں مصروف رہے اس لیے ان کی روحانیت ان کی جسمانیت پر غالب نہ آسکی۔ [3] جس نے روحانی پاکیزہ اعمال کے ذریعے قربِ الٰہی کے لیے جدوجہد کی جن کے نتیجے میں اس کی روح اس کے جسم اور خواہشات پر غالب آگئی اور اسے عالمِ قرب میں لے گئی۔

اس عادت کے سبب حاصل ہو جاتا ہے جس میں اُس کا سونا اور جاگنا برابر ہوتا ہے۔ بلکہ جب جسم سو جاتا ہے تو قلب بیدار ہو جاتا ہے اور اُسے فرصت مل جاتی ہے۔ پس وہ کُلی یا جزوی طور پر اپنے اصلی وطن (لاھوت) میں پہنچ جاتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِھَا ۚ فَیُمْسِکُ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْھَا الْمَوْتَ وَیُرْسِلُ الْاُخْرٰٓی اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ (الزمر۔42)

ترجمہ: اللہ موت کے وقت جانوں (روحوں) کو قبض کرتا ہے اور جن کی موت کا وقت نہیں آیا اُن کی (روحوں کو) نیند کی حالت میں۔ پس جس کے مرنے کا وقت آ گیا ہو ان (کی روحوں) کو روک لیتا ہے اور دوسری جانوں کو ایک مقررہ وقت تک چھوڑ دیتا ہے۔

اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ نَوْمُ الْعَالِمِ خَیْرٌ مِنْ عِبَادَۃِ الْجَاھِلِ بَعْدَ حَیَاتِ الْقَلْبِ بِنُوْرِ التَّوْحِیْدِ وَبَعْدَ مُلَازَمَۃِ اَسْمَآءِ التَّوْحِیْدِ بِلِسَانِ السِّرِّ بِغَیْرِ حَرْفٍ وَلَا صَوْتٍ

ترجمہ: نورِ توحید سے قلب کے زندہ ہو جانے کے بعد اور سِرّ کی زبان سے بغیر حروف و آواز کے اسماءِ توحید کے ذکر کے جاری ہونے کے باعث عالم کی نیند جاہل کی عبادت سے افضل ہے۔

حدیثِ قدسی میں اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

❁ اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

ترجمہ: انسان میرا راز ہے اور میں انسان کا راز ہوں۔

اور اللہ عزّ وجل نے ارشاد فرمایا:

❁ اِنَّ عِلْمَ الْبَاطِنِ سِرٌّ مِنْ سِرِّیْ اَجْعَلُہٗ فِیْ قَلْبِ عِبَادِیْ وَلَا یَقِفُ عَلَیْہِ اَحَدٌ غَیْرِیْ

ترجمہ: بے شک علمِ باطن میرے اسرار میں سے ایک سِرّ ہے جسے میں اپنے (مقرب) بندوں کے قلب میں (چھپا کر) رکھتا ہوں اور میرے سوا اس سے کوئی بھی واقف نہیں۔

❁ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ وَاَنَا مَعَہٗ حِیْنَ یَذْکُرُنِیْ وَاِذَا ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِہٖ ذَکَرْتُہٗ فِیْ

نَفْسِيْ وَاِذَا ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَاءٍ ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَاءٍ اَحْسَنَ مِنْهُ

ترجمہ: میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں اور جب وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں اور جب وہ میرا ذکر کسی جماعت میں کرتا ہے تو میں اُسے اُس سے بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں۔

ان (احادیثِ قدسی میں علمِ باطن اور سِرّ) سے مراد علمِ تفکر ہے جو انسان کے وجود میں ہے۔

جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ تَفَكُّرُ السَّاعَةِ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سَنَةٍ

ترجمہ: ایک لمحہ کا تفکر ایک سال کی عبادت سے افضل ہے۔

❁ تَفَكُّرُ السَّاعَةِ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سَبْعِيْنَ سَنَةٍ

ترجمہ: ایک لمحہ کا تفکر ستر سال کی عبادت سے افضل ہے۔

❁ تَفَكُّرُ السَّاعَةِ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ اَلْفِ عَامٍ

ترجمہ: ایک لمحہ کا تفکر ہزار سال کی عبادت سے افضل ہے۔

پس اس توفیق کے لیے کہا جائے گا جس نے فروعات[1] کی تفصیل میں تفکر کیا اس کا ایک لمحہ کا تفکر ایک سال کی عبادت سے افضل ہے اور جس نے اُس (اللہ) کی عبادت میں جو کچھ ہم پر واجب ہے، کی معرفت کے (حصول کے) لیے ایک لمحہ کا تفکر کیا پس وہ (تفکر) ستر سال کی عبادت سے افضل ہے اور جس نے اللہ تبارک وتعالیٰ کی معرفت میں ایک لمحہ بھی تفکر کیا وہ ایک لمحہ ہزار سال کی عبادت سے افضل ہے۔ اور یہی (تفکر) علمِ عرفان[2] ہے جو کہ عین توحید ہے اور اسی سے ہی عارف اپنے معروف[3] اور اپنے محبوب[4] سے عالمِ قرب[5] کی طرف روحانی پرواز کے نتیجہ میں واصل ہوتا ہے۔ پس عابد جنت کی طرف سیر کرنے والا اور عارف قربِ حق کی طرف پرواز کرنے

---

[1] ایسے شرعی مسائل جن کا تعلق ظاہری اعمال سے ہو [2] معرفت کا علم [3] جس کی معرفت حاصل کی جا رہی ہو [4] اللہ تعالیٰ [5] عالمِ واحدیت اور اس سے اوپر عالمِ وحدت اور احدیت

والا ہوتا ہے۔ اہلِ حق میں سے کسی (شاعر) نے کیا (خوب) کہا ہے:

قُلُوْبُ الْعَاشِقِيْنَ لَهَا عُيُوْنٌ   تَرٰى مَا لَا يَرَاهَا النَّاظِرُوْنَا

لَهَا اَجْنِحَةٌ تَطِيْرُ بِغَيْرِ رِيْشٍ   اِلٰى مَلَكُوْتِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَا

ترجمہ: عاشقوں کے قلوب کے لیے ایسی آنکھیں ہیں جو وہ سب بھی دیکھ لیتی ہیں جو ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتا۔ ان کے لیے ایسے بازو ہیں جن سے وہ بغیر پروں کے ربّ العالمین کے عالمِ ملکوت کی طرف پرواز کرتے ہیں۔

پس ایسی پرواز کرنے والا عارف کے باطن میں ہوتا ہے اور وہی حقیقی انسان ہے اور وہی اللہ تبارک وتعالیٰ کا محبوب، محرم اور عروس ہے جیسا کہ حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہیں ''اہلِ اللہ، اللہ تعالیٰ کی دلہنیں ہیں'' اور ایک روایت میں ہے ''اولیاء اللہ، اللہ تعالیٰ کی دلہنیں ہیں''۔ جیسے دلہن کو اُس کے محرم کے سوا کوئی نہیں پہچانتا اُسی طرح وہ (اولیاء اللہ) بھی (عام) انسانوں کے پردہ میں چھپے ہوتے ہیں اور انہیں اللہ پاک کے سوا کوئی نہیں دیکھتا۔ ایک حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

❁ اَوْلِيَائِيْ تَحْتَ قَبَائِيْ لَا يَعْرِفُهُمْ غَيْرِيْ

ترجمہ: میرے اولیاء (میں سے بہت سے) میری چادر کے نیچے (چھپے ہوتے) ہیں اور انہیں میرے علاوہ کوئی نہیں پہچانتا۔

ظاہری طور پر تو لوگ دلہن کی صرف ظاہری زینت کے علاوہ کچھ نہیں دیکھ سکتے۔ یحییٰ بن معاذ رازیؒ فرماتے ہیں ''ولی زمین پر اللہ تعالیٰ کا خوشبودار پھول ہے جسے صدیقین سونگھتے ہیں اور وہ (خوشبو) اُن (صدیقین) کے قلوب پر اثر انداز ہوتی ہے جس سے وہ اپنے ربّ کے مشتاق رہتے ہیں (یعنی اپنے ربّ کے دیدار کے لیے ان کا شوق بڑھتا ہی رہتا ہے) اور اُن کی عبادت ان کے اخلاص کے فرق کے مطابق اور حسبِ فنا بڑھ جاتی ہے۔ جتنا زیادہ قرب حاصل ہوتا جاتا ہے اتنا زیادہ ہی وہ فنا ہوتے چلے جاتے ہیں۔ پس ولی وہ ہے جو اپنے حال میں فانی[1] اور اللہ پاک کے

---

[1] اپنی ذاتی ضروریات اور خواہشات اور اپنے وجود کی فکر سے آزاد

مشاہدہ میں باقی[1] ہو۔ نہ اسے اپنے نفس پر کوئی اختیار ہو اور نہ اللہ کے سوا کسی کے ساتھ قرار ہو[2]۔ اس کی تصدیق کرامت سے ہوتی ہے اور اسے پوشیدہ رکھا جاتا ہے اور ظاہر نہیں کیا جاتا کہ اللہ کے راز کو ظاہر کرنا کفر ہے۔ مرصاد میں آیا ہے ''تمام صاحبِ کرامات حجاب میں ہیں اور ان (مردانِ خدا) کے لیے کرامت خونِ حیض کی طرح ہے۔'' پس ولی کے لیے ایسے ہزار مقامات ہیں جن میں سے سب سے پہلے کرامت کا مقام ہے۔ جو اس (مقام) سے گزر جاتا ہے وہ باقی مقامات حاصل کر لیتا ہے ورنہ ناکام ہو جاتا ہے۔

---

[1] اللہ کی ذات اور اس کی رضا کے علاوہ اس ولی کو کچھ بھائی نہ دے اور وہ ہر لمحہ اللہ کے دیدار میں محو ر ہے۔ [2] ایسے ولی یا طالبِ مولیٰ کو اپنی خواہشات اور مرضی پر اختیار نہیں ہوتا۔ اس کے پیشِ نظر صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا ہی ہوتی ہے اور وہ اللہ کے سوا کسی کے ساتھ سکون محسوس نہیں کرتا۔

فصل دوم

انسان کے اسفل سافلین کی طرف لوٹائے جانے کے بیان میں

جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے روحِ قدسی کو عالمِ لاہوت میں احسن صورت میں تخلیق کیا تو اس کو پست ترین مقام (یعنی عالمِ ناسوت) کی طرف بھیجنے کا ارادہ بھی فرمالیا تاکہ مقامِ صدق میں عظمت والے بادشاہ (اللہ تبارک وتعالیٰ) کے لیے اس کی محبت اور قربت میں اضافہ ہو اور یہ مقام اولیاء کرام اور انبیاء علیہم السلام کا ہے۔

پس سب سے پہلے اس (روحِ قدسی) کو عالمِ جبروت میں توحید کے بیج کے ساتھ منتقل فرمایا یعنی عالمِ نورانیت سے اس عالم میں رکھا اور اُسے اس عالم (عالمِ جبروت) کا لباس پہنایا۔ اسی طرح اُسے عالمِ ملک (ناسوت) میں بھیجا اور اس کے لیے عنصری لباس[1] یعنی یہ کثیف جسم تخلیق کیا تاکہ وہ عالمِ ملک (ناسوت) میں جل نہ جائے۔ اور جبروتی لباس کے اعتبار سے اس (روحِ قدسی) کا نام روحِ سلطانی رکھا اور ملکوتی (لباس کے) اعتبار سے روحِ سیرانی و روحِ روانی رکھا اور ملکی اعتبار سے اس (روحِ قدسی) کا نام روحِ جسمانی رکھا۔

اسفل سافلین کی طرف لوٹانے کا مقصد یہ تھا کہ قلب وجسم کے وسیلہ سے (انسان) زیادہ قرب و درجات حاصل کرے اور اپنے قلب کی زمین پر توحید کا بیج بوئے تاکہ اُس سے توحید کا درخت اُگے جس کی جڑ ہوائے سرور میں قائم ہو اور اس پر اللہ تعالیٰ کی رضا کے (حصول کے) لیے

[1] اربعہ عناصر یعنی آگ، مٹی، پانی اور ہوا سے تیار کردہ جسمانی وجود

توحید کا پھل لگے۔

پس قلب کی زمین پر شریعت کا بیج بوئے تا کہ اُس سے شریعت کا درخت پیدا ہو جس پر درجات کے پھل لگیں۔ لہٰذا اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمام ارواح کو جسم میں داخل ہونے کا حکم دیا اور ہر روح کے لیے جسم میں ایک مقام تقسیم کر دیا۔ روحِ جسمانی کا مقام جسم میں خون اور گوشت کے درمیان ہے اور روحِ قدسی کا مقام سِرّ میں ہے۔ پس ان میں سے ہر ایک (مقام پر روحِ قدسی) کے لیے وجود کی مملکت میں ایک دکان ہے جس میں سامانِ تجارت ہے اور منافع ہے اور ایسی تجارت ہے جس میں ہرگز کوئی نقصان (یا خسارہ) نہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۝ (الفاطر-29)

ترجمہ: (اجسام اپنے ہر باطنی مقام پر) پوشیدہ اور اعلانیہ تجارت کرتے ہیں اور جو وہ (باطنی ترقی کے لیے) خرچ[1] کرتے ہیں اس میں ہرگز کوئی خسارہ نہیں۔

پس ہر انسان کو چاہیے کہ اپنے وجود کے ان (ظاہری و باطنی) معاملات کو سمجھے کیونکہ وہ جو کچھ یہاں حاصل کرے گا وہ اس کے اپنے ذمہ ہوگا۔ جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝ وَ حُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ (العادیات-10-9)

ترجمہ: کیا (انسان) جانتا نہیں جب قبروں سے (مردوں کو) اٹھایا جائے گا اور جو کچھ سینوں میں پوشیدہ ہے ظاہر کر دیا جائے گا۔[2]

۞ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ط (بنی اسرائیل-13)

ترجمہ: اور ہر انسان کی قسمت اس کے گلے لگا دی گئی ہے۔[3]

---

[1] یعنی جو اعمال وہ احکامِ الٰہی کے مطابق اللہ کی رضا اور قرب کے حصول کے لیے کرتے ہیں۔ [2] انسان کی روح جس باطنی مقام تک پہنچی ہوگی اور جو اعمال کیے ہوں گے وہ مقام اور اعمال سب پر عیاں ہو جائیں گے اور نفس کی اچھی یا بُری حالت بھی سب پر ظاہر ہو جائے گی۔ [3] یعنی اچھے اور بُرے اعمال انسان کے اپنے اختیار میں ہیں چاہے تو خیر کا راستہ اختیار کر کے رضائے الٰہی اور قربِ الٰہی کی طرف سفر کرے یا شر کا راستہ اختیار کر کے اللہ کے غیظ و غضب کا شکار ہو۔

فصل سوم

ارواح کے جسموں میں تصرف کے بیان میں

روحِ جسمانی کی دکان بدن میں سینہ اور ظاہری اعضا ہیں اور اس کی دولت شریعت اور اس کی تجارت حکمِ الٰہی کے مطابق ظاہری احکام پر شرک سے پاک (بے ریا) عمل کرنا ہے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے۔

وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا (الکہف-110)

ترجمہ: اور اپنے واحد ربّ کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

بے شک اللہ واحد ہے اور وہ واحد کو ہی پسند کرتا ہے۔ یعنی اعمال ریا و نمائش اور دنیاوی لالچ سے پاک ہوں کیونکہ ولایت، مکاشفہ اور عالمِ مُلک (ناسوت) میں زمین سے لے کر آسمان تک ہر چیز کا مشاہدہ اور اس جیسی کراماتِ کونیہ رہبانیت کے مراتب میں سے ہیں جیسا کہ پانی پر چلنا اور ہوا میں اُڑنا اور (دور کا) فاصلہ (لمحوں میں) طے کر لینا اور دور کی باتیں سن لینا اور بدن کے (اندرونی) اسرار[1] کو جان لینا۔ آخرت میں اس کا نفع جنت، حور و قصور (محلات) وغلمان[2]، شرابِ طہور اور جنتِ اولیٰ میں دیگر نعمتوں کا حصول ہے جسے جنت الماویٰ کہتے ہیں۔

روحِ روانی کی دکان قلب ہے اور اس کی دولت علمِ طریقت ہے اور اس کی تجارت بارہ اسمائے اصول میں سے پہلے چار اسماء کا بغیر حرف و آواز ذکر ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

---

[1] کشف سے دل کا حال معلوم کر لینا [2] کم عمر اور حسین جنتی لڑکے جو اہلِ جنت کی خدمت پر مامور ہوں گے

❁ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ (بنی اسرائیل۔110)

ترجمہ: (اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) فرما دیجیے تم (سب) اسے اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو، تم جس بھی نام سے پکارو گے سب اچھے نام اُسی کے ہیں۔

❁ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (الاعراف۔180)

ترجمہ: اور اللہ کے ہی سب اچھے نام ہیں پس اُسے ان (ناموں) سے پکارو۔

یہ اس طرف اشارہ ہے کہ یہ اسماء قلبی ذکر یعنی علمِ باطن کا محل[1] ہیں اور (ذاتِ حق تعالیٰ کی) معرفت اسماءِ توحید (اسمِ اَللّٰهُ ذات اَللّٰهُ، لِلّٰه، لَہٗ اور ھُو کے ذکر) کا نتیجہ ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ اِسْمًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں بے شک جس نے ان کو شمار کیا وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

اور ارشاد فرمایا:

❁ اَلدَّرْسُ حَرْفٌ وَالتَّكْرَارُ اَلْفٌ

ترجمہ: درس ایک حرف ہے اور تکرار ہزار بار ہے۔

(مندرجہ بالا حدیث میں) شمار کرنے سے مراد ان (اسماء سے ظاہر ہونے والی اللہ کی) صفات سے متصف اور اس (یعنی اللہ) کے اخلاق سے متخلق ہونا ہے۔ یہ بارہ اسماء کلمہ توحید لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے بارہ حروف کے مطابق اللہ تبارک وتعالیٰ کے بارہ اسمائے اصول ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کلمہ توحید کے بارہ حروف میں سے ہر حرف کے لیے قلب کی مختلف حالتوں میں ایک ایک اسم کو متعین فرما دیا ہے۔ ہر عالم کے لیے تین اسماء ہیں جن سے اللہ تبارک وتعالیٰ اہلِ محبت کے قلوب کو

---

[1] یعنی اسماءِ باری تعالیٰ ہی کے ذریعے اللہ کی صفات کا علم حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ثبات[1] بخشتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ (ابراہیم-27)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو (اس) مضبوط بات (کی برکت) سے دنیاوی زندگی میں بھی ثابت قدم رکھتا ہے اور آخرت میں بھی۔

اوران پر سکونِ محبت نازل فرماتا ہے اور توحید کے شجر کو قائم رکھتا ہے جس کی جڑیں نہ صرف ساتوں زمینوں میں بلکہ تحت الثریٰ میں ہیں اور اس کی شاخیں آسمان میں عرش سے بھی اوپر ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِى السَّمَآءِ ○ (ابراہیم-24)

ترجمہ: (مضبوط بات یعنی توحید) پاک درخت کی طرح ہے جس کی جڑیں (زمین میں) قائم اور جس کی شاخیں آسمانوں میں ہیں۔

اور اس (روحِ سیرانی) کا منافع قلب کی حیات ہے جس سے وہ عالمِ ملکوت کا مشاہدہ کرتا ہے مثلاً جنت اور اہلِ جنت، اس کے انوار اور فرشتوں کا مشاہدہ، اسمائے باطن بلاحرف وآواز ملاحظہ کر کے وہ (باطنی) زبان سے باطنی گفتگو کرتا ہے اور آخرت میں اس (روحِ سیرانی) کا ٹھکانہ دوسری جنت ہے جسکا نام جنت النعیم ہے۔

روحِ سلطانی کی دکان فواد[2] ہے۔ اس کی دولت معرفت اور اس کی تجارت دل کی زبان سے چار وسطی اسماء کا (دائمی) ذکر ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ عِلْمٌ بِاللِّسَانِ فَذٰلِكَ حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ وَعِلْمٌ بِالْجَنَانِ وَذٰلِكَ الْعِلْمُ النَّافِعُ لِاَنَّ اَكْثَرُ الْمُنَافِعِ الْعِلْمُ فِىْ هٰذِهِ الدَّائِرَةِ

ترجمہ: علم دو طرح کا ہے۔ وہ علم جس کا تعلق زبان سے ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے مخلوق پر حجت ہے اور دوسرا علم جس کا تعلق دل سے ہے اور وہی علم منافع بخش ہے اور اس دائرہ (دائرہ

---

[1] مضبوطی، قرار، ثابت قدمی [2] قلب

معرفت) میں یہ علم بے حد نفع بخش ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَنَّ لِلْقُرْآنِ ظَهْرًا وَبَطْنًا

ترجمہ: بے شک قرآن کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن ہے۔

❁ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَشَرَ اَبْطُنٍ فَكُلُّ مَا هُوَ بَطْنٌ فَهُوَ اَنْفَعُ وَارْجَحُ لِاَنَّهٗ مُخٌّ۔

ترجمہ: بے شک اللہ پاک نے قرآنِ پاک کو دس بطون میں نازل فرمایا۔ پس اُس کا ہر بطن نفع بخش اور فائدہ مند ہے کیونکہ وہ (قرآن کا) مغز ہے۔

اور یہ (بارہ) اسماء ان بارہ چشموں کی طرح ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا مارنے سے جاری ہوئے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ط فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ط قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ (البقرہ۔60)

ترجمہ: اور جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کے لیے پانی کی دعا کی تو ہم نے فرمایا اپنا عصا اس پتھر پر مارو۔ پس اُس (پتھر) سے بارہ چشمے جاری ہوئے اور ہر گروہ نے اپنے پینے کی جگہ پہچان لی۔

پس علمِ ظاہر کی مثال عارضی بارش کی سی ہے اور علمِ باطن اصلی چشمے کی طرح ہے اسی لیے پہلے والے (یعنی علمِ ظاہر) سے زیادہ فائدہ مند ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ○ (یٰسین۔33)

ترجمہ: اور اُن کے لیے نشانی ہے کہ ہم نے اس مردہ زمین کو زندہ کیا اور اس میں اناج پیدا کیا جس میں سے وہ کھاتے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس زمینِ آفاق سے (وہ) اناج پیدا فرمایا جو حیواناتِ نفسانی کے لیے قوت بخش ہے اور قلوب کی زمین سے وہ اناج پیدا کیا جو ارواحِ روحانی کے لیے قوت بخش ہے۔ حضور

علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰهِ تَعَالٰى اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا ظَهَرَتْ يَنَابِيْعُ الْحِكْمَةِ مِنْ قَلْبِهٖ عَلٰى لِسَانِهٖ

ترجمہ: جو (شخص) چالیس روز تک اللہ تعالیٰ کے لیے خلوص سے (اطاعت میں) رہا اُس کے قلب سے حکمت کے چشمے اُس کی زبان پر ظاہر ہو جاتے ہیں۔

اس (روحِ سلطانی) کا نفع جمالِ الٰہی کے عکس کا دیدار ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى (النجم۔11)

ترجمہ: قلب نے جھوٹ نہ کہا جو (ان کی آنکھوں نے) دیکھا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ الْمُؤْمِنِ

ترجمہ: مومن مومن کا آئینہ ہے۔

اوّل مومن سے مراد مومن بندے کا قلب ہے اور دوسرے (مومن) سے مراد اللہ تبارک وتعالیٰ ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ (حشر۔23)

ترجمہ: اللہ مومن بھی ہے اور مھیمن (نگہبان) بھی۔

اس گروہ (یعنی روحِ سلطانی) کا ٹھکانہ تیسری جنت ہے جس کا نام جنت الفردوس ہے۔

روحِ قدسی کی دکان سرّ میں ہے جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

❁ اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّهٗ

ترجمہ: انسان میرا راز ہے اور میں انسان کا راز ہوں۔

اور اس کی دولت علمِ حقیقت ہے اور وہی علمِ توحید ہے اور اس کی تجارت بغیر آواز کے، سرّ کی زبان سے آخری چار اسمائے توحید کا (دائمی) ذکر ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى (طٰہٰ۔7)

ترجمہ: اور اگر آپ بلند آواز سے بات کریں تو بھی وہ جانتا ہے ہر راز کو بلکہ اس سے بھی مخفی۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا کوئی بھی اس بات کو نہیں جانتا اور اس کا نفع طفلِ معانی[1] کا ظہور اور سِرّ کی آنکھ سے اللہ تعالیٰ کے چہرے کے جلال و جمال کا مشاہدہ، معائنہ اور دیدار ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

۞ وُجُوْہٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَۃٌ ۝ لا اِلٰی رَبِّہَا نَاظِرَۃٌ ۝ ج (القیامہ 23-22)

ترجمہ: اس (قیامت کے) دن (کچھ) چہرے تروتازہ ہوں گے اور اپنے ربّ کو دیکھ رہے ہوں گے۔

یعنی اللہ کو بغیر کسی واسطۂ حالت اور بغیر کسی تشبیہ کے دیکھیں گے۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝ (الشوریٰ-11)

ترجمہ: اس کی مثل کوئی شے نہیں اور وہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

جب انسان اپنے مقصود (اللہ تبارک وتعالیٰ) کو پالیتا ہے تو عقلیں چکرا جاتی ہیں، قلوب حیرت زدہ رہ جاتے ہیں اور زبانیں بند ہو جاتی ہیں اور ان میں ہرگز استطاعت (طاقت، ہمت) نہیں رہتی کہ وہ کسی کو اس (مشاہدہ) سے باخبر کر سکیں کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہر مثال سے پاک ہے۔

پس جب ایسی خبریں علما کے پاس پہنچیں تو وہ ان مقالات کا مطالعہ کریں اور علوم کے مقامات کو سمجھیں اور اس کی حقیقت کو جانچیں اور اعلیٰ مقامِ علیین پر اپنی توجہ رکھیں اور علمِ لدنی اور معرفتِ ذاتِ احدیت حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کریں اور جو مقالات آگے آ رہے ہیں، ان پر اعتراض اور ان کا انکار نہ کریں۔

---

[1] حقیقی روحانی انسان یعنی روحِ قدسی

فصل چہارم

علوم کی تعداد کے بارے میں

علمِ ظاہر بارہ اقسام کا ہے اور اسی طرح علمِ باطن کی بھی بارہ اقسام ہیں جنہیں عوام اور خواص کی قابلیت (اور صلاحیت) کے مطابق ان میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پس (تمام ظاہری و باطنی) علوم چار ابواب پر مشتمل ہیں۔ باب اوّل شریعت کے ظاہر سے متعلق ہے جس میں اوامر ونواہی اور تمام (ظاہری) احکام شامل ہیں۔ باب دوم اس (شریعت) کا باطن ہے جسے علمِ باطن اور طریقت کا نام دیا گیا ہے۔ باب سوم باطن کے متعلق ہے جسے علمِ معرفت کا نام دیا گیا ہے اور باب چہارم تمام بطون کے باطن کے متعلق ہے جسے علمِ حقیقت کا نام دیا گیا ہے۔ پس یہ سب علوم حاصل کرنا ضروری ہے جیسا کہ فرمانِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے:

❁ اَلشَّرِیْعَةُ شَجَرَةٌ وَالطَّرِیْقَةُ اَغْصَانُهَا وَالْمَعْرِفَةُ اَوْرَقُهَا وَالْحَقِیْقَةُ ثَمَرُهَا وَالْقُرْاٰنُ جَامِعُ جَمِیْعِهَا بِالدَّلَالَةِ وَالْاِشَارَةِ تَفْسِیْرًا اَوْ تَاوِیْلًا۔

ترجمہ: شریعت ایک درخت (کی مثل) ہے اور طریقت اس کی ٹہنیاں ہیں اور معرفت اس کے پتے ہیں اور حقیقت اس کا پھل ہے اور قرآن ان سب (علوم) کا جامع ہے جس میں سب دلائل، اشارے، تفاسیر اور تاویلات موجود ہیں۔

''صاحب المجمع'' کہتے ہیں کہ تفسیر عوام کے لیے ہے اور تاویل خواص کے لیے ہے کیونکہ خواص راسخ علما ہیں اور رسوخ کے معنی کھجور کے درخت کی مثل علم میں ثبات، قرار اور مضبوطی کے ہیں

جیسے (کھجور کے درخت کی) جڑیں زمین میں گڑھی ہوئی ہیں اور اُس کی شاخیں آسمان (کی بلندیوں) میں ہیں اور یہ پختگی اس کلمہ کا نتیجہ ہے جس کا بیج (قلب کی) صفائی کے بعد قلب کی گہرائی میں بویا جاتا ہے۔ایک قول کے مطابق اللہ کے فرمان وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ کو (حرفِ) عطف (یعنی ''وَ'') کے ساتھ اِلَّا اللّٰہُ کے ساتھ ملایا گیا ہے[1]

تفسیر کبیر کے مصنف[2] فرماتے ہیں اگر (علمِ باطن کے) اس دروازہ[3] کو کھول لیا جائے تو باطن کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں (جس کے بعد) بندہ اوامر ونواہی کی تعمیل اور چاروں دائروں میں ہر دائرہ میں نفس کی مخالفت کا پابند ہے کہ دائرہ شریعت میں نفس (شریعت کے) مخالف وسوسے پیدا کرتا ہے اور دائرہ طریقت میں (نفس) دین کی موافقت میں نبوت اور ولایت کا (جھوٹا) دعویٰ کرواتا ہے اور دائرہ معرفت میں (نفس) نورانیت کے دھوکہ میں خفی شرک (کے وسوسے ڈالتا ہے) اور ربوبیت کا دعویٰ کرواتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ (الجاثیہ-23)

ترجمہ: کیا آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے ایسے شخص کو دیکھا جس نے ہوائے نفس[4] کو اپنا معبود بنالیا ہے۔

اور دائرہ حقیقت میں شیطان، نفس اور فرشتے داخل نہیں ہو سکتے کیونکہ اس میں اللہ کے سوا ہر چیز جل کر راکھ ہو جاتی ہے جیسا کہ جبرائیل نے فرمایا ''اگر میں ناخن برابر بھی آگے بڑھا تو جل جاؤں گا۔'' (اس دائرہ میں آکر) بندہ اپنے دشمنوں (نفس وشیطان) سے نجات پالیتا ہے اور مخلص بن جاتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

❁ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِیْنَ ۝ (ص 83-82)

---

[1] یہ سورہ آلِ عمران کی آیت نمبر 7 ہے وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ ترجمہ: اس کی تاویل اللہ ہی جانتا ہے اور علم میں پختہ لوگ۔یعنی علم کے باطن کو یا اللہ جانتا ہے یا علمائے حق [2] امام فخر الدین رازیؒ [3] وہ علم جس کے حصول کے بعد اس کا شمار راسخ علماء میں ہونے لگے۔ [4] نفسانی خواہشات

ترجمہ: (شیطان نے) کہا (الٰہی) تیری عزت وجلال کی قسم! میں ضرور ان سب (لوگوں) کو گمراہ کروں گا مگر سوائے تیرے مخلص بندوں کے۔

اور بندہ جب تک حقیقت (کے دائرہ) تک نہیں پہنچتا وہ مخلص نہیں بن سکتا کیونکہ بشری صفات اور غیریت (غیر اللہ) تجلیِ ذات کے بغیر فنا نہیں ہو سکتے اور نہ ہی حق تعالیٰ کی (حقیقی) معرفت حاصل کیے بغیر جہالت کا پردہ اٹھتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ خود بغیر کسی واسطے (اور وسیلے) کے (بندے کو) علمِ لدُنی عطا کرتا ہے اور وہ خضر علیہ السلام کی مثل اللہ تعالیٰ کی معرفت اس کی تعریف سے (حاصل) کرتا ہے اور اُس کی عبادت اس کی تعلیم سے کرتا ہے۔ اس مقام پر وہ ارواحِ قدسی کا مشاہدہ کرتا ہے اور اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی (حقیقت کی) معرفت حاصل کر لیتا ہے۔ پس وہ ازل سے ابد تک سب (ابتدا سے انتہا) جان جاتا ہے اور انبیاء علیہم السلام اُسے (اللہ تبارک و تعالیٰ کے) ابدی وصال کی خوشخبری دیتے ہیں جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَحَسُنَ أُولَٰئِكَ رَفِيقًا (النساء۔69)

ترجمہ: اور یہ سب (انبیاء، شہداء، صدیقین اور صالحین) کیا ہی اچھے ساتھی ہیں۔

پس جو اس علم سے واصل نہیں ہوتا وہ حقیقت میں عالم ہی نہیں، چاہے اس نے لاکھوں کتابیں کیوں نہ پڑھ رکھی ہوں کیونکہ وہ روحانیت تک پہنچا ہی نہیں۔ ظاہری علوم کے ساتھ جسمانی اعمال کا بدلہ صرف جنت ہے جہاں صرف صفاتِ (الٰہیہ) کا عکس جلوہ نما ہے۔ عالم صرف علمِ ظاہر کے ذریعے حرمِ قدسی اور قربِ حق تعالیٰ میں نہیں پہنچ سکتا کیونکہ یہ عالمِ پرواز ہے جہاں بازوؤں کے بغیر نہیں اڑا جا سکتا مگر وہ بندہ جو علمِ ظاہر اور علمِ باطن (دونوں) کو عمل میں لاتا ہے، وہ اس عالمِ لاھوت میں پہنچ جاتا ہے جیسا کہ حدیثِ قدسی میں فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ يَا عَبْدِيْ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَدْخُلَ حَرَمِيْ فَلَا تَلْتَفِتْ إِلَى الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ لِأَنَّ الْمُلْكَ شَيْطَانُ الْعَالِمِ وَالْمَلَكُوْتَ شَيْطَانُ الْعَارِفِ وَالْجَبَرُوْتَ شَيْطَانُ الْوَاقِفِ

ترجمہ: اے میرے بندے! جب تُو میرے حرم میں داخل ہونے کا ارادہ کرے تو ملک، ملکوت اور جبروت کی طرف مائل نہ ہو کیونکہ ملک عالم کا شیطان ہے اور ملکوت عارف کا شیطان ہے اور جبروت واقف کا شیطان ہے۔

جو ان میں سے کسی ایک (عالم) پر بھی راضی ہو گیا وہ اللہ تعالیٰ سے دور ہو گیا یعنی قرب (حضورِ حق تعالیٰ) سے دور ہوا البتہ درجات سے دور نہ ہوا۔ یہ لوگ قرب کی طلب تو رکھتے ہیں لیکن اُسے حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ وہ غیر (یعنی درجات وثواب کو پانے) کا لالچ رکھتے ہیں اور اُن کے پاس صرف ایک ہی بازو (یعنی علمِ ظاہر) ہے۔ اہلِ قرب کو وہ (مقامِ قربِ الٰہی) حاصل ہوتا ہے جو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی بشر کے قلب میں اس کا خیال گزرا اور وہ (مقام) جنتِ قربِ الٰہی ہے جس میں نہ حوریں ہیں اور نہ محلات۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنی ذات کو پہچانے اور نفس کی خاطر اس بات کا دعویٰ نہ کرے جس کا اُسے ہرگز حق نہیں پہنچتا۔ جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں:

❁ رَحِمَ اللّٰہُ اِمْرَأً عَرَفَ قَدْرَہٗ وَلَمْ یَتَعَدَّ طَوْرَہٗ وَحَفِظَ لِسَانَہٗ وَلَمْ یُضَیِّعْ عُمْرَہٗ

ترجمہ: ”اللہ اُس آدمی پر رحم فرمائے جس نے اپنی قدر پہچانی اور اپنی حد سے آگے نہ بڑھا اور اپنی زبان کی حفاظت کی اور اپنی عمر کو ضائع نہ کیا۔“

پس ایسے عالم کو چاہیے کہ وہ اپنی ذات میں حقیقتِ انسان جسے طفلِ معانی کہتے ہیں' کے معانی حاصل کرے اور اسماءِ توحید کے دائمی ذکر سے اس کی تربیت کرے اور عالمِ اجسام سے نکل کر عالمِ روحانیت' جو عالمِ سِرّ ہے، میں داخل ہو۔ اس عالم میں غیر اللہ ہرگز نہیں قرار پا سکتا کیونکہ وہ نور کے صحرا کی مانند ہے جس کی کوئی انتہا نہیں۔ طفلِ معانی اس میں پرواز کرتا ہے اور اس کے وہ عجائب وغرائب دیکھتا ہے جن کو (زبان سے) بیان کرنا ممکن نہیں۔ یہ موحدین[1] کا مقام ہے جو اپنی ذات کو عینِ وحدت (وحدتِ حق تعالیٰ) میں گم کر دیتے ہیں اور جمالِ حق تعالیٰ کے دیدار کے وقت ان کا

---

[1] وہ لوگ جو ازل سے توحید پر قائم ہوتے ہیں اور جن کا سر کبھی غیر اللہ کے سامنے نہیں جھکا۔

اپنا وجود ایسے غائب ہو جاتا ہے جیسے سورج کی کثرتِ روشنی کے باعث انسان عمارات کو نہیں دیکھ سکتا اسی طرح انسان مشاہدۂ جمالِ الٰہی کے وقت غلبۂ حیرت و محویت کے باعث اپنی ذات کو نہیں دیکھ پاتا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ''جب انسان آسمان کی سلطنت میں داخل ہوتا ہے تو پرندے کی پیدائش کی طرح اُس کی دوبارہ پیدائش ہوتی ہے۔'' اس سے مراد انسان کی حقیقت اور قابلیت سے روحانی طور پر طفلِ معانی کا پیدا ہونا ہے اور وہی انسان کا راز ہے جو علمِ شریعت اور علمِ حقیقت کے اجتماع سے وجود اور عقول میں ظاہر ہوتا ہے جیسے مرد اور عورت کے نطفے کے ملنے سے بچہ پیدا ہوتا ہے جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

❁ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ (الدھر-2)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو ملے جلے نطفے سے پیدا فرمایا تاکہ اس کو آزمایا جاسکے۔

طفلِ معانی کے ظہور کے بعد انسان خلق کے سمندروں کو پار کر کے عالمِ امر کی گہرائیوں میں پہنچ جاتا ہے کیونکہ یہ تمام عالم عالمِ روح (عالمِ امر) کے مقابلے میں پانی کے ایک قطرے کی مثل ہیں۔ اس (ظہور) کے بعد علومِ روحانی اور علومِ لدنی کا فیض (انسانِ حقیقی میں) بغیر حروف اور آواز کے جاری ہو جاتا ہے۔

فصل پنجم

توبہ اور تلقین کے بیان میں

جان لے کہ مذکورہ بالا مراتب خالص توبہ اور مرشد کامل کی تلقین کے بغیر حاصل نہیں ہوتے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى (الفتح۔26)

ترجمہ: اور ان پر تقویٰ کا کلمہ لازم کیا۔

اور وہ کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے بشرطیکہ یہ (کلمہ) کسی ایسے قلب سے اخذ کیا جائے جو صاحبِ تقویٰ کا ہو اور جس میں ذاتِ الٰہی کے سوا کچھ (موجود) نہ ہو۔ اس سے مراد وہ کلمہ نہیں جو عوام کی زبانوں پر ہے۔ بے شک (کلمے کے) الفاظ ایک ہی ہیں لیکن (باطنی) معانی میں فرق پایا جاتا ہے۔ اور جب توحید کا یہ بیج زندہ دل (مرشد کامل) سے اخذ کیا جائے تو یہ قلب کو زندہ کرتا ہے۔ پس یہی بیج کامل بیج ہوتا ہے کیونکہ ناقص بیج اُگ نہیں سکتا اسی لیے کلمہ توحید کا نزول قرآنِ مجید میں دو مقامات پر ہوا ہے۔ ایک کا اطلاق قولِ ظاہر[1] پر ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ (الصّٰفّٰت۔35)

ترجمہ: جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کرتے ہیں۔

پس یہ کلمات عوام کے حق میں نازل ہوئے ہیں۔

---

[1] محض زبان سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا اقرار کرنا

دوسرے (مقام پر کلمہ توحید) کا اطلاق علمِ حقیقی[1] پر ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ (محمد۔19)

ترجمہ: پس آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) جان لیں بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنے لیے اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کے گناہوں کے لیے مغفرت طلب فرمائیں۔

پس اس آیتِ شریفہ کے نازل ہونے کا مقصد خواص کی تلقین ہے۔

ذکر کی تلقین کا بیان

سب سے پہلے جس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے (اللہ کے) قرب کے لیے افضل اور آسان ترین راستے کی خواہش کی' وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔ پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وحی کا انتظار فرمایا۔ جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور کلمہ توحید تین مرتبہ تلقین کیا۔ پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے (اس کلمہ کو) اُسی طرح ادا کیا جیسے جبرائیل علیہ السلام نے تلقین کیا تھا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے وہ کلمہ حضرت علی رضی اللہ عنہٗ کو تلقین کیا پھر تمام صحابہ کرامؓ کے پاس جا کر سب کو تلقین کیا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

قَدْ رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ نَعُوْدُ اِلَى الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ

ترجمہ: ''ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف لوٹتے ہیں۔''

یعنی نفس سے جہاد۔ جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بعض صحابہ کرامؓ سے فرمایا:

اَعْدٰى اَعْدَائِكَ نَفْسُكَ الَّتِيْ بَيْنَ جَنْبَيْكَ

ترجمہ: تمہارے دشمنوں میں سب سے بڑا دشمن تمہارا نفس ہے جو تمہارے پہلوؤں کے درمیان ہے۔

---

[1] اللہ کی معرفت کا علم حاصل کرنے کے بعد تصدیق بالقلب سے توحید کا اقرار کرنا

پس تم تب تک اللہ تعالیٰ کی محبت کو نہیں پا سکتے جب تک تم اپنے وجود میں اپنے دشمنوں نفسِ امارہ، لوامہ اور ملہمہ کو فنا نہیں کر لیتے اور اخلاقِ ذمیمہ و بہیمہ مثلاً زیادہ کھانے پینے اور زیادہ سونے اور فضول گوئی کی محبت اور وحشیانہ عادات جیسے غضب، گالی گلوچ، مار پیٹ، غصہ اور شیطانی صفات مثلاً تکبر، عُجب، حسد، کینہ اور ان جیسی دوسری بدنی اور قلبی بیماریوں سے پاک نہیں ہو جاتے۔ پس جب وہ ان (بُری عادات وخصائل) سے پاک ہو جاتا ہے تو وہ گناہوں کی اصل سے پاک ہو جاتا ہے اور وہ پاکیزہ لوگوں اور توبہ کرنے والوں میں سے ہو جاتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیۡنَ وَیُحِبُّ الۡمُتَطَهِّرِیۡنَ ○ (البقرہ۔222)

ترجمہ: بے شک اللہ توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ لوگوں سے محبت کرتا ہے۔

جو شخص صرف ظاہری گناہوں سے توبہ کرتا ہے وہ (صرف) ظاہری طور پر (توبہ کرنے سے) اس آیت مبارکہ کے تحت نہیں آتا۔ وہ تائب ہے لیکن توّاب ہرگز نہیں کیونکہ توّاب مبالغہ کا صیغہ ہے جس سے مراد ہے خواص کی توبہ۔ جو صرف ظاہری گناہوں سے توبہ کرتا ہے وہ ایسے ہے جیسے (کوئی شخص) اپنی فصل سے خودرو گھاس کی صرف شاخیں کاٹتا ہو لیکن اُن کو جڑ سے نہ اکھاڑتا ہو، پس وہ گھاس لازماً دوبارہ پہلے سے بھی زیادہ اُگتی ہے۔ اور توّاب یعنی گناہوں اور تمام اخلاقِ ذمیمہ سے توبہ کرنے والے شخص کی مثال ایسے ہے جیسے گھاس کو جڑ سے اکھاڑ دیا جائے جو بعد میں شاذونادر ہی اُگتی ہے۔ پس توبۂ خاص کے بعد تلقینِ مرشد تلقین پانے والے (طالب) کے قلب سے ماسویٰ اللہ ہر چیز کو مٹانے کے لیے آلہ ہے کیونکہ جس نے کڑوے درخت کو نہ کاٹا اُس نے اس (کڑوے درخت) کی جگہ شیریں درخت کو نہ پایا۔ پس اے اہلِ بصیرت! اس سے عبرت حاصل کرو تا کہ تم فلاح پاؤ اور مقصود (اللہ تعالیٰ) کو حاصل کرو۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ وَهُوَ الَّذِیۡ یَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ وَیَعۡفُوۡا عَنِ السَّیِّاٰتِ (الشوریٰ۔25)

ترجمہ: اور وہ (اللہ) ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور ان کے گناہوں سے درگزر فرماتا

ہے۔

مزید فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ
(الفرقان-70)

ترجمہ: جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک اعمال کرے پس اللہ اس کی برائیوں کو نیکیوں میں بدل دیتا ہے۔

لہٰذا توبہ دو قسم کی ہے۔ توبہ عام اور توبہ خاص۔

توبہ عام: ذکر (اسمِ اَللّٰہُ ذات)، شدید جدوجہد اور سخت کوشش سے گناہوں سے نیکیوں کی طرف، اوصافِ ذمیمہ سے اوصافِ حمیدہ کی طرف، جہنم سے جنت کی طرف اور بدن کی راحت سے نفس کی مشقت کی طرف رجوع کرنا ہے۔

توبہ خاص: توبہ عام کے حصول کے بعد نیکو کاروں کی نیکیوں سے معارف (مرشد کامل اکمل سے علمِ معرفت کے حصول) کی طرف اور درجات سے قرب (حق تعالیٰ کے قرب) کی طرف اور جسمانی لذات سے روحانی لذات کی طرف رجوع کرنا ہے اور ماسویٰ اللہ کو ترک کر کے اللہ کے ساتھ انسیت کا رشتہ جوڑنا اور اُس ذات کو (معرفت کے حصول کے بعد) یقین کی نگاہ سے دیکھنا ہے۔

تمام مذکورہ بالا امور جن کا ذکر کیا گیا ہے، وجود کے کسب سے تعلق رکھتے ہیں اور وجود کا کسب گناہ[1] ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مخاطب کر کے فرمایا گیا:

وُجُوْدُكَ ذَنْبٌ لَا يُقَاسُ بِهٖ ذَنْبٌ اٰخَرُ

ترجمہ: ''آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کا وجود (یعنی بشریت) ایسا حجاب ہے جس پر کسی اور حجاب

---

[1] وجود عمل کرنے کا ذریعہ ہے لیکن ترک ماسویٰ اللہ میں وجود کی بھی نفی ہو جاتی ہے اس لیے وجود کے کسب کو گناہ کہا گیا ہے۔

کو قیاس نہیں کیا جاسکتا[1]۔"

جیسا کہ اکابر رحمھم اللہ فرماتے ہیں:

❁ حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَیِّئَاتُ الْمُقَرَّبِیْنَ

ترجمہ: "پرہیزگاروں کی نیکیاں مقربین کے نزدیک برائیاں ہیں"۔

اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک دن میں سو مرتبہ مغفرت طلب کرتے تھے۔ جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ (محمد-19)

ترجمہ: اور وہ (نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) گناہوں سے (اللہ کے حضور) توبہ کرتے ہیں۔

یعنی وجود کے گناہ سے۔ اور یہی توبہ خاص ہے۔

پس توبہ خاص 'ماسویٰ اللہ ہر چیز سے اللہ کی طرف رجوع کرنا، آخرت میں سلامتی والے قرب (یعنی جنتِ قرب) میں داخل ہونا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے چہرے کا دیدار کرنا ہے۔ جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی عِبَادًا اَبْدَانُھُمْ فِی الدُّنْیَا وَقُلُوْبُھُمْ تَحْتَ الْعَرْشِ

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے بھی ہیں جن کے بدن دنیا میں اور ان کے قلوب عرش کے نیچے ہیں۔

پس دنیا میں اللہ کا (بلا واسطہ) دیدار حاصل نہیں کیا جاسکتا لیکن قلب کے آئینہ میں حق تعالیٰ کی صفات کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا:

---

[1] یعنی دیکھنے والوں کی نظر کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشریت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حقیقت کے لیے حجاب بن گئی کہ دیکھنے والے اس بشریت کے پیچھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حقیقت کو نہ دیکھ سکے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے وَتَرٰىھُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَھُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ (الاعراف-198) ترجمہ: "اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) دیکھیں کہ آپ کی طرف تکتے ہیں اور کچھ نہیں دیکھتے۔"

رَأَی قَلْبِیْ رَبِّیْ بِنُوْرِ رَبِّیْ

ترجمہ: میں نے اپنے قلب میں اپنے رب کو نورِ ربی کے واسطے سے دیکھا۔

پس قلب جمالِ الٰہی کے عکس (کو دیکھنے) کے لیے آئینہ ہے۔ پس یہ مشاہدہ مقبول شیخِ واصل[1] کی تلقین، جو سابقین میں سے ہو، کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا جسے اللہ کے حکم اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے واسطہ سے ناقصوں کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہو۔ پس اولیاء کرام رضی اللہ عنہم کو عوام کے لیے نہیں بلکہ خواص (کی تربیت) کے لیے بھیجا جاتا ہے۔ نبی اور ولی میں فرق یہ ہے کہ نبی کو عوام اور خواص دونوں (کی تربیت) کے لیے بھیجا جاتا ہے جو کہ مستقل بالذات ہوتا ہے جبکہ ولی مرشد کو صرف خواص (کی تربیت) کے لیے بھیجا جاتا ہے اور وہ مستقل بالذات نہیں ہوتا اور اُسے ہر حال میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اتباع کرنا ہوتی ہے۔ اگر وہ مستقل بالذات ہونے کا دعویٰ کرے تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے (کامل اولیاء کرام کے لیے) یہ تشبیہ فرمائی:

عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ

ترجمہ: میری امت کے علما (علمائے ربانی) بنی اسرائیل کے انبیاء جیسے ہیں۔

یہ فرمان اس لیے کہ بنی اسرائیل کے انبیاء ایک ہی نبی یعنی موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کی اتباع کرتے آئے اور کسی نئی شریعت (کو لانے) کی بجائے اُسی شریعت کی تجدید اور تاکید کرتے رہے۔ اسی طرح اس امت کے وہ علما جو اولیاء میں سے ہیں، خواص (کی تربیت) کے لیے بھیجے جاتے ہیں تاکہ وہ (شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے) اوامر و نواہی کی تجدید کریں اور اُمت کو (ان پر) عمل میں استحکام کی تاکید کریں۔ اصل شریعت جو کہ قلب میں مقامِ معرفت ہے، کا تصفیہ کریں اور ان کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علوم (یعنی باطنی علوم) سے باخبر کریں جیسا کہ اصحابِ صفہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خبر دینے سے پہلے ہی معراج کے اسرار پر گفتگو کر

---

[1] اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول فنا فی اللہ بقا باللہ مرشد کامل اکمل

رہے تھے۔

پس ولی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُس ولایت کا حامل ہوتا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نبوت اور باطن کا جزو ہے اور اُس ولی کامل کے پاس امانت ہوتی ہے۔ اس سے مراد وہ عالم ہرگز نہیں جس نے صرف ظاہری علم حاصل کیا ہو کیونکہ اگر وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نبوت کے وارث بھی ہوں تو بھی اُن کا رشتہ ذوی الارحام[1] کا سا ہے۔ پس وارثِ کامل وہ ہوتا ہے جو حقیقی اولاد[2] ہو اور جو باپ سے تمام عصبی رشتہ داروں کی نسبت زیادہ قریب ہو اور وہ ظاہر و باطن میں اپنے باپ کا سرّ[3] ہو اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اِنَّ مِنَ الْعِلْمِ كَهَيْئَةِ الْمَكْنُوْنِ لَا يَعْلَمُهٗ اِلَّا الْعُلَمَاءُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى

ترجمہ: بے شک علوم میں سے ایک حصہ پوشیدہ رکھا گیا جسے علماءِ ربانی کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

پس جب علمائے ربانی علمِ باطن کے متعلق گفتگو کرتے ہیں تو اہلِ عزت اُس کا انکار نہیں کرتے اور یہی وہ راز ہے جسے معراج کی رات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قلب مبارک کے تیس ہزار بطون میں سے سب سے گہرے بطن میں ودیعت کیا گیا اور جسے اصحابِ صفہ اور مقربین کے علاوہ عوام میں سے کسی پر بھی فاش نہیں کیا گیا۔ اسی راز کی برکت سے قیامت تک شریعت قائم رہے گی اور علمِ باطن ہی اس سرّ کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ پس باقی تمام علوم اور معارف اس سرّ کی حفاظت کے

---

[1] وہ بہن بھائی جو ایک ماں اور مختلف باپوں سے ہوں [2] ''شمس الفقرا'' میں سلطان العاشقین' خادم سلطان الفقر حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس بیان فرماتے ہیں: ''مرشد کامل کی اولاد تین طرح کی ہوتی ہے اولادِ صلبی، اولادِ معنوی اور فرزندِ حقیقی۔ اولادِ صلبی سے نسبی یا عصبی اولاد مراد ہے اور یہ نسبت ہر بیٹے کو اپنے باپ سے حاصل ہے۔ اولادِ معنوی وہ طالب ہیں جو اپنے دلوں کو اپنے مرشد کے دل کے تابع کر کے مرشد کے دل کی طرح بنالیں اور اپنی اپنی طلب کے مطابق نعمتِ فقر حاصل کر لیں۔ ایسے طالب اپنے مرشد کی معنوی اولاد ہوتے ہیں۔ فرزندِ حقیقی سے وہ دل کا محرم طالبِ مولیٰ مراد ہے جو حسنِ متابعتِ مرشد کی برکت سے کمال کو پہنچ جائے اور مرشد اور طالب کی ذات یکجا ہو جائے۔'' سیدّنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہٗ کا اشارہ اسی فرزندِ حقیقی کی طرف ہے۔ [3] یعنی وارثِ کامل ظاہر و باطن میں اپنے باپ (مرشد) کا ہی مظہر ہوتا ہے۔

لیے چھلکا (کی مانند) ہیں اور جو علماءِ ظاہر ہیں اُن میں سے بھی انبیاءؑ کے وارث ہیں جن میں سے بعض صاحبِ فروض[1] اور بعض ذوی الارحام کی طرح ہیں۔ ان کے سپرد علم (یعنی باطنی علوم) کا چھلکا ہے جس کے ذریعے وہ مواعظِ حسنہ[2] سے دوسروں کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ وہ مشائخ اہلِ سنت، جن کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ بابِ علم حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے علم کے منبع (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام) تک پہنچتا ہے، لوگوں کو حکمت سے اللہ کی طرف دعوت دیتے ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ اُدۡعُ اِلٰی سَبِیۡلِ رَبِّکَ بِالۡحِکۡمَۃِ وَالۡمَوۡعِظَۃِ الۡحَسَنَۃِ وَجَادِلۡھُمۡ بِالَّتِیۡ ھِیَ اَحۡسَنُ (النحل-125)

ترجمہ: اپنے ربّ کے راستے کی طرف حکمت اور مواعظِ حسنہ سے دعوت دو اور اُن سے احسن طریقے سے بحث کرو۔

علمائے ظاہر اور علمائے باطن کا قول بنیادی طور پر تو ایک ہی ہے لیکن فروعات کے لحاظ سے مختلف ہے۔ یہ تینوں معانی[3] جو مندرجہ بالا آیت میں جمع ہیں وہ (تینوں) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات میں بھی جمع ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد کسی ایک میں بھی اتنی طاقت نہیں کہ اُن کا متحمل ہو سکے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اسے تین قسموں میں تقسیم فرمایا:

پہلی قسم علمِ حال ہے جو ان (تینوں علوم) کا مغز ہے اور یہ مردوں (طالبانِ مولیٰ) کو عطا ہوتا ہے جس سے مردوں (طالبانِ مولیٰ) کو ہمت حاصل ہوتی ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

۞ ھِمَّۃُ الرِّجَالِ تَقۡلَعُ الۡجِبَالِ

ترجمہ: مردوں (طالبانِ مولیٰ) کی ہمت پہاڑوں کو (جڑ سے) اکھاڑ دیتی ہے۔

---

[1] یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کے فرائض اور احکامات کو جاننے والے ہیں [2] اچھی نصیحت [3] حکمت، مواعظِ حسنہ سے دعوت دینے اور احسن طریقے سے بحث کرنے کا علم

یہاں پہاڑ سے مراد سخت دلی ہے جو اُن کی دعا اور عاجزی سے ختم ہو جاتی ہے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا (البقرہ۔269)

ترجمہ: اور جسے حکمت عطا کی گئی پس بلاشبہ اُسے خیر کثیر عطا ہوئی۔

دوسری قسم (علمِ ظاہر) مغز کا چھلکا ہے جو علمائے ظاہر کو عطا ہوتا ہے جو عمدہ وعظ و نصیحت سے معرفت کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْعَالِمُ يَعِظُ بِالْعِلْمِ وَالْاَدَبِ وَالْجَاهِلُ يَعِظُ بِالضَّرْبِ وَالْغَضَبِ

ترجمہ: عالم علم اور ادب سے نصیحت کرتا ہے جبکہ جاہل مار پیٹ اور غصے سے نصیحت کرتا ہے۔

تیسری قسم (مغز کے) چھلکے کا بھی چھلکا ہے جو حکمرانوں کو دیا جاتا ہے جو ظاہری عدل اور سیاست ہے جس کی طرف اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ فرمان اشارہ کرتا ہے:

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (النحل۔125)

ترجمہ: اُن سے احسن طریقے سے بحث کرو۔

جو کہ نظامِ دین کی حفاظت کے لیے قہر کا مظہر ہیں۔ ان (احکامِ شریعت کے نفاذ اور عدل و سیاست کے علوم) کی مثال اخروٹ کے سبز چھلکے کی ہے، علمائے ظاہر (کے علم) کی مثال پکے چھلکے کی ہے اور علمائے باطن (کے علم) کی مثال (اخروٹ کے) مغز کی ہے۔ اسی کے متعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

عَلَيْكُمْ بِمُجَالَسَةِ الْعُلَمَاءِ وَاسْتِمَاعِ كَلَامِ الْحُكَمَاءِ

ترجمہ: تم پر علما کی مجلس میں بیٹھنا اور حکما کا کلام سننا لازم ہے۔

بے شک اللہ تعالیٰ نورِ حکمت سے قلب (باطن) کو زندہ کرتا ہے جیسا کہ بارش کے پانی سے مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

كَلِمَةُ الْحِكْمَةِ ضَالَّةُ الْحَكِيْمِ اَخَذَهَا حَيْثُ وَجَدَهَا

ترجمہ: حکمت کی باتیں حکیم کی گمشدہ میراث ہے وہ اسے جہاں پاتا ہے وہاں سے لے لیتا ہے۔

عوام کی زبان سے ادا ہونے والا کلمہ لوحِ محفوظ سے نازل ہوتا ہے جو عالمِ جبروت میں ہے اور اس (کلمہ) کا تعلق درجات (کے حصول) سے ہے۔

واصلینِ حق کی زبان سے ادا ہونے والا کلمہ عالمِ قرب (لاھوت) میں بغیر کسی واسطے کے زبانِ قدسی سے لوحِ اکبر (یعنی مومن کے قلب) پر نازل ہوتا ہے پس كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ اِلٰى اَصْلِهٖ ترجمہ: ''ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے'' اسی لیے اہلِ تلقین (مرشد کامل) کی طلب قلب کی حیات کے لیے فرض ہے۔ فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے:

❁ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَةٍ

ترجمہ: علم کی طلب ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔

اس سے مراد معرفت اور قرب کا علم ہے اور سوائے فرائض کے باقی ظاہری علوم کی حاجت نہیں جیسا کہ فقہ کا علم جس کی ضرورت عبادت میں ہوتی ہے۔

پس اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا اسی میں ہے کہ اُس کے بندے (اس کے) قرب کی طرف بڑھیں اور درجات کی طرف متوجہ نہ ہوں جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى (الشوریٰ-23)

ترجمہ: آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) فرما دیں قرب کی محبت کے علاوہ میں آپ سے کچھ اجر نہیں مانگتا۔

ایک قول کے مطابق اس سے مراد علمِ قرب ہے۔

فصل ششم

اہلِ تصوف کے بیان میں

صوفیا کرام کو اہلِ تصوف کے نام سے موسوم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ معرفت اور توحید کے نور سے اپنے باطن کو (باطنی بیماریوں اور دنیاوی آلائشوں سے) صاف کر لیتے ہیں یا انہیں یہ نام اصحابِ صفہ کی نسبت سے دیا جاتا ہے یا اس لیے کہ وہ صوف[1] کا لباس پہنتے ہیں۔ مبتدی کے لیے سخت صوف ہے، متوسط کے لیے درمیانہ درجہ کا صوف اور منتہی کے لیے نرم مگر پیوند لگا صوف ہوتا ہے۔ ان کے باطنی حالات اور ان کا کھانا پینا بھی ان کے احوال کے مراتب کے مطابق ہوتا ہے۔ صاحبِ تفسیر المجمع کہتے ہیں ''اہلِ زہد کو چاہیے کہ لباس اور کھانے پینے میں سخت رہیں اور اہلِ معرفت کو چاہیے کہ عمدہ لباس پہنیں اور عمدہ کھانا کھائیں کہ لوگوں کا اپنے مراتب اور منازل کے حساب سے رہنا سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ کہیں وہ اپنی حد سے نہ بڑھ جائیں کیونکہ بارگاہِ احدیت میں یہ صوفیا اعلیٰ درجہ کے مراتب والوں میں سے ہیں۔''

لفظ تصوف کے چار حروف ہیں یعنی ت، ص، و، ف۔ حرف 'ت' توبہ سے ہے اور وہ دو طرح کی ہے یعنی توبہ ظاہری اور توبہ باطنی۔ توبہ ظاہری یہ ہے کہ تمام ظاہری اعضا گناہوں اور اخلاقِ ذمیمہ سے اطاعت کی طرف اور مخالفات (یعنی احکامِ الٰہی کی مخالفت) سے موافقات (یعنی رضائے الٰہی کے مطابق ہر عمل) کی طرف اپنے قول اور فعل سے رجوع کریں اور توبہ باطنی یہ ہے

---

[1] بھیڑ کی اون سے بنا لباس

کہ تصفیہ قلب کے ذریعے موافقات کی طرف رجوع کیا جائے۔اور جب یہ حاصل ہو جائے اور اوصافِ ذمیمہ اوصافِ حمیدہ میں بدل جائیں تو 'ت' کا مقام مکمل ہو جاتا ہے۔

'ص' صفائی سے ہے اور وہ بھی (مذکورہ بالا 'ت' کی طرح) دو طرح کی ہے، قلب کی صفائی اور سِرّ کی صفائی۔ پس قلب کی صفائی یہ ہے کہ قلب بشری حاجات سے پاک ہو جائے جو اُن بیماریوں کی مثل ہیں جو قلب میں کھانے، پینے، سونے اور بولنے کی زیادتی اور دنیاوی لذتیں جیسا کہ زیادہ کمانے، کثرتِ جماع اور اہل و اعیال کی محبت کی زیادتی سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ مذکورہ بالا خصائل سے قلب کو صاف کرنے کا طریقہ ابتدا میں (مرشد کامل کی) تلقین سے بلند آواز میں ذکرِ اَللّٰهُ کرنا ہے یہاں تک کہ ذاکر مقامِ خفی تک پہنچ جائے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ (الانفال-2)

ترجمہ: ''بے شک وہی مومنین ہیں کہ جب (اُن کے سامنے) ذکرِ اَللّٰهُ کیا جائے تو اُن کے دل کانپ اُٹھتے ہیں''۔

یعنی (ان کے قلب میں) خشیت الٰہی پیدا ہو جاتی ہے اور خشیت (یعنی خوفِ الٰہی) تب تک پیدا نہیں ہوتی جب تک قلب کو غفلت کی نیند سے بیدار نہ کیا جائے اور پھر (قلب کو) اتنا صیقل کیا جائے کہ اُس میں خیر و شر کی غیبی صورت نقش ہو جائے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ نے فرمایا:

❁ اَلْعَالِمُ یُنَقِّشُ وَالْعَارِفُ یُصَقِّلُ

ترجمہ: عالم نقش کرتا ہے اور عارف صیقل کرتا ہے۔

اور سِرّ کی صفائی یہ ہے کہ ماسویٰ اللہ سے اجتناب کرے اور صرف اُس (اللہ) سے محبت کرے اور سِرّ کی زبان سے مقامِ سِرّ میں اسماءِ توحید کا دائمی ذکر کرے۔ پس جب یہ صفت حاصل ہو جاتی ہے تو 'ص' کا مقام مکمل ہو جاتا ہے۔

اور 'و' ولایت سے ہے جو تصفیہ (یعنی قلب کی صفائی) کے بعد حاصل ہوتی ہے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ٥ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ (یونس۔62،64)

ترجمہ: خبردار! اللہ کے ولیوں کو نہ تو کوئی خوف ہے اور نہ کوئی غم۔ اُن کے لیے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں خوشخبری ہے۔

اور ولایت کا نتیجہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اخلاق سے متصف ہو جانا ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰهِ تَعَالٰى

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے متخلق ہو جاؤ۔

اور صفاتِ بشریت سے آزاد ہو کر صفاتِ الٰہیہ کا لباس پہنو۔ (حدیثِ قدسی میں) فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اِذَا اَحْبَبْتُ عَبْدًا كُنْتُ لَهٗ سَمْعًا وَّبَصَرًا وَّلِسَانًا وَّيَدًا وَّرِجْلًا فَبِىْ يَسْمَعُ وَبِىْ يَبْصُرُ وَبِىْ يَنْطِقُ وَبِىْ يَبْطِشُ وَبِىْ يَمْشِىْ

ترجمہ: جب میں کسی بندے کو اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کے کان اور آنکھ اور زبان اور ہاتھ اور پاؤں بن جاتا ہوں۔ پس وہ مجھ سے ہی سنتا ہے اور مجھ سے ہی دیکھتا ہے اور مجھ سے ہی کلام کرتا ہے اور مجھ سے ہی پکڑتا ہے اور مجھ سے ہی چلتا ہے۔[1]

پس اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا ہر چیز سے پاک ہو جاؤ جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ط اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا (بنی اسرائیل۔81)

ترجمہ: اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) فرما دیں کہ حق ظاہر ہو گیا اور باطل مٹ گیا بے شک باطل

---

[1] اللہ کی رضا پر چلتے ہوئے طالب جب محبوبیت کے مقام پر پہنچتا ہے تو اس کی اپنی ہستی فنا ہو چکی ہوتی ہے اور اس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات کا ظہور ہو جاتا ہے۔ پھر اس طالب کا ہر عمل درحقیقت اللہ تبارک وتعالیٰ کا عمل ہی ہوتا ہے۔

مٹنے کے لیے ہی ہے۔

پس یہاں 'ذ' کا مقام حاصل ہو جاتا ہے۔

اور پھر 'ف' ہے جو کہ اللہ جل جلالہٗ میں فنا سے ہے۔ پس جب بشری صفات فنا ہو جاتی ہیں تو صفاتِ احدیت ہی باقی رہ جاتی ہیں۔ پس 'ھُو' پاک ہے اور اُس کے لیے فنا ہے نہ زوال۔ پس فانی وجود کو باقی ربّ کے ساتھ اس کی رضا کے مطابق بقا حاصل ہوتی ہے اور فانی قلب[1] کو بقا پانے والے سرّ کے ساتھ بقا حاصل ہوتی ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ (القصص-88)

ترجمہ: ہر چیز فنا ہونے والی ہے سوائے اس (اللہ) کے چہرے کے۔

پس جب بندہ اعمالِ صالحہ سے اس کی رضا اور اس کے چہرے (کے دیدار) کو حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کرتا ہے تو اس کی رضا میں راضی ہو کر بقا حاصل کرتا ہے۔ اعمالِ صالحہ کے نتیجہ میں انسانِ حقیقی جسے طفلِ معانی کہا جاتا ہے، زندہ ہو جاتا ہے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ (فاطر-10)

ترجمہ: اسی کی طرف چڑھتا ہے پاک کلام اور نیک اعمال اسی کی طرف بلند ہوتے ہیں۔

پس وہ سب اعمال جو غیر اللہ کے لیے کیے جائیں، شرک ہیں اور وہ اعمال کرنے والے (عامل) کے لیے مہلک ہیں۔ پس جب فنا مکمل ہو جاتی ہے تو عالمِ قرب میں (حق تعالیٰ کے ساتھ) بقا حاصل ہوتی ہے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ (القمر-55)

ترجمہ: عظیم قدرت والے بادشاہ کے حضور سچ کی مجلس میں (دائمی حاضر) ہوں گے۔

اور یہ عالمِ لاھوت میں انبیاء و اولیاء کا مقام ہے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

---

[1] بعض لوگ قلب سے مراد باطن لیتے ہیں مگر قلب مکمل باطن نہیں ہے بلکہ باطن کا ایک حصہ ہے اس لیے جب بندہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں فنا ہوتا ہے تو اللہ کے سوا ہر چیز فنا ہو جاتی ہے یہاں تک کہ قلب بھی۔

وَاللّٰہُ مَعَ الصّٰادِقِیْنَ

ترجمہ: اور اللہ صادقین کے ساتھ ہے۔

پس جب حادث[1] قدیم[2] سے ملتا ہے تو (حادث کے) وجود کے لیے بقا نہیں رہتی۔[3]

پس جب فقر مکمل ہو جاتا ہے تو صوفی کو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ساتھ دائمی بقا حاصل ہو جاتی ہے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ (البقرہ-82)

ترجمہ: اہلِ جنت اس (جنتِ قرب میں حق تعالیٰ) کے ساتھ ہمیشہ رہیں گے۔

اور فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَاللّٰہُ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ (البقرہ-249)

ترجمہ: اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

---

[1] مخلوق [2] اللہ تعالیٰ [3] یعنی وجود فنا ہو جاتا ہے اور اللہ کی ذات باقی رہ جاتی ہے۔

فصل ہفتم

اذکار کے بیان میں

بے شک اللہ نے ذاکرین (حق تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں) کو ہدایت فرمائی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے:

۞ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ (البقرہ۔198)

ترجمہ: اور اُس (اللہ تعالیٰ) کا ذکر ایسے کرو جیسا کہ اس نے تمہیں ہدایت فرمائی ہے۔

یعنی تمہارے ذکر کے مراتب کی طرف۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے:

۞ اَفْضَلُ مَا قُلْتُ اَنَا وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ قَبْلِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

ترجمہ: میرے اور مجھ سے پہلے انبیاء کے ارشادات میں سب سے افضل (کلمہ) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے۔

پس ہر مقام کے لیے ایک خاص مرتبہ ہے، چاہے وہ ظاہری ہو یا پوشیدہ۔ سب سے پہلے (اللہ نے ذاکرین کی) ذکرِ زبان کی طرف، پھر ذکرِ نفس کی طرف، پھر ذکرِ قلب کی طرف، پھر ذکرِ روح کی طرف، پھر ذکرِ سرّ کی طرف، پھر ذکرِ خفی کی طرف اور (سب سے آخر میں) ذکرِ اخفی الخفی کی طرف ہدایت فرمائی ہے۔

☆ ذکرِ زبان وہ ہے جس میں قلب (وہ) ذکر کرتا ہے جس ذکرِ اَللّٰهُ کو وہ بھول چکا ہوتا ہے۔

☆ ذکرِ نفس وہ ہے جو حروف اور آواز کے ساتھ نہ سنا جائے بلکہ پردہ میں حس و حرکت سے سنا

جائے۔

☆ ذکرِ قلب وہ ہے جس میں قلب اپنے ضمیر (یعنی باطن) میں (اللہ تعالیٰ کا) جلال و جمال ملاحظہ کرتا ہے۔

☆ ذکرِ روح کا حاصل (اللہ تعالیٰ کی) صفات کے انوار و تجلیات کا مشاہدہ ہے۔

☆ اور ذکرِ سِرّ وہ مراقبہ ہے جس میں اسرارِ الٰہیہ منکشف ہوتے ہیں۔

☆ ذکرِ خفی وہ ہے جس میں عظیم قدرت والے ربّ کے پاس صدق کی مجلس میں ذاتِ احدیت کے جمال کے انوار کا دیدار ہے۔

☆ ذکرِ اخفی الخفی وہ ہے جس میں حق الیقین کی حقیقت کو اس طرح دیکھا جاتا ہے کہ اس پر حق تعالیٰ کے سوا کوئی بھی مطلع نہیں ہوتا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا:

❁ فَاِنَّهٗ یَعۡلَمُ السِّرَّ وَاَخۡفٰی (طٰہٰ-07)

ترجمہ: بے شک (اللہ) جانتا ہے ہر راز کو بلکہ اس سے بھی مخفی (پوشیدہ)۔

اور یہ (ذکرِ اخفی الخفی) تمام علوم اور اس کی انتہا اور تمام مقاصد (کے حصول) تک پہنچانے والا ہے۔

جان لو! اگر تم آخری روح (یعنی روحِ قدسی) تک ترقی کر لو جو کہ تمام ارواح سے زیادہ لطیف ہے، تو وہ وہی طفلِ معانی (یعنی حقیقی انسان) ہے جو نہایت لطیف ہے اور مختلف طریقوں سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف دعوت دیتا ہے۔ بعض اکابرین نے فرمایا ہے "یہ روح (یعنی روحِ قدسی) ہر ایک کے لیے نہیں بلکہ خواص کے لیے ہے" جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ یُلۡقِی الرُّوۡحَ مِنۡ اَمۡرِهٖ عَلٰی مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ (مومن-15)

ترجمہ: (اللہ تعالیٰ) اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے عالمِ امر سے روح القا فرما دیتا ہے۔

اور یہ روح عالمِ حقیقت (عالمِ لاھوت) میں ہر وقت قدرت اور مشاہدۂ الٰہی میں مشغول رہتی ہے اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے سوا کسی کی طرف توجہ نہیں کرتی۔ جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

۞ اَلدُّنْیَا حَرَامٌ عَلٰی اَھْلِ الْاٰخِرَۃِ وَالْاٰخِرَۃُ حَرَامٌ عَلٰی اَھْلِ الدُّنْیَا وَھُمَا حَرَامَانِ عَلٰی اَھْلِ اللّٰہِ

ترجمہ: دنیا اہلِ آخرت پر حرام ہے اور آخرت اہلِ دنیا پر حرام ہے اور یہ دونوں (یعنی دنیا و آخرت) اہلِ اللہ (یعنی طالبانِ مولیٰ) پر حرام ہیں۔

اور وہ (روحِ قدسی) طفلِ معانی ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ سے وصال کا طریقہ یہ ہے کہ دن رات احکامِ شریعت پر عمل کر کے صراطِ مستقیم پر جسم کی حفاظت کی جائے اور دائمی طور پر پوشیدہ اور اعلانیہ ذکرِ اَللّٰہُ میں مشغول رہا جائے کیونکہ یہ طالبوں پر فرض کر دیا گیا ہے (کہ وہ ہمیشہ ذکرِ اَللّٰہُ میں مشغول رہیں) جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

۞ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ (النساء۔103)

ترجمہ: پس اللہ کا ذکر کرو کھڑے، بیٹھے اور پہلوؤں کے بل لیٹے ہوئے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (آلِ عمران۔191)

ترجمہ: اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے، بیٹھے اور پہلوؤں کے بل لیٹے ہوئے اور زمین و آسمان کی پیدائش میں غور و فکر کرتے ہیں۔

فصل ہشتم

ذکر کی شرائط کے بیان میں

ذاکر کو چاہیے کہ وہ مکمل طور پر باوضو ہو اور شدید ضرب اور (باطنی طور پر) قوی آواز کے ساتھ ذکر کرے یہاں تک کہ ذاکر کو ذکر کے وہ انوار حاصل ہو جائیں جو ذاکرین کے باطن میں (ذکر سے) پیدا ہوتے ہیں اور ان انوار کے باعث (ذاکرین کے) قلوب کو زندگی اور حیاتِ ابدی و اُخروی نصیب ہوتی ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى (الدخان-56)

ترجمہ: اس (جنت) میں پہلی موت کے سوا وہ دوسری موت کا مزہ نہ چکھیں گے۔

اور جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْمُؤْمِنُوْنَ لَا يَمُوْتُوْنَ بَلْ يَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارِ الْفَنَاءِ اِلٰى دَارِ الْبَقَاءِ

ترجمہ: مومنین مرتے نہیں بلکہ دار الفنا سے دار البقا کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مزید فرمایا:

❁ اَلْاَنْبِيَاءُ وَالْاَوْلِيَاءُ يُصَلُّوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ كَمَا يُصَلُّوْنَ فِيْ بُيُوْتِهِمْ

ترجمہ: انبیاء اور اولیاء اپنی قبروں میں ایسے نماز ادا کرتے ہیں جیسے اپنے گھروں میں ادا کیا کرتے تھے۔

یعنی اپنے ربّ کی مناجات کرتے ہیں اور اس سے مراد وہ ظاہری نماز ہرگز نہیں جس میں قیام اور

قعود (التحیات کے لیے بیٹھنا) اور رکوع اور سجود ہوتا ہے بلکہ محض وہ مناجات ہیں جو بندوں کی طرف سے ہیں اور (مناجات کے بدلے میں) معرفت کا ہدیہ اللہ عزوجل کی طرف سے ہے۔ پس ایسا عارف زندہ قلب کے باعث زیادہ مناجات کرنے سے اللہ تبارک وتعالیٰ کا محرم ہو جاتا ہے اور اس (عارف) کے لیے موت نہیں[1] جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ تَنَامُ عَيْنِيْ وَلَا يَنَامُ قَلْبِيْ

ترجمہ: میری آنکھیں سوتی ہیں جبکہ میرا دل نہیں سوتا۔[2]

اور جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے:

❁ مَنْ مَّاتَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ بَعَثَ اللّٰهُ فِيْ قَبْرِهٖ مَلَكَيْنِ يُعَلِّمَانِهٖ عِلْمَ الْمَعْرِفَةِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَقَامَ مِنْ قَبْرِهٖ عَالِمًا وَّ عَارِفًا

ترجمہ: جسے علم (یعنی علمِ معرفت) کی طلب میں موت آئے گی تو اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کی قبر میں دو فرشتے متعین فرمائے گا جو اُسے قیامت تک معرفت کا علم سکھاتے رہیں گے اور جب وہ اپنی قبر سے اُٹھے گا تو وہ عالم اور عارف ہوگا۔

ان دو فرشتوں سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور ولی رحمہم اللہ (یعنی مرشد کامل اکمل) کی روحانیت ہے کیونکہ فرشتہ عالمِ معرفت میں داخل نہیں ہو سکتا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

❁ كَمْ مِنْ شَخْصٍ مَاتَ جَاهِلًا وَقَامَ مِنْ قَبْرِهٖ عَالِمًا وَّ عَارِفًا وَ كَمْ مِّنْ شَخْصٍ مَاتَ عَالِمًا وَقَامَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جَاهِلًا اَوْ فَاسِقًا وَّمُفْلِسًا

ترجمہ: ''کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو جاہل (اللہ تعالیٰ کی معرفت سے بے خبر) فوت ہوں گے لیکن

---

[1] حضرت سخی سلطان باھوُ رحمتہ اللہ علیہ پنجابی ابیات میں فرماتے ہیں ''میں قربان تنہاں توں باھوُ، قبر جنہاں دی جیوے ھُو'' یعنی وہ مرنے کے بعد بھی اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں۔ [2] عارف بظاہر تو سورہا ہوتا ہے مگر قلب کی حیات کے بعد نیند میں بھی عارف کا دل اپنے محبوبِ حقیقی کے دیدار اور اس سے کلام میں مشغول ہوتا ہے۔

اپنی قبر سے عالم اور عارف (بن کر) اُٹھیں گے اور کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو عالم فوت ہوں گے لیکن قیامت کے دن جاہل یا فاسق اور مفلس اُٹھیں گے[1]۔''

جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ (الاحقاف-20)

ترجمہ: ''اپنے حصے کی پاک چیزیں تو تم اپنی دنیا کی زندگی میں ہی حاصل کر چکے ہو اور انہیں خوب استعمال کر چکے ہو پس آج (قیامت) کے دن ان (دکھاوے کے اعمال) کے بدلے میں تمہیں رسوائی کا عذاب دیا جاتا ہے۔''

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ

ترجمہ: بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

نیک آدمی کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہوتی ہے اور فاسق کی نیت اس کے عمل سے بھی بدتر ہوتی ہے کیونکہ نیت عمل کی بنیاد ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

بِنَاءُ الصَّحِيْحِ عَلَى الصَّحِيْحِ صَحِيْحٌ وَبِنَاءُ الْفَاسِدِ عَلَى الْفَاسِدِ فَاسِدٌ

ترجمہ: ''صحیح (عمل) کی بنیاد صحیح (نیت) کے باعث صحیح ہوتی ہے اور فاسد (عمل) کی بنیاد فاسد (نیت) کے باعث فاسد ہوتی ہے[2]۔''

---

[1] یعنی دنیا میں علم کی کثرت کے باعث بہت بڑے عالم مانے جاتے ہوں گے مگر اللہ تعالیٰ کی معرفت اور پہچان سے اندھے اور محروم ہونے اور علم پر تکبر کے باعث روزِ قیامت مفلس یا جاہل اٹھیں گے۔ لیکن بہت سے لوگ ایسے ہوں گے جو جاہل فوت ہوں گے مگر ان کی طلب چونکہ اللہ پاک کی رضا اور معرفت کا حصول تھی اس لیے اللہ تبارک و تعالیٰ قبر میں ہی ان کی تربیت کا انتظام فرمائے گا اور وہ عالم اور عارف بن کر اٹھیں گے۔ [2] چونکہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اس لیے اگر نیت یعنی بنیاد ٹھیک ہوگی تو عمل بھی ٹھیک ہوگا اور اگر نیت ہی فاسد ہوگی تو عمل بھی فاسد ہوگا۔

جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ (الشوریٰ۔20)

ترجمہ: ''جو آخرت کی کھیتی چاہتا ہے ہم اس کے لیے اُس (آخرت کی) کھیتی کو بڑھا دیتے ہیں اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے اُسے اُس (دنیا کی نعمتوں) میں سے دے دیتے ہیں اور اس کے لیے آخرت (کے اجر) میں کچھ حصہ نہیں'' [1]

پس دنیا میں مرنے سے پہلے اہلِ تلقین (مرشد کامل اکمل) سے حیاتِ قلبی و اُخروی طلب کرنا واجب ہے کیونکہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ پس جب اُس میں کچھ بوؤ گے ہی نہیں تو آخرت میں کاٹو گے کیا۔ اور کھیتی سے مراد آفاق (یعنی عالمِ ناسوت) میں نفسانی وجود کی زمین ہے۔

---

[1] ان لوگوں کے اعمال اور عبادات کا مقصد ہی دنیاوی لذات اور خواہشات کا حصول تھا لہٰذا اللہ تعالیٰ نے انہیں دنیا میں ہی ان کے اعمال کا بدلہ دے دیا ہے اور جو لوگ حصولِ جنت یا رضائے الٰہی کے لیے اعمالِ صالحہ کرتے ہیں انہیں آخرت میں ضرور بہترین بدلہ دیا جائے گا۔

فصل نہم

دیدارِ الٰہی کے بیان میں

پس دیدارِ الٰہی دو طرح سے ہو سکتا ہے:

۱۔ آخرت میں کسی آئینہ کے واسطہ کے بغیر اللہ تبارک وتعالیٰ کے جمال کا دیدار۔

۲۔ اور دنیا میں قلب کے آئینہ کے واسطہ سے اللہ عزّ وجل کی صفات کا دیدار ہوتا ہے جو کہ فواد (قلب) کی نظر (نورِ بصیرت) سے (اللہ تعالیٰ کے) جمال کے انوار کا عکس دیکھنا ہے۔

جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى (النجم-11)

ترجمہ: ''قلب نے اُسے نہ جھٹلایا جو (چشمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے) دیکھا۔''

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ الْمُؤْمِنِ

ترجمہ: ''مومن مومن کا آئینہ ہے۔''

یہاں پہلے مومن سے مراد مومن بندے کا قلب ہے اور دوسرے (مومن) سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

پس جو دنیا میں صفات (یعنی صفاتِ الٰہیہ) کا مشاہدہ کرے گا وہ آخرت میں (اللہ کی) ذات کو بلا کیف دیکھے گا اور دیدارِ الٰہی کے متعلق اولیاء کرام نے اکثر ایسے دعوے کیے ہیں جیسا کہ حضرت

عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

۞ رَأَىٰ قَلْبِي رَبِّي بِنُوْرِ رَبِّي

ترجمہ: میں نے اپنے قلب میں اپنے ربّ کو نورِ ربی کے واسطہ سے دیکھا۔

اور جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

۞ لَمْ اَعْبُدْ رَبًّا لَمْ اَرَاهُ

ترجمہ: میں اپنے ربّ کی عبادت تب تک نہیں کرتا جب تک میں اسے دیکھ نہ لوں۔

یہ سب (اللہ کی) صفات کے مشاہدات ہیں جیسے کوئی طاق سے سورج کی شعاعوں کو دیکھے اور (وہ) اس (دیکھنے) کے بارے میں سچا ہے کیونکہ وہ اس کی (روشنی کی) وسعت کے لحاظ سے کہہ سکتا ہے کہ اُس نے سورج کو دیکھا۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے کلام میں اپنی صفات کے اعتبار سے اپنے نور کی مثال ایسے دیتا ہے:

۞ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ (النور-35)

ترجمہ: اس (اللہ) کے نور کی مثال ایسے ہے جیسے کہ ایک طاق جس میں چراغ ہو اور وہ چراغ ایک فانوس کے اندر ہے اور وہ فانوس ایسے ہے جیسے کوئی چمکتا ستارہ، جو کہ زیتون کے مبارک درخت سے روشن ہوتا ہے۔

پس کہا جا سکتا ہے کہ وہ طاق مومن کا قلب ہے اور وہ چراغ قلب کا سِرّ ہے جو کہ روحِ سلطانی ہے اور قلب فانوس ہے جسے اُس کی نورانیت کی شدت کے باعث چمکدار موتی سے تشبیہ دی گئی ہے۔

اس نور کے معدن (ماخذ) کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ زیتون کے مبارک درخت سے روشن ہے، (زیتون سے مراد) تلقین اور توحید کا وہ درخت ہے جس کا ماخذ بغیر کسی واسطہ کے (خود) زبانِ حق تعالیٰ ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اصل میں ذاتِ حق تعالیٰ نے قرآنِ پاک تلقین کیا لیکن مصلحتِ عام اور کفار اور منافقین کے (آیاتِ قرآن سے) انکار کے باعث جبرائیل

علیہ السلام نازل ہوئے اور اس بات کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہی تھا:

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ O (النمل-06)

ترجمہ: اور بے شک آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو حکمت والے اور علم والے (ربّ) نے قرآن تلقین فرمایا۔

اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جلدی فرماتے اور جبرائیل علیہ السلام کے پیغامِ وحی میں سبقت لے جاتے[1] یہاں تک کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا پیغام نازل ہوا:

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ (طٰہٰ-114)

ترجمہ: اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جلدی نہ فرمایا کریں جب تک آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر وحی پوری نہ ہو جائے۔

اسی لیے معراج کی رات جبرائیل علیہ السلام پیچھے رہ گئے کیونکہ وہ سدرۃ المنتہیٰ سے آگے بڑھنے کی استطاعت نہ رکھتے تھے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں اس درخت کے لیے یہ تشبیہ فرمائی کہ:

لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ (النور-35)

ترجمہ: (توحید وتلقین کا وہ درخت) نہ شرقی ہے نہ غربی۔

یعنی وہ اپنی حدود وعدم اور طلوع وغروب سے پاک اور ازلی ہے جسے فنا نہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ قدیم، ازلی، لازوال اور دائمی ہے اسی طرح اُس کی صفات بھی ایسے ہی (قدیم، ازلی، لازوال اور دائمی) ہیں کیونکہ اُس کے انوار اور تجلیات اور اس کی صفات اُس کی ذات کی وجہ سے ہی قائم ہیں۔ اور (اُس کی) عبادت تب تک نہیں ہو سکتی جب تک قلب کے آئینے سے حجابات (یعنی ظلماتی پردے) دور نہ ہو جائیں۔

پس جب قلب انوار (کے فیوضات) سے زندہ ہو جاتا ہے تو روح اُس طاق (یعنی مومن کے

---

[1] یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جبرائیل علیہ السلام کے بتانے سے پہلے ہی آیات پڑھ دیتے۔

قلب) سے صفاتِ حق تعالیٰ کا مشاہدہ کرتی ہے جس کے ساتھ ہی اُس پر یہ راز منکشف ہو جاتا ہے کہ اس عالمِ خلق کو پیدا کرنے کا مقصد مخفی خزانہ (یعنی حق تعالیٰ) کو ظاہر کرنا ہے جیسا کہ حدیثِ قدسی میں فرمایا گیا:

❁ كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًا فَاَرَدْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِيَعْرِفُوْنِيْ

ترجمہ: میں ایک مخفی خزانہ تھا پس میں نے ارادہ کیا کہ میں پہچانا جاؤں پس میں نے مخلوق کو پیدا فرمایا تا کہ وہ مجھے پہچانیں۔

یعنی دنیا میں صفات کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور آخرت میں بغیر کسی آئینہ کے واسطہ کے سرّ (طفلِ معانی) کی نگاہ سے انشاء اللہ اس کی ذات کا دیدار ہو گا جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ o اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ (القیامۃ۔22,23)

ترجمہ: اُس (قیامت کے) دن بہت سے چہرے تروتازہ ہوں گے اور اپنے ربّ کے دیدار میں مشغول ہوں گے۔

شاید اس سے مراد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ قول ہے:

❁ رَاَيْتُ رَبِّيْ عَلٰى صُوْرَةِ شَابٍ اَمْرَدَ

ترجمہ: میں نے اپنے ربّ کو ایک بے ریش نوجوان کی صورت میں دیکھا۔[1]

اور وہ (صورت) طفلِ معانی (کی) ہے اور روح کے آئینہ میں (طفلِ معانی کی) یہ صورت ہی ربّ کی تجلی ہے کیونکہ یہ صورت روح کا آئینہ ہے جو تجلی اور متجلی[2] کے درمیان واسطہ ہے ورنہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات صورت، کھانے پینے اور وجودی ضروریات سے پاک ہے۔

پس (طفلِ معانی کی) صورت ایک آئینہ ہے اور اس میں دکھائی دینے والا آئینہ ہے نہ دیکھنے والا (یعنی وہ خود ذاتِ حق تعالیٰ ہے)۔ پس (اس حقیقت کو) سمجھ لو کہ وہ (روح) اس عالمِ صفات میں اس سرّ کا مغز ہے کیونکہ عالمِ ذات میں تمام واسطے اور اسباب جل جاتے ہیں اور اس عالم میں اللہ

---

[1] اللہ تبارک وتعالیٰ کے حسن وجمال کی طرف اشارہ ہے۔ [2] تجلی فرمانے والا

کے سوا کسی (بھی چیز) کا نام اور نشان نہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ عَرَفْتُ رَبِّیْ بِرَبِّیْ

ترجمہ: میں نے اپنے ربّ کو اپنے ربّ سے ہی پہچانا۔

یعنی نورِ ربی سے پہچانا۔ اور انسان کی حقیقت اس نور کی محرم ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حدیثِ قدسی میں فرمایا:

❁ اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

ترجمہ: انسان میرا راز ہے اور میں انسان کا راز ہوں۔

اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَنَا مِنَ اللّٰہِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ مِنِّیْ

ترجمہ: میں اللہ سے ہوں اور تمام مومنین مجھ سے ہیں۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ خَلَقْتُ مُحَمَّدًا مِنْ نُوْرِ وَجْھِیْ

ترجمہ: میں نے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو اپنے چہرے کے نور سے پیدا فرمایا۔

اور چہرے سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ ہے جو کہ صفتِ ارحمیت[1] کے ساتھ (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صورت میں) متجلی ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ اِنَّ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ عَلٰی غَضَبِیْ

ترجمہ: بے شک میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نور کی شان میں فرمایا:

❁ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ (الانبیاء۔107)

ترجمہ: اور ہم نے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔

---

[1] رحمت نازل کرنے کی صفت

اللہ تعالیٰ نے مزید فرمایا:

❁ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ (المائدہ-15)

ترجمہ: اور تمہارے پاس اللہ کی جانب سے ایک نور اور کتابِ مبین آئی۔[1]

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے حدیثِ قدسی میں فرمایا:

❁ لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ

ترجمہ: اگر آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) نہ ہوتے تو میں افلاک (یعنی کائنات) کو پیدا نہ فرماتا۔

---

[1] حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ مبارکہ کی طرف اشارہ ہے کہ نور اور کتابِ مبین سے مراد حقیقتِ محمدیہ ہے جو ہر زمانے میں اس زمانے کے اکمل کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے اور قیامت تک ہوتی رہے گی۔ اور اس انسانِ کامل کی صورت میں ہی اللہ پاک کا دیدار نصیب ہوتا ہے اور انسانِ کامل کی پہچان ذکر و تصور اسم اَللّٰہُ ذات سے ہوتی ہے۔

فصل دہم

حجاباتِ ظلمانیہ اور نورانیہ کے بیان میں

(ظلمت اور نورانیت کے بارے میں) اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

وَمَنْ كَانَ فِي هَٰذِهِ أَعْمَىٰ فَهُوَ فِي الْآخِرَةِ أَعْمَىٰ وَأَضَلُّ سَبِيلًا (بنی اسرائیل-72)

ترجمہ: اور جو اس جہان (یعنی دنیا) میں (معرفتِ الٰہی سے) اندھا رہا وہ آخرت میں بھی (معرفتِ الٰہی سے) اندھا اور راہ (معرفت کی راہ) سے بھٹکا ہوا رہے گا۔

اور اندھا ہونے سے مراد قلب کا اندھا ہونا ہے چنانچہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ (الحج-46)

ترجمہ: اور یہ کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ قلوب اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔

اور قلب کے اندھا ہونے کا سبب اپنے ربّ سے کیے ہوئے (اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کے) عہد کے بعد اُس (عہد) سے غفلت برتنے اور اُسے بھول جانے کا حجاب ہے اور غفلت کا سبب حکمِ الٰہی کی حقیقت سے بے خبری ہے اور بے خبری کا سبب ظلماتی صفات جیسا کہ تکبر، کینہ، حسد، بُخل، عُجب، غیبت، چغلی اور جھوٹ وغیرہ کا غلبہ ہے اور انسان کے اسفل سافلین کی طرف تنزلی کا سبب بھی یہی صفاتِ ذمیمہ ہیں اور ان صفاتِ ذمیمہ سے رہائی کا طریقہ یہی ہے کہ قلب کے آئینہ کی ظاہری اور باطنی طور پر صفائی، صاف کرنے والے آلۂ توحید (ذکر وتصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات) اور علم اور عمل اور سخت مجاہدہ سے کی جائے یہاں تک کہ نورِ توحید اور صفات (یعنی صفاتِ الٰہیہ سے متصف ہونے)

سے قلب زندہ ہو جائے اور اپنے اصلی وطن (عالم لاھُوت) کو یاد کر لے اور (اُس میں) اپنے حقیقی وطن کی طرف رجوع کرنے کا شوق پیدا ہو جائے جو کہ اللہ عزَّوجل کی عنایت سے ہی حاصل ہوگا۔ حجاباتِ ظلمانیہ کے اُٹھ جانے کے بعد نورانیت باقی رہ جاتی ہے اور روح کو بینائی حاصل ہونے کے باعث انسان صاحبِ بصیرت ہو جاتا ہے اور اسمائے صفات کے نور سے منور ہو جاتا ہے یہاں تک کہ (صفات کی) نورانیت کے حجابات بھی آہستہ آہستہ اُٹھ جاتے ہیں اور دل نورِ ذات سے منور ہو جاتا ہے۔

جان لو کہ دل کی دو آنکھیں ہیں ایک چھوٹی آنکھ اور ایک بڑی آنکھ۔ چھوٹی آنکھ عالمِ درجات کی انتہا تک اسمائے صفات کے نور سے تجلیاتِ صفات کا مشاہدہ کرتی ہے اور بڑی آنکھ عالمِ لاھُوت اور عالمِ قرب میں احدیت کے نورِ توحید سے انوار و تجلیاتِ ذات کا مشاہدہ کرتی ہے۔ انسان کو یہ مراتب موت سے قبل اپنی نفسانیت اور بشریت کو فنا کر لینے سے حاصل ہو سکتے ہیں لیکن اُس عالم (عالمِ لاھُوت) میں ان (مراتب) کے وصول کا انحصار انسان کی نفسانیت کے منقطع[1] ہو جانے پر ہے۔ اللہ تعالیٰ تک رسائی اس طرح ہرگز نہیں ہوتی جیسے جسم کی مجسم تک، علم کی معلوم تک، عقل کی معقول تک اور وھم کی موھوم تک، بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ بندہ اس قدر غیر اللہ سے منقطع ہو جائے کہ قرب و دوری، اطراف[2] و مقابلہ[3] اور وصل وجدائی کا بھی نشان نہ رہے۔ پس پاک ہے وہ ذات جو پوشیدگی میں بھی ظاہر ہے اور اپنی تجلی میں پوشیدہ ہے اور اپنی معرفت میں غیر معروف ہے۔

پس جس نے دنیا میں ہی اس حقیقت کو حاصل کر لیا اس نے اپنے نفس کا محاسبہ کر لیا، قبل اس کے کہ آخرت میں اُس کا محاسبہ کیا جائے۔ پس وہ فلاح پانے والوں میں سے ہے ورنہ مستقبل (یعنی آخرت) میں اس کے مکر و فریب کا انجام نہایت بھیانک ہے مثلاً عذابِ قبر، حسابِ محشر اور میزان اور پل صراط اور اس کے علاوہ دوسرے احوالِ آخرت۔

---

[1] ختم ہو جانا [2] چار اطراف مشرق، مغرب، شمال، جنوب [3] آگے اور پیچھے کی اطراف

گیارھویں فصل

سعادت اور شقاوت کے بیان میں

جان لے کہ بے شک لوگ ان دو صفات (سعادت اور شقاوت) سے (کبھی بھی) خالی نہیں ہوتے۔ کبھی یہ دونوں صفات ایک ہی انسان میں پائی جاتی ہیں۔ پس جب انسان کی نیکیاں اور اس کا اخلاص غالب آجاتا ہے تو نفسانیت روحانیت میں بدل جاتی ہے یعنی شقاوت سعادت میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ مگر جب وہ (انسان) ہوا و ہوس کی پیروی کرتا ہے تو معاملہ اس کے برعکس ہو جاتا ہے (یعنی سعادت شقاوت میں بدل جاتی ہے) اور جب انسان ان دونوں جہتوں کے لحاظ سے برابر ہو تو وہ نیکی کی طرف مائل ہوجاتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا (الانعام-160)

ترجمہ: جو ایک نیکی لائے گا اس کے لیے اُس (نیکی) جیسی دس نیکیاں ہوں گی۔

اور شاید اس سے بھی زیادہ (نیکیاں ہوں)۔ اور اس کے لیے میزان قائم کیا جاتا ہے لیکن جس کی نفسانیت قطعی طور پر اس کی روحانیت میں تبدیل ہوجاتی ہے اس کے لیے میزان کی بھی ضرورت نہیں۔ وہ بغیر حساب کے آئے گا اور بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوگا۔ جو اس کے برعکس کرتا ہے وہ بغیر حساب کے دوزخ میں داخل ہوگا لیکن جس نے نیکیوں کو ترجیح دی ہوگی وہ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوگا جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ○ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ○ (القارعہ-6,7)

ترجمہ: پس جس کا میزان (یعنی نیکیوں والا پلڑا) بھاری ہوگا پس وہ پسندیدہ زندگی میں ہوگا۔

اور جس نے برائیوں کو ترجیح دی ہوگی اُسے اُن برائیوں کے مطابق عذاب دیا جائے گا اور وہ دوزخ سے نکال دیا جائے گا۔ اگر اُس کے پاس تھوڑا سا بھی ایمان ہوا تو وہ جنت میں داخل ہوگا اور سعادت اور شقاوت سے ہماری مراد نیکیوں اور برائیوں کا ایک دوسرے سے بدلنا ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلشَّقِيُّ قَدْ يَسْعَدُ وَالسَّعِيْدُ قَدْ يَشْقٰى

ترجمہ: شقی کبھی سعید ہو سکتا ہے اور سعید کبھی شقی ہو سکتا ہے۔

پس جب (انسان کی) نیکیاں (برائیوں سے) بڑھ جاتی ہیں تو وہ سعید ہوگا اور جب برائیاں (نیکیوں سے) بڑھ جاتی ہیں تو (وہ انسان) شقی ہوگا۔ پس جو توبہ کرے اور (اللہ پر) ایمان لے آئے اور نیک اعمال کرے تو اس کی شقاوت' سعادت میں تبدیل ہو جاتی ہے اور جس کے مقدر میں ازل سے ہی سعادت یا شقاوت لکھ دی گئی ہو وہ اُسے مل کر ہی رہتی ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلسَّعِيْدُ سَعِيْدٌ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ وَالشَّقِيُّ شَقِيٌّ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ

ترجمہ: سعید اپنی ماں کے پیٹ سے ہی سعید ہے اور شقی اپنی ماں کے پیٹ سے ہی شقی ہے۔

پس اس بحث میں (کہ کوئی انسان سعید ہے یا شقی) ہرگز نہیں الجھنا چاہیے کیونکہ تقدیر کے اسرار پر بحث کرنے کا نتیجہ بے دینی ہے۔ اور کسی کے لیے بھی جائز نہیں کہ وہ اسرارِ تقدیر کو بہانہ بنا کر نیک اعمال ترک کر دے اور کہے کہ اگر میں ازل سے ہی شقی لکھ دیا گیا ہوں تو میرے نیک اعمال مجھے کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتے اور اگر میں سعید ہوں تو بُرے اعمال مجھے ضرر نہیں پہنچا سکتے۔ بے شک ابلیس نے اپنے فعل کو تقدیر کی طرف منسوب کیا تو کافر و مردود ہو گیا اور حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی خطا کو اپنے نفس کی طرف منسوب کیا تو فلاح پا گئے اور (اللہ نے) اُن پر رحم فرمایا۔

پس ہر مسلمان کے لیے واجب ہے کہ وہ اسرارِ تقدیر میں ہرگز تفکر نہ کرے کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ اپنے

اس فعل کی بدولت پریشان ہو جائے اور اس بات سے (ہمیشہ) خوفزدہ رہے کہ کہیں وہ بے دین نہ ہو جائے۔ ہر مومن مسلمان کے لیے یہ عقیدہ رکھنا فرض ہے کہ اللہ عزّ وجل حکمت والا ہے اور یہ تمام احوال جیسا کہ کفر، نفاق، فسق جو انسان اس دنیا میں دیکھتا ہے، تمام اللہ جلّ جلالہٗ کے حکم کے ماتحت ہیں جس سے وہ اپنی رضا کے مطابق اپنی قدرت اور حکمت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس میں ایک عظیم راز (پوشیدہ) ہے جس سے سوائے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کوئی بھی بشر مطلع نہیں۔

ایک حکایت میں بیان کیا گیا ہے کہ ایک عارف نے اللہ سے مناجات میں عرض کی ''الٰہی! تُو قدرت والا ہے اور تُو نے ہی ارادہ کیا اور تُو نے ہی میرے نفس میں برائی پیدا کی۔'' ہاتفِ غیبی سے آواز آئی ''اے میرے بندے! یہی شرطِ توحید ہے جو شرطِ عبودیت ہے[1]۔'' عارف نے پھر التجا کی اور کہا ''میں نے خطا کی اور میں نے گناہ کیا اور میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا''۔ ہاتفِ غیبی سے آواز آئی ''میں نے (تیری خطاؤں کو) بخش دیا اور (تیرے گناہوں سے) درگزر کیا اور (تیرے حال پر) رحم کیا۔''

پس ہر مومن پر فرض ہے کہ نیک اعمال کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی توفیق سمجھے اور برائی کو اپنے نفس کی شامت سمجھے یہاں تک کہ اللہ کے اُن نیک بندوں میں ہو جائے جن کا ذکر اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس فرمان میں ہے:

۞ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۖ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ (آل عمران۔135)

ترجمہ: جو لوگ بے حیائی کا کام کریں یا (گناہوں کے باعث) اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں تو وہ ذکرِ اَللّٰہ کریں اور اپنے گناہوں کی معافی چاہیں کہ اللہ کے سوا کون ہے جو گناہوں کو بخشے۔

لہٰذا بندے کی بہتری اور بھلائی اسی میں ہے کہ گناہوں کا سرزد ہو جانا اللہ کی طرف منسوب کرنے

---

[1] یعنی اس بات پر یقین رکھنا کہ ہر امر اللہ ہی کی طرف سے ہے اور اللہ کے حکم کے بغیر کچھ بھی ہونا ممکن نہیں۔

کی بجائے اپنے نفس کی طرف منسوب کرے کیونکہ وہی خالقِ حقیقی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے:

اَلشَّقِیُّ وَالسَّعِیْدُ فِی بَطْنِ اُمِّہٖ

ترجمہ: (انسان) شقی اور سعید اپنی ماں کے پیٹ سے ہی ہے۔

یہاں 'ماں' سے مراد ان چار عناصر (مٹی، پانی، آگ اور ہوا) کا مجموعہ ہے جس سے بشری قوتیں پیدا ہوتیں ہیں۔ پس مٹی اور پانی سعادت کے مظہر ہیں کہ یہ قلب میں ایمان، علم اور تواضع کو زندہ کرتے اور اُن کی نشوونما کرتے ہیں اور اس کے برعکس آگ اور ہوا جلاتے اور ہلاک کرتے ہیں۔ پاک ہے وہ ذات جس نے ان مخالف اجزا کو ایک ہی جسم میں جمع کر دیا جیسے پانی اور آگ کو اور نور اور ظلمت کو بادلوں میں جمع کر دیا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْکُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّیُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ○ (الرعد-12)

ترجمہ: وہی ہے جو تمہیں بجلی دکھاتا ہے جس میں خوف بھی ہے اور اُمید بھی۔ اور اُٹھاتا ہے بھاری بادلوں کو۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رازیؒ سے سوال کیا گیا ''آپ نے اللہ کو کیسے پہچانا؟'' جواب دیا ''مجموعہ اضداد[1] سے۔''

اسی لیے انسان آئینۂ جمال وجلالِ حق تعالیٰ اور مجموعۃ الکون[2] ہے اور اسے کونِ جامع[3] اور عالمِ کبریٰ[4] کا نام دیا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے دونوں ہاتھوں یعنی صفتِ قہر اور صفتِ لطف سے پیدا فرمایا کہ آئینہ کے لیے دو صفات یعنی کثافت اور لطافت کا ہونا ضروری ہے۔ پس انسان اسمِ جامع (اسمِ ذات) کا مظہر ہے کیونکہ اس کے علاوہ دوسری تمام اشیاء کو صرف ایک ہی

---

[1] اضداد جمع ہے ضد کی۔ یعنی مخالف چیزوں کو ایک ہی جسم میں جمع کر دینا۔ اللہ کی صفات بھی اضداد کا مجموعہ ہے۔ وہ رحیم بھی ہے اور جبار بھی، غفور بھی ہے اور قہار بھی [2] عالمِ موجودات کا خلاصہ [3] خلاصۂ کائنات [4] سب سے بڑا عالم

ہاتھ یعنی صفتِ لطف سے پیدا فرمایا جیسا کہ فرشتے اسمِ سبوح القدوس کے مظہر ہیں اور صفتِ قہر سے ابلیس اور اس کی اولاد کو پیدا فرمایا اور وہ اسمِ جبار کے مظہر ہیں اسی لیے انہوں نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے سرکشی اور تکبر کیا۔ چونکہ انسان تمام کائنات کی علوی[1] اور سفلی[2] صفات کا مجموعہ ہے اسی لیے انبیاء اور اولیاء کرام بھی لغزشوں سے خالی نہیں لیکن انبیاء اپنی نبوت و رسالت کے باعث معمولی لغزشوں کے علاوہ کبیرہ گناہوں سے پاک ہوتے ہیں لیکن اولیاء کرام (گناہوں سے) معصوم نہیں ہیں۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بے شک اولیاء کرام ولایت کے کمال کو پہنچ کر کبیرہ گناہوں سے بھی محفوظ ہو جاتے ہیں۔

شیخ شقیق بلخی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ سعادت کی پانچ علامات ہیں: (۱) نرم دلی (۲) کثرتِ گریہ زاری (۳) دنیا میں زہد (۴) امیدوں کو کم کرنا (۵) کثرتِ حیا۔

شقاوت کی بھی پانچ علامات ہیں:

(۱) سخت دلی (۲) آنکھوں سے آنسوؤں کا جاری نہ ہونا (۳) دنیا (کی لذات) سے رغبت (۴) طویل امیدیں (۵) حیا کی کمی

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ عَلَامَةُ السَّعِيْدِ اَرْبَعَةٌ اِذَا ائْتُمِنَ عَدَلَ وَاِذَا عَاهَدَ وَفٰى وَاِذَا تَكَلَّمَ صَدَقَ وَاِذَا خَاصَمَ لَمْ يَشْتِمْ۔

وَعَلَامَةُ الشَّقِيِّ اَرْبَعَةٌ اِذَا ائْتُمِنَ خَانَ وَاِذَا عَاهَدَ اَخْلَفَ وَاِذَا تَكَلَّمَ كَذَبَ وَاِذَا خَاصَمَ شَتَمَ وَلَا يَعْفُوْ عَنْ زَلَّةِ اَخْوَانِهٖ

ترجمہ: سعید کی چار علامات ہیں کہ جب اُسے امین بنایا جائے تو عدل کرے، جب وعدہ کرے تو وفا کرے، جب بات کرے تو سچ کرے اور جب جھگڑے تو گالی گلوچ نہ کرے۔

اور شقی کی بھی چار علامات ہیں کہ جب امین بنایا جائے تو خیانت کرے، جب وعدہ کرے تو وعدہ

---

[1] اعلیٰ ترین [2] پست ترین

خلافی کرے، جب بات کرے تو جھوٹ بولے اور جب جھگڑے تو گالی گلوچ کرے اور اپنے بھائیوں کی خطاؤں سے درگزر نہ کرے۔

حالانکہ معاف کردینا دین کا ایک عظیم وصف ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عفو کا حکم دیتے ہوئے فرمایا:

❁ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ (الاعراف۔199)

ترجمہ: (اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) عفو اختیار کیجیے اور معرفت کا حکم دیجیے اور جاہلوں سے اعراض فرمایئے۔

اللہ تعالیٰ کی طرف سے عفو اختیار کرنے کا حکم صرف نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے ہی نہیں بلکہ یہ حکم عام تمام امتِ محمدیہ کے لیے ہے کیونکہ جب کسی سلطان کی جانب سے اس کے کسی عامل کے لیے کسی فعل کے متعلق حکم جاری ہوتا ہے تو اس حکم کا اطلاق اس عامل کے زیرِ فرمان علاقہ کے تمام شہریوں پر ہوتا ہے اگرچہ خطاب صرف عامل کو ہی کیا گیا ہوتا ہے۔

خُذِ الْعَفْوَ کی شرح اس فقیر نے اس لیے کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان میں 'خُذ' سے مراد ہے کہ اپنے اندر یہ صفت دائمی طور پر پیدا کرو۔ جو لوگوں کی لغزشوں کو معاف کرنا سیکھ گیا وہ اللہ کے اسماء میں سے عفو کی صفت سے متخلق ہو گیا۔ اسی کے لیے اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ (الشوریٰ۔40)

ترجمہ: جس نے معاف کیا اور اصلاح کی تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے۔

جان لو کہ شقاوت کے سعادت میں بدل جانے اور سعادت کے شقاوت میں بدل جانے کا انحصار تربیت پر ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ نے فرمایا:

❁ كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ الْإِسْلَامِ وَلَكِنْ أَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ

ترجمہ: ہر بچہ اسلام کی فطرت پر پیدا ہوتا ہے لیکن اس کے والدین اسے یہودی یا نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔

یہ حدیثِ پاک اس بات کی دلیل ہے کہ بے شک سعادت اور شقاوت کی قابلیت ہر ایک (شخص) میں موجود ہوتی ہے۔ پس کسی کے لیے یہ کہنا کہ وہ شخص سعید ہے یا شقی' مناسب نہیں۔ بلکہ یہ کہنا مناسب ہے کہ جب نیکیاں برائیوں پر غالب آجائیں تو وہ سعید ہے اور اسی طرح اس کے برعکس۔ اور جو اس کے علاوہ کوئی بات کہتا ہے تو وہ گمراہ ہے کیونکہ وہ یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ انسان بغیر عمل اور توبہ کے جنت میں داخل ہوگا اور بغیر گناہوں کے دوزخ میں داخل ہوگا۔ پس یہ قول آیاتِ قرآن کے خلاف ہے کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے جنت کا وعدہ نیکوکاروں اور اہلِ ایمان سے کیا ہے اور دوزخ کا وعدہ کافروں، مشرکوں اور گناہگاروں سے کیا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ (حٰم السجدہ-46)

ترجمہ: جو نیک اعمال کرتا ہے اپنے نفس کے لیے اور جو برائی کرتا ہے وہ بھی اپنے نفس کے لیے۔

نیز فرمایا:

❁ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ (المومن-17)

ترجمہ: آج کے دن ہر کسی کو وہی بدلہ دیا جائے گا جو وہ کرتے رہے۔ آج کے دن کسی پر ظلم نہیں۔

اور فرمایا:

❁ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى (النجم-39)

ترجمہ: بے شک انسان کے لیے وہی ہے جس کے لیے وہ کوشش کرتا ہے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ (البقرہ-110)

ترجمہ: اور جو نیکی اپنے لیے آگے بھیجو گے اسے اللہ کے ہاں پاؤ گے۔

بارھویں فصل

فقرا کے بیان میں

فقرا کو اس وجہ سے صوفیا کا نام دیا گیا ہے کہ بعض لوگ کہتے ہیں وہ صوف کا لباس پہنتے ہیں یا انہوں نے اپنے دلوں کو دنیاوی کدورتوں[1] سے صاف کر رکھا ہے یا انہوں نے اپنے قلوب کو ماسویٰ اللہ (ہر چیز) سے پاک کر رکھا ہے۔ بعض لوگ انہیں صوفی اس لیے کہتے ہیں کہ قیامت کے دن وہ عالمِ قرب میں (حق تعالیٰ کے حضور) پہلی صف میں کھڑے ہوں گے۔ عالم چار ہیں عالمِ ملک (دنیا)، عالمِ ملکوت، عالمِ جبروت اور عالمِ لاہوت جو کہ عالمِ حقیقت ہے۔

اور اسی طرح علوم بھی چار ہیں علمِ شریعت، علمِ طریقت، علمِ معرفت اور علمِ حقیقت۔

اور اسی طرح ارواح بھی چار ہیں۔ روحِ جسمانی، روحِ نورانی، روحِ سلطانی اور روحِ قدسی۔

اور اسی طرح تجلیات بھی چار ہیں۔ تجلیٔ آثار، تجلیٔ افعال، تجلیٔ صفات اور تجلیٔ ذات۔

اور اسی طرح عقول بھی چار ہے۔ عقلِ معاش[2]، عقلِ معاد[3]، عقلِ روحانی اور عقلِ کُل۔

مذکورہ بالا ہر چار عالم، ارواح، تجلیات اور عقول کے مقابلہ میں بعض لوگ علمِ اوّل، روحِ اوّل، تجلیٔ اوّل اور عقلِ اوّل میں مقید ہیں اور ان کے لیے پہلی جنت یعنی جنتِ ماویٰ ہے۔ اور بعض دوسرے دائرہ میں مقید ہیں اور ان کے لیے دوسری جنت 'جنتِ نعیم ہے۔ اور بعض تیسرے دائرہ میں مقید ہیں اور ان کے لیے تیسری جنت' جنتِ فردوس ہے۔ اور یہ لوگ (جو پہلے تین دائروں میں مقید

---

[1] دنیاوی خواہشیں اور لذتیں [2] وہ عقل جو ہر وقت رزق اور مالِ دنیا کمانے کی فکر میں رہتی ہے۔ [3] وہ عقل جو فکرِ عقبیٰ میں مبتلا رہتی ہے۔

ہیں) ان تمام اشیاء کی حقیقت سے بے خبر ہیں۔ اہلِ حق میں سے فقرا و عارفین نے ان سب (مقامات و درجات) سے فرار حاصل کی اور عالمِ حقیقت و قربت میں (حق تعالیٰ سے) واصل ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی چیز (کی محبت) میں قید نہ ہوئے اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان فَفِرُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ ترجمہ: ''دوڑو اللہ کی طرف'' کی پیروی کی۔ جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃُ حَرَامٌ عَلٰٓی اَھْلِ اللّٰہِ

ترجمہ: دنیا اور آخرت اہلِ اللہ پر حرام ہیں۔

حرام ہونے سے مراد یہ ہرگز نہیں کہ یہ دونوں (دنیا و آخرت) حرام ہیں اور نہ ہی یہ (اہل اللہ پر) حرام کی گئی ہیں بلکہ اہلِ اللہ نے ان دونوں کی طلب اور محبت کو اپنے نفس پر حرام کر رکھا ہے اور ان کا کہنا ہے کہ یہ دونوں حادث[1] ہیں اور ہم مُحْدَث[2] ہیں تو حادث دوسرے حادث کو کیسے طلب کر سکتا ہے۔ بلکہ حادث پر تو واجب ہے کہ وہ مُحْدِث[3] کی طلب کرے۔ حدیثِ قدسی میں فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ مَحَبَّتِیْ مَحَبَّۃُ الْفُقَرَآءِ

ترجمہ: مجھ سے محبت فقرا سے محبت رکھنا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ وَاَنَا اَفْتَخِرُ بِہٖ

ترجمہ: فقر میرا فخر ہے اور میں اس پر فخر کرتا ہوں۔

یہاں فقر سے مراد وہ فقر ہرگز نہیں جو عوام میں مشہور و معروف ہے بلکہ اس فقر سے مراد اللہ عزّوجل کا محتاج ہونا ہے اور اللہ کے سوا تمام دنیاوی اور اُخروی لذتوں کا ترک کرنا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ طالبِ حق اس قدر فنا فی اللہ ہو جائے کہ اُس کے نفس میں اُس کے ہی نفس کے لیے کوئی شے باقی نہ رہے اور اس کے قلب میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے علاوہ کچھ نہ سمایا ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ

---

[1] وہ شے جو پہلے نہ تھی اور پھر پیدا کی گئی، مخلوق [2] پیدا ہونے والی چیز [3] پیدا کرنے والا، خالق

(حدیثِ قدسی میں) فرماتا ہے:

لَا یَسَعُنِیْ اَرْضِیْ وَلَا سَمَائِیْ بَلْ یَسَعُنِیْ قَلْبُ عَبْدِی الْمُؤْمِنِ

ترجمہ: نہ میں زمین میں سماتا ہوں نہ آسمان میں بلکہ اپنے مومن بندے کے قلب میں سما جاتا ہوں۔

اور مومن سے مراد وہ (شخص) ہے جس کا قلب بشری صفات سے صاف اور غیر (ماسویٰ اللہ) سے خالی ہو گیا ہو اور اس کے قلب میں ذاتِ حق تعالیٰ کا عکس سما گیا ہو۔ حضرت بایزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا:

لَوْ اَنَّ الْعَرْشَ وَمَا حَوْلَہٗ اُلْقِیَ فِیْ زَاوِیَۃٍ مِّنْ زَوَایَا قَلْبِ الْعَارِفِ مَا اَحَسَّ بِہٖ

ترجمہ: عرش اور اس کے اطراف میں جو کچھ بھی ہے اگر وہ عارف کے قلب کے گوشوں میں سے کسی ایک گوشے میں رکھ دیا جائے تو اُسے احساس تک نہ ہو۔

پس جو (اللہ تبارک وتعالیٰ کے) محبین سے محبت کرتا ہے وہ آخرت میں ان کے ساتھ ہوگا اور اُن کی محبت کی علامت یہ ہے کہ انہیں اہل اللہ فقرا کی صحبت (میں رہنے) کی محبت اور لقائے حق تعالیٰ کا اشتیاق ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حدیثِ قدسی میں فرمایا:

طَالَ شَوْقُ الْاَبْرَارِ اِلٰی لِقَآئِیْ وَاِنِّیْ لَاَشَدُّ شَوْقًا اِلَیْھِمْ

ترجمہ: نیکوکار میرے دیدار کے مشتاق ہوتے ہیں اور میں اُن (نیکوکاروں) سے بڑھ کر ان کا مشتاق ہوتا ہوں۔

اور جو (باطنی) لباس وہ (فقرا) پہنتے ہیں وہ تین طرح کا ہے جس کا ذکر تیسری فصل (جسموں میں ارواح کے تصرف) میں آچکا ہے اور اُن کے اعمال کی حالت یہ ہے کہ مبتدی[1] کے عمل میں اچھائی (خیر) اور برائی (شر) دونوں حالتیں غیر مستقل[2] ہیں۔ متوسط کے عمل میں اچھائی (خیر) کے مختلف رنگ مثلاً انوارِ شریعت، طریقت اور معرفت غیر مستقل طور[3] پر پائے جاتے ہیں اور ان

[1] وہ طالب جو ابھی راہِ سلوک کی ابتدا میں ہو [2] یعنی وہ کبھی خیر کی طرف مائل ہوتا ہے کبھی شر کی طرف [3] یعنی وہ شر سے تو نجات پا چکا ہے لیکن خیر اس کے باطنی مقامات' مقامِ شریعت، مقامِ طریقت، مقامِ معرفت کے مطابق کم یا زیادہ ہوتی ہے۔

کے لباس بھی غیر مستقل اور مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں مثلاً سفید، نیلگوں اور سبز۔ اور منتہی[1] کا عمل سورج کے نور کی مانند سب رنگوں سے خالی ہوتا ہے جو کوئی بھی رنگ قبول نہیں کرتا۔ اسی طرح اس کا (باطنی) لباس بھی سیاہ رنگ کی مانند کوئی رنگ قبول نہیں کرتا۔ اور یہ نورِ معرفت پر پڑے حجاب کے فنا ہونے کی علامت ہے جیسا کہ رات سورج کے نور کے لیے نقاب ہے (اسی طرح اس کا جسم اس کے باطنی نور کے لیے نقاب ہے) جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًاo وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا (النبا-11-10)

ترجمہ: اور ہم نے رات کو لباس اور دن کو ذریعۂ معاش بنایا۔

اس میں ایک لطیف اشارہ ہے جس میں عقل اور علم کا ایک خاص جوہر ہے۔ نیز اس طرف اشارہ ہے کہ اہلِ قرب کے لیے دنیا کی زندگی قید خانہ، غربت، غم، غصہ، محنت و مشقت اور ظلمت (کی مثل) ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ

ترجمہ: دنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے۔

پس (مومن کے لیے) اس عالمِ ظلمت میں ظلماتی[2] لباس ہی بہتر ہے۔ صحیح حدیث شریف میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روایت ہے کہ:

❁ اَلْبَلَاءُ مُوَكَّلٌ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ فَالْاَمْثَلُ ثُمَّ الْاَمْثَلُ

ترجمہ: انبیاء اور اولیاء پر بلاؤں کو مسلط کیا گیا پھر ان کی مثل لوگوں پر اور پھر ان کی مثل لوگوں پر۔

(علما سو کا ظاہری طور پر) سیاہ لباس پہننا اور سیاہ عمامہ باندھنا وہ لباس ہے جو آفت کی علامت ہے اور یہ سوگواروں اور مصیبت زدوں کا لباس ہے جن میں مکاشفہ، مشاہدہ اور معائنہ (جیسے مراتب کے حصول) کی قابلیت فوت ہو چکی ہے اور شوق، ذوق، عشق، روحِ قدسی اور مرتبۂ قرب و وصال

---

[1] وہ طالبِ حق جو راہِ سلوک کی انتہا پر پہنچ چکا ہو۔ [2] یعنی جس طرح قید خانہ میں قیدی کیلئے مخصوص لباس ہے اسی طرح اس دنیا میں بھی مومن کی پاک اور آزاد روح کے لیے جسم کا ظلماتی لباس ہے۔

کی موت کی وجہ سے حیاتِ ابدی سے محروم ہو گئے ہیں اور یہ سب عظیم مصائب میں سے ہے۔ ایسے شخص کے لیے (جو یہ سب کھو چکا ہو) تمام عمر سوگواروں جیسا لباس پہننا ضروری ہے کیونکہ وہ اپنی آخرت کی منفعت کو کھو چکا ہے۔ یہ سب مراتب ایسے ہی ہیں جیسے کسی عورت کا شوہر فوت ہو جائے جس کے لیے اللہ کا حکم ہے کہ وہ چار ماہ اور دس دن ماتمی لباس پہنے کہ اس کی دنیاوی منفعت فوت ہو گئی ہے لیکن آخرت کے ماتم کی مدت غیر متناہی ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْمُخْلَصُوْنَ عَلٰی خَطَرٍ عَظِیْمٍ

ترجمہ: (اللہ کے) مخلصین کو عظیم خطرات درپیش رہتے ہیں۔

پس یہ سب فقر اور فنا کی صفت ہے۔ حدیث میں آیا ہے:

❁ اَلْفَقْرُ سَوَادُ الْوَجْهِ فِی الدَّارَیْنِ

ترجمہ: فقر دونوں جہان میں چہرے کی روسیاہی ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ فقر ذاتِ حق تعالیٰ کے چہرے کے نور کے علاوہ کوئی رنگ قبول نہیں کرتا کہ (فقر کی) سیاہی محبوب کے چہرے پر کالے تل کی مانند ہے جو اس کے جمال اور حسن کو بڑھا دیتا ہے اور جب اہلِ قرب حق تعالیٰ کے جمال کی طرف نظر کرتے ہیں تو اس کے بعد اُن کی آنکھوں کا نور اللہ کے سوا کسی کو دیکھنا گوارا نہیں کرتا اور وہ حق تعالیٰ کے سوا کسی کو محبت سے نہیں دیکھتے کہ دونوں جہان میں ان کا محبوب اور مطلوب اللہ تعالیٰ ہے۔ اور نہ ہی وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور چیز کا ارادہ کرتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی معرفت اور وصال کے لیے پیدا فرمایا۔ پس انسان کے لیے واجب ہے کہ دونوں جہانوں میں وہ چیز طلب کرے جس کے لیے اُس کو پیدا فرمایا گیا ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کی عمر لایعنی کاموں میں ضائع ہو جائے اور مرنے کے بعد اُسے عمر ضائع کرنے کے باعث (حق تعالیٰ کے سامنے) نادم ہونا پڑے۔

تیرھویں فصل

طہارت کے بیان میں

طہارت دو طرح کی ہے۔ظاہری طہارت شریعت کے پانی سے حاصل ہوتی ہے اور باطنی طہارت توبہ، تلقینِ مرشد، تصفیہ اور طریقت کی راہ اختیار کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ پس جب نجاست کے اخراج کے باعث شریعت کا وضو ٹوٹ جائے تو پانی سے (وضو کی) تجدید کرنا واجب ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ جَدَّدَ الْوُضُوْءَ جَدَّدَ اللّٰهُ اِلَيْهِ اِيْمَانَهٗ

ترجمہ: جس نے وضو کو تازہ کیا اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس کے ایمان کو تازہ کیا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مزید فرمایا:

❁ اَلْوُضُوْءُ عَلَى الْوُضُوْءِ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ

ترجمہ: وضو پر وضو کرنا گویا نور پر نور ہے۔

پس جب افعالِ ذمیمہ اور اخلاقِ رذیلہ مثلاً تکبر، عُجب، حسد، کینہ، غیبت، چغلی، بہتان اور جھوٹ اور (ظاہری اعضا) آنکھ، کان، ہاتھ اور پاؤں کی خیانت سے باطنی وضو ٹوٹ جائے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اَلْعَيْنَانِ تَزْنِيَانِ ترجمہ: ''آنکھیں بھی زنا کرتی ہیں'' تو اس کی تجدید کے لیے آخری عمر تک اِن مفسدات سے سچی توبہ کرے اور ندامت کے باعث خود کو ملامت اور استغفار کرے اور وہ اشغال اختیار کرے جن سے باطل کا قلع قمع ہو جائے۔ عارف کو چاہیے کہ ان

آفات (جن سے باطنی وضوٹوٹ جاتا ہے) سے اپنی توبہ کی حفاظت کرے تاکہ اس کی نماز کامل ہو جائے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❀ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ (ق-32)

ترجمہ: یہی ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے ہر اُس کے لیے جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والا اور (اپنی توبہ کی) حفاظت کرنے والا ہے۔

ظاہری وضو کے لیے تمام دن اور رات کا وقت ہے جبکہ باطنی وضو کا وقت تمام عمر کے لیے دائمی ہے۔ عمر سے مراد دنیاوآخرت کی عمر ہے اور باطنی عمر کے لیے کوئی انتہا نہیں۔

چودھویں فصل

نمازِ شریعت اور طریقت کے بیان میں

نمازِ شریعت وہ ہے جس کا علم اللہ تعالیٰ کے اس فرمان حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی (البقرہ-238) ترجمہ: ''اپنی نمازوں کی حفاظت کرو اور (خاص کر) وسطی نماز کی'' میں دیا گیا ہے۔ نمازِ شریعت سے مراد وہ نماز ہے جو ظاہری اعضا اور جسمانی حرکات سے ارکانِ نماز جیسے قیام، قرأت، رکوع، سجود، قعود اور آواز و الفاظ سے ادا کی جاتی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمان حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ میں (صلوٰۃ کے لیے) جمع کا لفظ (الصَّلَوٰتِ) استعمال کیا ہے۔ نمازِ طریقت قلب کی دائمی نماز ہے جس کا علم اس آیت وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی میں دیا گیا ہے اور جو قلبی نماز ہے' کیونکہ قلب کو جسم کے وسط میں دائیں اور بائیں پہلو کے درمیان اور بالائی اور زیریں (حصہ) کے درمیان اور سعادت اور شقاوت کے درمیان پیدا کیا گیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَنَّ قُلُوْبَ بَنِیْ اٰدَمَ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ یُقَلِّبُھَا کَیْفَ یَشَآءُ

ترجمہ: بنی آدم کے قلوب اللہ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہیں وہ جیسے چاہتا ہے (قلوب کو) پھیر دیتا ہے۔

دو انگلیوں سے مراد قہر (جلال) اور لطف (جمال) کی صفات ہیں۔ پس اس آیت اور حدیث سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اصل نماز قلبی نماز ہے۔ پس جب انسان اس قلبی نماز سے غافل ہو جاتا ہے تو

اُس کی نماز فاسد ہو جاتی ہے اور جس کی قلبی نماز فاسد ہو گئی اس کی ظاہری نماز بھی فاسد ہو جاتی ہے۔اسی کے لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ

ترجمہ:حضورِ قلب کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

چونکہ نمازی (نماز میں) اپنے ربّ کی مناجات کرتا ہے اور مناجات کا محل (مقام) قلب ہے اور جب قلب غافل ہو جاتا ہے تو وہ (باطنی) نماز کو باطل کر دیتا ہے اور ظاہری نماز کو بھی، کیونکہ قلب اصل (یعنی بنیاد) ہے اور باقی (اعضا) اس کے تابع ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اِنَّ فِیْ جَسَدِ ابْنِ اٰدَمَ لَمُضْغَةً فَاِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ الْجَسَدُ کُلُّهٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّهٗ اَلَا وَھِیَ الْقَلْبُ

ترجمہ:اولادِ آدم کے جسم میں ایک گوشت کا لوتھڑا ہے جب وہ درست ہو جاتا ہے تو پورا جسم درست رہتا ہے اور جب وہ بگڑ جاتا ہے تو پورا جسم بگڑ جاتا ہے بے شک وہ قلب ہے۔

نمازِ شریعت کے لیے سارے دن اور رات میں پانچ اوقات (مقرر) ہیں اور (اس کی ادائیگی کے لیے) سنت طریقہ یہ ہے کہ اس نماز کو مسجد میں امام کی اقتدا میں با جماعت اور کعبہ کی طرف متوجہ ہو کر بلا ریا اور نمائش ادا کیا جائے۔

نمازِ طریقت دائمی نماز ہے جو تمام عمر کے لیے (ادا کی جاتی) ہے اور اس کی مسجد قلب ہے اور اس کی جماعت تمام باطنی قوتوں کو جمع کرنا اور باطن کی زبان سے تمام اسمائے توحید کے ذکر میں مشغول ہونا ہے۔قلب میں (حق تعالیٰ کے حضور حاضر ہونے کا) شوق اس کا امام ہے اور اس کا قبلہ حضرتِ احدیت جلّ جلالہٗ اور جمالِ صمدیت[1] ہے اور وہی حقیقی قبلہ ہے۔قلب اور روح دونوں اس

---

[1] یعنی قلبی نماز حق تعالیٰ کے چہرے کو دیکھ کر ادا ہوتی ہے اور نمازی کا حقیقی قبلہ بے نیاز ذاتِ حق تعالیٰ کے جمال کا دیدار ہے۔

نماز میں دائمی طور پر مشغول رہتے ہیں کیونکہ قلب کے لیے نیند اور موت نہیں بلکہ یہ نیند اور بیداری میں بھی (ذکرِ حق میں) مشغول رہتا ہے۔

قلبی نماز حیاتِ قلب کے ساتھ بغیر آواز اور قیام وقعود کے (ادا ہوتی) ہے یعنی قلب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی متابعت میں اللہ تعالیٰ سے اس کا فرمان اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ترجمہ: ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں'' کہہ کر مخاطب ہوتا ہے۔

تفسیر قاضی میں ان آیات کے متعلق آیا ہے کہ یہ عارف کے اُس حال کی طرف اشارہ ہے جس میں وہ حالتِ غیب سے حضرت احدیت سبحانہٗ وتعالیٰ میں پہنچ جاتا ہے اور اس فرمان کا مستحق بن جاتا ہے جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْاَنْبِیَاءُ وَالْاَوْلِیَاءُ یُصَلُّوْنَ فِیْ قُبُوْرِهِمْ کَمَا یُصَلُّوْنَ فِیْ بُیُوْتِهِمْ

ترجمہ: انبیاء اور اولیاء اپنی قبروں میں (بھی ایسے ہی) نماز ادا کرتے ہیں جیسے اپنے گھروں میں نماز ادا کرتے تھے۔

یعنی اپنے زندہ قلوب کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کی مناجات میں مشغول رہتے ہیں۔ جب ظاہری و باطنی دونوں نمازیں جمع ہو جائیں تو نماز مکمل ہو جاتی ہے اور اس کا اجرِ عظیم روحانی طور پر قربِ حق جبکہ جسمانی طور پر درجات (یعنی جنت) ہیں۔ ایسا نمازی ظاہر میں عابد اور باطن میں عارف ہوتا ہے اور اگر حیاتِ قلب حاصل نہ ہونے سے نمازِ طریقت نمازِ شریعت کے ساتھ جمع نہ ہو سکے تو وہ نماز ناقص ہے اور اس کا اجر قرب نہیں بلکہ محض درجات ہیں۔

پندرھویں فصل

عالمِ تجرید میں طہارتِ معرفت کے بیان میں

عالمِ تجرید[1] میں طہارتِ معرفت کی دو اقسام ہیں۔ معرفتِ صفات کے لیے طہارت اور معرفتِ ذات کے لیے طہارت۔

معرفتِ صفات کے لیے طہارت تلقینِ مرشد اور اسماء کے (دائمی) ذکر سے نقوشِ بشریت اور حیوانیت سے قلب کے آئینہ کو صاف کر لینے کے بغیر حاصل نہیں ہوتی جس سے چشمِ قلب کو صفاتِ الٰہیہ کے نور سے ایسی نظر حاصل ہو جاتی ہے کہ وہ اس (نظر) سے قلب کے آئینہ میں جمالِ الٰہی کے عکس کا مشاہدہ کرتی ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْمُؤْمِنُ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ترجمہ: مومن اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔

❁ اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰۃُ الْقَلْبِ

ترجمہ: مومن قلب کا آئینہ ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مزید فرمایا:

---

[1] سلطان العاشقین، خادم سلطان الفقر حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس اپنی تصنیفِ مبارکہ ''شمس الفقرا'' میں تجرید کی تعریف ان الفاظ میں فرماتے ہیں ''تجرید یہ ہے کہ طالب (سالک) ہر ایک مقام سے نکل کر تنہا ہو گیا اور نفس و شیطان سے اس نے خلاصی پائی۔ مقامِ حضور ہمیشہ اس کے مدِنظر رہتا ہے''۔ (شمس الفقرا)

۞ اَلْعَالِمُ یُنَقِّشُ وَالْعَارِفُ یُصَقِّلُ

ترجمہ: عالم نقش کرتا ہے جبکہ عارف صیقل کرتا ہے۔

پس جب اسماء کے دائمی ذکر سے (قلب کے آئینہ کا) تصفیہ مکمل ہو جاتا ہے تو (طالب کو) قلب کے آئینہ میں صفاتِ الٰہیہ کے مشاہدہ سے معرفتِ صفات حاصل ہو جاتی ہے۔

معرفتِ ذات کے لیے طہارت بارہ اسمائے توحید میں سے آخری تین اسماء کے چشمِ سِرّ میں دائمی ذکر کرنے کے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔ پس توحید کے نور سے چشمِ سِرّ کو ایسی نظر حاصل ہوتی ہے کہ جب انوارِ ذات کی تجلی ہوتی ہے تو بشریت پگھل کر مکمل طور پر فنا ہو جاتی ہے۔ پس یہ استہلاک[1] اور فنا الفنا کا مقام ہے کیونکہ یہ تجلی تمام انوار کو مٹا دیتی ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ (القصص-88)

ترجمہ: ہر شے کو فنا ہے سوائے اس (اللہ) کے چہرہ کے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے مزید فرمایا:

۞ یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَہٗٓ اُمُّ الْکِتٰبِ (الرعد-39)

ترجمہ: اور اللہ جس (چیز) کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور (جس چیز کو چاہتا ہے) قائم رکھتا ہے اور اس کے پاس اُم الکتاب ہے۔

پس روحِ قدسی نورِ الٰہی سے بقا پاتی ہے اور بغیر کسی کیفیت اور تشبیہ کے اس کی طرف، اُسی سے، اُس کے ساتھ، اُس میں اُسی کے لیے دیکھتی ہے۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ (الشوریٰ-11)

ترجمہ: اُس (اللہ) کی مثل کوئی شے نہیں۔

اس وقت صرف نورِ مطلق ہی باقی رہ جاتا ہے اور اس سے آگے (کے معاملہ) کی خبر دینا (کسی کے

---

[1] ہلاکت اور فنا

لیے) ممکن نہیں کیونکہ یہ عالمِ محویت ہے جہاں نہ تو عقل باقی رہتی ہے کہ کچھ خبر دے سکے اور نہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی (اس مقام کا) محرم ہے۔ جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُ فِیْہِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ

ترجمہ: میرا اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ ایک وقت ایسا بھی ہے جس میں نہ کسی مقرب فرشتے کی گنجائش ہے اور نہ کسی نبی و رسول کی۔

پس یہ عالمِ تجرید ہے جس میں غیر اللہ کی گنجائش نہیں۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

تَجَرَّدْ تَصِلْ اِلَیَّ

ترجمہ: تجرد اختیار کرو اور مجھے پالو۔

تجرید سے مراد صفاتِ بشریت سے مکمل فنا ہے اور اس عالم (عالمِ محویت) میں صفاتِ الٰہیہ سے متصف ہو کر بقا حاصل کرنا ہے۔ جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ترجمہ: اللہ کے اخلاق سے متخلق ہو جاؤ۔

یعنی صفاتِ الٰہیہ سے متصف ہو جاؤ۔

سولھویں فصل

زکوٰۃِ شریعت اور طریقت کے بیان میں

زکوٰۃِ شریعت یہ ہے کہ دنیا میں جو مال کمائے تو مقررہ نصاب میں سے ہر سال معینہ وقت پر مصارفِ زکوٰۃ[1] کو عطا کرے اور زکوٰۃِ طریقت یہ ہے کہ آخرت کی کمائی (نیک اعمال) سے فقرائے دین اور مساکین اُخروی کو عطا کرے اور اس زکوٰۃ کو قرآن میں صدقہ کا نام دیا گیا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ (التوبہ۔60)

ترجمہ: صدقات فقرا کے لیے ہیں۔

یعنی یہ فقیر کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے ہی اللہ کے ہاتھ میں پہنچ جاتے ہیں۔ اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا (اس صدقہ کو) قبول کر لینا ہے اور یہ (زکوٰۃ) دائمی ہے اور (زکوٰۃِ طریقت سے مراد) ایصالِ ثواب ہے۔ پس جب انسان اللہ کی رضا کی خاطر آخرت کی کمائی (یعنی نیک اعمال) میں سے گناہگاروں کو (ثواب) بخش دیتا ہے تو اللہ اس کے وہ سب گناہ جو اس نے صدقہ، نماز، روزہ، حج، تسبیح، تحلیل[2]، تلاوتِ قرآن، سخاوت اور دیگر نیک اعمال کی ادائیگی کے دوران کیے تھے، معاف فرما دیتا ہے تو اس کی اپنی نیکیوں میں سے اس کی اپنی ذات کے لیے کچھ ثواب نہیں بچتا۔ پس وہ مفلس ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ ایسی سخاوت اور مفلسی کو پسند کرتا ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ

---

[1] زکوٰۃ کے مستحق افراد مصارفِ زکوٰۃ کہلاتے ہیں [2] طلب وفکرِ حق تعالیٰ

والسلام نے فرمایا:

۞ اَلْمُفْلِسُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ تَعَالٰی فِی الدَّارَیْنِ

ترجمہ: مفلس دونوں جہان میں اللہ کی امان میں ہوتا ہے۔

اور حضرت رابعہ عدویہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

۞ اِلٰھِیْ مَا کَانَ نَصِیْبِیْ مِنَ الدُّنْیَا فَاَعْطِہٖ لِلْکَافِرِیْنَ وَمَا کَانَ نَصِیْبِیْ مِنَ الْعُقْبٰی فَاَعْطِہٖ لِلْمُؤْمِنِیْنَ فَلَا اُرِیْدُ مِنَ الدُّنْیَا اِلَّا ذِکْرَکَ وَلَا مِنَ الْعُقْبٰی اِلَّا رُؤْیَتَکَ

ترجمہ: الٰہی! دنیا میں جو کچھ میرے نصیب میں ہے وہ کافروں کو عطا فرما دے اور جو کچھ آخرت میں میرے نصیب میں ہے وہ مومنین کو عطا فرما دے کیونکہ میں دنیا میں تیرے ذکر اور آخرت میں تیرے دیدار کے سوا کچھ نہیں چاہتی۔

پس (حقیقی) بندہ وہ ہے کہ جو کچھ اس کے ہاتھ میں ہے وہ اللہ کی راہ میں دے دے تو قیامت کے دن اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی تمام نیکیوں کے بدلہ میں اُس جیسی دس نیکیاں عطا کرے گا جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا (الانعام-160)

ترجمہ: جو کوئی ایک نیکی لائے گا اس کے لیے اُس جیسی دس (نیکیاں) ہوں گی۔

اور اس زکوٰۃ کا مقصد یہ بھی ہے کہ قلب کو نفسانی صفات سے پاک کیا جائے جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا (الشمس-9)

ترجمہ: فلاح پائی انہوں نے جنہوں نے اپنا تزکیہ کر لیا۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗٓ اَضْعَافًا کَثِیْرَۃً (البقرہ-245)

ترجمہ: کون ہے وہ جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے لیے اس دینے کو مزید بڑھا

دے۔

اس دائرہ میں قرض سے مراد یہ ہے کہ اللہ کی راہ میں اپنے مال اور نیکیوں میں سے بغیر منت کے محض ربّ کریم کی شفقت کے لیے اس کی مخلوق پر احسان کرے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى (البقرہ-264)

ترجمہ: اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور ایذا دے کر باطل نہ کر لیا کرو۔

یعنی اللہ کی راہ میں اس خرچ کے بدلے میں دنیا نہ طلب کرو جیسا کہ اللہ عزّ و جل نے فرمایا:

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ (آلِ عمران-92)

ترجمہ: تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک تم (راہِ حق میں) وہ نہ خرچ کرو جسے تم محبوب رکھتے ہو۔

ستارھویں فصل

روزۂ شریعت اور طریقت کے بیان میں

روزۂ شریعت دن میں کھانے، پینے اور جماع کرنے سے باز رہنا ہے اور روزۂ طریقت یہ ہے کہ (انسان) دن اور رات، ظاہری و باطنی طور پر اپنے تمام اعضا کو حرام اور ممنوعہ چیزوں اور برائیوں مثلاً عُجب وغیرہ سے روکے اور اگر وہ ان مذکورہ بالا تمام افعال میں سے کسی ایک (فعل) کا بھی ارتکاب کرے گا تو روزۂ طریقت باطل ہو جائے گا۔ پس روزۂ شریعت کے لیے وقت مقرر ہے اور روزۂ طریقت عمر بھر کے لیے دائمی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ وَرُبَّ صَائِمٍ لَيْسَ لَهٗ مِنْ صَوْمِهٖ إِلَّا الْجُوْعُ وَالْعَطَشُ

ترجمہ: اور بہت سے روزہ دار ایسے ہیں جنہیں ان کے روزہ سے سوائے بھوک اور پیاس کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

اسی لیے کہا گیا کہ کتنے ہی روزہ دار ایسے ہیں جو افطار کرنے والے ہیں اور کتنے ہی افطار کرنے والے ایسے ہیں جو روزہ سے ہیں۔ یعنی اپنے اعضا کو مناہی[1] اور لوگوں کو ایذا دینے سے روکتے ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ (حدیث قدسی)

ترجمہ: روزہ میرے لیے ہے اور اس کی جزا میں خود ہوں۔

---

[1] شریعت میں حرام اور ممنوعہ باتیں

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ الْاِفْطَارِ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ رُؤْيَتِهٖ

ترجمہ: روزہ دار کے لیے دو خوشیاں ہیں۔ ایک خوشی افطار کی اور دوسری خوشی رویئت (دیدارِ حق تعالیٰ) کی۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہمیں بھی (یہ خوشیاں) عطا فرمائے۔

اہلِ شریعت کہتے ہیں کہ افطار سے مراد غروبِ آفتاب کے بعد کھانا پینا ہے اور رویئت سے مراد عید کی شب چاند کا دیکھنا ہے۔ اہلِ طریقت کہتے ہیں کہ افطار سے مراد جنت میں داخل ہونا ہے اور اس میں جو نعمتیں ہیں ان سے روزہ افطار کرنا ہے اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں میں سے ہمیں اور آپ کو عطا فرمائے۔ رویئت سے مراد قیامت کے دن سرّ کی نگاہ سے اللہ تعالیٰ کا دیدار کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہمیں اور آپ کو بھی اپنا دیدار نصیب فرمائے۔

روزۂ حقیقت یہ ہے کہ قلب کو ماسویٰ اللہ تعالیٰ سے پاک کیا جائے اور سرّ کو غیر اللہ کی محبت اور مشاہدہ سے پاک کیا جائے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

ترجمہ: انسان میرا سرّ ہے اور میں انسان کا سرّ ہوں۔

پس سرّ اللہ تعالیٰ کے نور سے ہے لہٰذا اس کا میلان غیر اللہ کی طرف ہرگز نہیں ہوتا اور اسے دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ بھی محبوب، مرغوب اور مطلوب نہیں۔ اگر وہ غیر اللہ کی محبت میں مبتلا ہو جائے تو روزۂ حقیقت فاسد ہو جاتا ہے اور اُس روزے کی قضا یہ ہے کہ دنیا اور آخرت میں اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی محبت اور دیدار کی طرف (دوبارہ) لوٹ جائے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ

ترجمہ: روزہ میرے لیے ہے اور اس کی جزا میں خود ہوں۔

اٹھارویں فصل

حجِ شریعت اور طریقت کے بیان میں

حجِ شریعت: حجِ شریعت یہ ہے کہ تمام شرائط اور ارکان کے ساتھ بیت اللہ کا حج کیا جائے یہاں تک کہ (حاجی کو) حج کا ثواب حاصل ہو جائے۔ لیکن اگر شرائط (کی ادائیگی) میں کسی قسم کا نقص واقع ہو جائے تو حج کا ثواب ناقص اور (حج) باطل ہو جاتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمان میں حج کو (بغیر کسی نقص کے) کامل کرنے کا حکم فرمایا ہے:

❁ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ (البقرہ-196)

ترجمہ: اور اللہ کے لیے حج اور عمرہ کو مکمل کرو۔

حج کی شرائط یہ ہیں: سب سے پہلے احرام باندھنا، مکہ میں داخل ہونا، طوافِ قدوم کرنا[1]، عرفات میں وقوف کرنا[2]، مزدلفہ میں رات گزارنا، منیٰ میں قربانی کرنا، حرم میں داخل ہونا، کعبہ کے گرد سات مرتبہ طواف کرنا، آبِ زم زم پینا اور مقامِ ابراہیم خلیل اللہ پر دو رکعتیں واجب الطّواف پڑھنا۔

ان (شرائط کی ادائیگی) کے بعد وہ سب چیزیں حلال ہو جاتی ہیں جو اللہ تعالیٰ نے احرام (کی حالت) میں حرام قرار دی تھیں۔ پس (حاجی کے لیے) اس حج کی جزا جہنم سے رہائی اور اللہ تعالیٰ

---

[1] مسجد حرام میں داخل ہونے کے وقت جو طواف کیا جاتا ہے [2] میدان عرفات میں رک کر حج کا خطبہ سننا جہاں ظہر اور عصر کی نماز جمع کر کے پڑھی جاتی ہے۔

کے قہر سے امان پانا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا (آلِ عمران-97)

ترجمہ: اور جو اس (کے حرم) میں داخل ہوا وہ امان پا گیا۔

اس کے بعد طوافِ صدر[1] اور پھر اپنے وطن کو واپسی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو اس (حجِ شریعت) کی توفیق عطا فرمائے۔

حجِ طریقت: حجِ طریقت میں زادِ راہ اور سواری سب سے پہلے صاحبِ تلقین (مرشد کامل اکمل) کی تلاش اور اس سے تلقین حاصل کرنا ہے اور پھر (ذکر کے) معنی پر نظر رکھتے ہوئے زبان سے دائمی ذکر کرنا ہے اور ذکر سے مراد زبان سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا ذکر کرنا ہے۔ جب قلب کو (دائمی) حیات حاصل ہو جائے تو باطن میں ذکرِ حق تعالیٰ میں مشغول ہو جانا چاہیے یہاں تک کہ سب سے پہلے اسمائے صفات کے دائمی ذکر[2] سے (قلب کا) تصفیہ ہو جائے جس کے باعث جمالِ حق تعالیٰ کی صفات کے انوار سے (باطن میں) کعبۂ سرّ ظاہر ہو جائے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہم السلام کو حکم فرمایا:

اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ (البقرہ-125)

ترجمہ: میرے گھر (بیت اللہ) کو طواف کرنے والوں کے لیے پاکیزہ رکھو۔۔۔۔۔ آخر تک[3]

پس ظاہری کعبہ مخلوقات میں سے طواف کرنے والوں کے لیے صاف کیا جاتا ہے اور باطنی کعبہ خالق کے مشاہدہ کے لیے ہے اور اس (ذاتِ حق تعالیٰ) کا جلوہ دیکھنے کے لیے کعبۂ باطن کو ماسویٰ (اللہ کے سوا) سے طہارت دی جائے، پھر روحِ قدسی کے نور سے احرام باندھا جائے اور قلب

---

[1] مسجدِ حرام سے رخصت ہونے کے وقت بیت اللہ کا آخری الوداعی طواف [2] باطن میں اسمائے صفات کے دائمی ذکر میں مشغول ہونے سے مراد ہے کہ صفاتی اسماء مثلاً الرحمٰن، الرحیم، لطیف وغیرہ کی صفات سے متصف ہوا جائے اور ان صفات کو دائمی طور پر اپنا لیا جائے۔ اسمائے الٰہیہ کی صفات سے متصف ہونا صرف مرشد کامل اکمل کی صحبت اور مہربانی سے ممکن ہے۔ [3] طواف کرنے والوں کے علاوہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس آیت مبارکہ میں رکوع کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں کا بھی ذکر فرمایا ہے۔

کے کعبہ میں داخل ہو جائے اور پھر دوسرے اسم "اَللّٰہُ[1]" کے دائمی ذکر کے ساتھ طوافِ قدوم کیا جائے اور عرفاتِ قلب جو کہ مناجات کا مقام ہے، میں تیسرے اسم "ھُو[2]" اور چوتھے اسم "حق[3]" کے ذکر کے ساتھ وقوف کیا جائے اور پھر فواد کے مزدلفہ میں آئے اور پانچویں اسم "حیّ[4]" اور چھٹے اسم "قیوم[5]" کو (ذکر میں) جمع کرے اور منٰی یعنی مقامِ سِرّ میں آئے جو حرمین کے درمیان ہے اور اس کے مابین وقوف کرے اور ساتویں اسم "قہار[6]" کے دائمی ذکر سے (منٰی یعنی مقامِ سِرّ میں) نفسِ مطمئنہ کی قربانی کرے کہ یہ اسم فنا کا باعث اور کفر کے حجاب کو کھولنے والا ہے جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْکُفْرُ وَالْاِیْمَانُ مَقَامَانِ مِنْ وَّرَآءِ الْعَرْشِ وَھُمَا حِجَابَانِ بَیْنَ الْعَبْدِ وَرَبِّہٖ عَزَّشَانُہٗ اَحَدُھُمَا اَسْوَدُ وَالْاٰخَرُ اَبْیَضُ

ترجمہ: کفر اور ایمان عرش سے آگے کے دو مقامات ہیں اور یہ دونوں (مقامات) بندے اور اس کے ربّ کے درمیان حجاب ہیں اور دونوں میں سے ایک کا رنگ سیاہ اور دوسرے کا سفید ہے۔

اس (قربانی) کے بعد حلق[7] ہے یعنی آٹھویں اسم کے ذکر سے روحِ قدسی کا صفاتِ بشریت سے حلق کرے (یعنی ان سے نجات حاصل کرے) اور پھر نویں اسم کے ذکر سے حرمِ سِرّ میں داخل ہو جائے اور اعتکاف کرنے والوں کا دیدار کرے اور دسویں اسم کے ذکر سے مقامِ قرب اور انسیت (محبت) میں اعتکاف کرے اور بلا کیف وتشبیہ پاک و بے نیاز اور بلند شان والے ربّ کے جمال

---

1. جب طالب تمام صفاتی اسماء کو اپنے قلب میں جاری کر لیتا ہے یعنی صفاتِ الٰہی سے متصف ہونے کے باعث اس کے قلب کا تصفیہ ہو جاتا ہے تو 'اَللّٰہُ' کی ذات اس میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ یہاں اللّٰہ کو دوسرا اسم کہا گیا ہے حالانکہ یہ اللہ کا اسمِ اوّل ہے لیکن یہاں دوسرا اسم کہنے میں یہ حکمت پوشیدہ ہے کہ پہلے انسان میں اللہ کی صفات ظاہر ہوتی ہیں اور بعد میں ذات۔ 2. 'ھُو' تک پہنچ جانا 3. ذاتِ حق تعالیٰ کی اپنے ہی باطن میں حق الیقین کے ساتھ پہچان حاصل کرنا 4. 5. ذاتِ حق تعالیٰ کے ساتھ حیّ و قیوم ہو جانا 6. اسمِ قہار کی تجلیات سے نفس کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے فنا کر دینا جو اللہ اور بندے کے درمیان حجاب ہے۔ 7. سر منڈانے کے عمل کو حلق کہتے ہیں، یعنی صفاتِ بشریت سے نجات حاصل کرنا۔

کا دیدار کرے اور پھر گیارھویں اسم مع چھ اسماءِ[1] فروعات کے دائمی ذکر سے سات طواف کرے اور (طواف کرنے کے بعد) بارھویں اسم کے ذکر کے پیالے میں بدستِ قدرت (پاکیزہ) شراب پیئے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا (الدھر-21)

ترجمہ: اور ان کا ربّ انہیں پاکیزہ شراب پلائے گا۔

پھر چہرۂ حق تعالیٰ سے نقاب اُٹھ جاتا ہے اور (کسی بھی قسم کی) تشبیہ سے پاک ذات (یعنی اللہ تعالیٰ) کو اسی کے نور سے دیکھتا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا مطلب ہے:

❁ مَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ

ترجمہ: جو کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی بشر کے قلب پر اس کا خیال گزرا۔[2]

یعنی بغیر حروف اور آواز کے واسطہ کے اللہ تعالیٰ سے کلام کرتا ہے اور کسی بشر کے قلب پر (ان کیفیات کا) خیال نہ گزرنے سے مراد اللہ تعالیٰ کا دیدار اور اس سے خطاب کا ذوق ہے۔

پس اللہ نے جن چیزوں کو حرام کیا تھا وہ حلال ہو جاتی ہیں[3] اور اسمائے توحید کی تکرار سے برائیاں نیکیوں میں بدل جاتی ہیں۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ (الفرقان-70)

ترجمہ: جو (سچی) توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک اعمال کرے پس اللہ اس کی برائیوں کو نیکیوں

---

[1] نفس کی مکمل فنا کے بعد دیگر تمام اسماء کے دائمی ذکر سے مراد طالب کی ذات میں اللہ کی ذات اور تمام صفات کا ظاہر ہو جانا ہے۔ [2] عارفین کو قربِ حق میں وہ مقام حاصل ہوتا ہے جو نہ سوچا جا سکتا ہے اور نہ ہی کسی کے وہم و گمان میں آ سکتا ہے۔ [3] قربِ حق کے سفر میں طالبِ حق کو تصفیہ قلب کے لیے بہت سی حلال چیزوں کو بھی ترک کرنا پڑتا ہے تاکہ قلب میں کسی قسم کی لذت اور خواہش باقی نہ رہے۔ قربِ حق میں پہنچ کر وہ سب چیزیں جو پہلے ترک کی گئی تھیں، حلال ہو جاتی ہیں۔

میں بدل دیتا ہے۔[1]

اور پھر وہ نفسانی تصرفات سے آزاد ہو جاتا ہے اور خوف و غم سے امان پا جاتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❀ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ O (یونس-62)

ترجمہ: بے شک اللہ کے ولیوں کو نہ تو کوئی خوف ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی غم۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل اور جودو کرم سے ہمیں بھی یہ (حجِ طریقت) نصیب فرمائے۔

پھر تمام اسماء کی تکرار سے طوافِ صدر ہے اور بارھویں اسم کے ذکر سے اپنے اصلی وطن عالمِ قدس اور عالمِ احسن تقویم میں واپس لوٹنا ہے اور یہ (مقام) عالمِ یقین سے متعلق ہے اور یہ تاویلات دائرہ زبان اور عقل کے اندر ہیں اور جو (مقامات) اس سے آگے ہیں اس کی خبر دینا (کسی بشر کے لیے) ممکن نہیں اور نہ کسی (عام انسان کے) فہم اور ذہن کو ان کا ادراک ہو سکتا ہے اور نہ ہی حوصلے ان (مقامات کے انوار و تجلیات کو برداشت کرنے) کی طاقت رکھتے ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❀ اَنَّ مِنَ الْعُلُوْمِ کَھَیْئَۃِ الْمَکْنُوْنِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا الْعُلَمَآءُ بِاللّٰہِ

ترجمہ: بے شک علوم میں سے ایک علم پوشیدہ رکھا گیا ہے اور اسے علماءِ ربانی کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

پس جب وہ (علماءِ ربانی) اس (پوشیدہ و باطنی علم) کے متعلق گفتگو کرتے ہیں تو اہلِ عزت اس کا انکار نہیں کرتے کیونکہ عارف جو بات بھی کرتا ہے وہ حقیقی (اور باطنی) ہوتی ہے اور عالم جو بات بھی کرتا ہے وہ سطحی (اور ظاہری) ہوتی ہے۔ پس عارف کا علم اللہ تعالیٰ کا سرّ ہے جس کو اللہ کے سوا

---

[1] یعنی جو قربِ حق تعالیٰ کی طلب کرے اور اپنے گناہوں سے توبہ کر کے تصدیق بالقلب سے ایمان لائے جو کہ معرفتِ حق تعالیٰ سے ہی ممکن ہے، تب ہی برائیاں نیکیوں میں بدلتی ہیں ورنہ زبانی اقرار اور ظاہری توبہ سے اللہ پاک اگر چاہے تو گناہوں کو تو بخش دیتا ہے مگر برائیاں نیکیوں میں نہیں بدلتیں۔

کوئی نہیں جانتا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ (البقرہ-255)

ترجمہ: اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ چاہتا ہے۔

یعنی وہ انبیاء اور اولیاء ہیں (جن کی رسائی وہ اپنے علم تک کرتا ہے)۔

۞ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (طٰہٰ-8-7)

ترجمہ: پس (اللہ) ہر مخفی اور پوشیدہ چیز کو جانتا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور تمام اچھے نام اسی کے ہیں۔

اور اللہ ہی (سب) جانتا ہے۔

انیسویں فصل

وجد اور صفا کے بیان میں

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ط (الزمر۔23)

ترجمہ: (اللہ کی آیات سن کر) ان کے جسم پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور جو اللہ سے ڈرتے ہیں ان کے جسم اور دل نرم ہو کر اللہ کے ذکر کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے مزید فرمایا:

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ط فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (الزمر۔22)

ترجمہ: جس کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کھول دیا وہ اپنے ربّ کی طرف سے نور پر ہے۔ پس ان لوگوں کے لیے بربادی ہے جن کے دل ذکرِ اَللّٰہُ سے غافل ہو گئے ہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

جَذْبَةٌ مِّنْ جَذْبَاتِ الْحَقِّ تَوَازُنُ عَمَلِ الثَّقَلَيْنِ

ترجمہ: حق تعالیٰ کے جذبات میں سے ایک جذبہ دونوں جہان کے اعمال کے برابر ہے۔

نیز فرمایا:

❁ مَنْ لَّا وَجْدَ لَهٗ لَا حَیٰوۃَ لَہٗ

ترجمہ: جس میں وجد نہیں اس میں زندگی نہیں۔

حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

❁ اَلْوَجْدُ اِذَا صَادَفَ فِی الْبَاطِنِ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی یُوْرِثُ سُرُوْرًا اَوْحَزَنًا

ترجمہ: وجد جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے باطن میں راہ پاتا ہے تو سرور یا غم پیدا کرنے کا باعث بنتا ہے۔

وجد دو طرح کا ہوتا ہے جسمانی اور روحانی۔ جسمانی وجد نفسانی ہوتا ہے جو جسمانی قوت (شہوات) کے ساتھ تحریک میں آتا ہے اور شوق (عشقِ حقیقی اور دیدارِ الٰہی کی چاہت) کے بغیر (پیدا ہونے والا) روحانی غلبہ محض ریا، بناوٹ اور شہرت کے لیے ہوتا ہے اور (وجد کی) یہ قسم بالکل باطل ہے کیونکہ اس کا اختیار کرنا غیر مغلوب اور غیر مسلوب[1] ہے اور اس قسم کے وجد کی موافقت جائز نہیں۔

روحانی وجد وہ ہے جو شوق کی قوت کے ذریعہ روحانی تقویت کا باعث ہے اور اچھی آواز میں کی گئی قرآتِ قرآن یا موزوں شعر یا پُر اثر ذکر سے پیدا ہوتا ہے اور اس سے جسم میں قوت اور اختیار باقی نہیں رہتے اور یہ (وجد) رحمانی ہے اور اس کی موافقت اختیار کرنا مستحب ہے۔ اس (وجد) کی طرف اللہ کے اس فرمان میں اشارہ ہے:

❁ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۙ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ ؕ (الزمر 18-17)

ترجمہ: پس (اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) خوشخبری ہے میرے ان بندوں کے لیے جو (میری) بات غور سے سنتے اور اس کی بہترین اتباع کرتے ہیں۔

اسی طرح عشاق اور (روحانی) طیور کی آوازیں اور پُر معانی صدائیں سب روح کی قوت کا باعث ہیں اور اس قسم کے وجد میں نفس اور شیطان مداخلت نہیں کر سکتے کیونکہ شیطان نفسانی ظلمانیت میں تو تصرف کر سکتا ہے مگر رحمانی نورانیت میں نہیں کہ اس میں وہ (شیطان) پانی میں نمک کی مانند پگھل

---

[1] یہ وجد نہ تو کسی باطنی شوق کے غلبہ سے ہوتا ہے اور نہ ہی جسم کے اختیار کے سلب ہونے سے ہوتا ہے۔

جاتا ہے جیسے کلمہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ سے پگھل جاتا ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے:

فَفِیْ قِرَائَۃِ الْاٰیَاتِ وَالْاَشْعَارِ الْحِکْمَۃِ وَالْمَحَبَّۃِ وَالْعِشْقِ وَالْاَصْوَاتِ الْحُزْنِیَّۃِ قُوَّۃٌ نُوْرَانِیَّۃٌ لِلرُّوْحِ فَالْوَاجِبُ اَنْ یَصِلَ النُّوْرُ اِلَی النُّوْرِ وَھُوَ الرُّوْحُ

ترجمہ: آیات کی قرأت، اشعارِ حکمت، محبت و عشق اور پُر درد آوازیں روح کی نورانی قوت کا باعث ہیں۔ پس واجب ہے کہ (ان کی تقویت سے) نور، نور یعنی روح سے ملے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَالطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ (النور-26)

ترجمہ: اور پاکیزہ (نفس) پاکیزہ (روح) کے لیے ہے۔

اور اگر وجد شیطانی اور نفسانی ہو تو اس میں نور نہیں بلکہ ظلمت، کفر اور گمراہی ہوتی ہے۔ پس ظلمت، ظلمت یعنی نفس سے مل جاتی ہے اور اپنی ہم جنس سے ہی قوت پاتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اَلْخَبِیْثٰتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ (النور-26)

ترجمہ: خبیث (نفس) خبیث (روح) کے لیے ہے۔

اس (قسم کے وجد) میں روح کے لیے ہرگز کوئی قوت نہیں۔

پس روحانی وجد میں دو طرح کی حرکات ہوتی ہیں نوعِ اختیاری اور نوعِ اضطراری۔ اختیاری حرکات اس انسان کی حرکات کی مانند ہیں جس (انسان) کے جسم میں نہ کوئی غم ہے اور نہ ہی کوئی مرض اور بیماری۔ اس قسم کی سب حرکات غیر شرعی ہیں (کیونکہ یہ انسان نفس کی خواہش کے تحت خود اختیار کرتا ہے)۔ اور اضطراری حرکات وہ ہیں جو کسی دوسرے سبب مثلاً قوتِ روح سے حاصل ہوتی ہیں اور نفس ان کے پیدا کرنے کی قوت نہیں رکھتا کیونکہ یہ حرکات جسمانی حرکات پر غالب ہوتی ہیں جیسے بخار کی حرکات جب غلبہ پاتی ہیں تو انسان ان (حرکات) کا متحمل ہونے سے عاجز آجاتا ہے اور ان حرکات پر بے اختیار ہو جاتا ہے مگر جب روحانی حرکات غالب آجاتی ہیں تو وہ وجد روحانی اور حقیقی ہو

جاتا ہے۔ وجد اور سماع وہ دو آلات ہیں جو عشاق اور عارفین کے دلوں کو متحرک رکھتے ہیں اور محبین کی غذا اور طالب کی (باطنی) قوت کا باعث ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

۞ اِنَّ السَّمَاعَ لِقَوْمٍ فَرْضٌ وَلِقَوْمٍ سُنَّةٌ وَلِقَوْمٍ بِدْعَةٌ فَالْفَرْضُ لِلْخَوَاصِ وَالسُّنَّةُ لِلْمُحِبِّيْنَ وَالْبِدْعَةُ لِلْغَافِلِيْنَ

ترجمہ: بے شک سماع بعض لوگوں کے لیے فرض، بعض لوگوں کے لیے سنت اور بعض لوگوں کے لیے بدعت ہے۔ پس یہ (سماع) خواص کے لیے فرض، محبین کے لیے سنت اور غافلین کے لیے بدعت ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

۞ مَنْ لَمْ یَتَحَرَّكْ بِالسَّمَاعِ وَاَشْعَارِہٖ وَالرَّبِیْعِ وَاَزْھَارِہٖ وَالْعُوْدِ وَ اَوْتَارِہٖ فَھٰذَا فَاسِدُ الْمِزَاجِ لَیْسَ لَہٗ عِلَاجٌ فَھُوَ نَاقِصٌ عَنِ الْحِمَارِ وَالطُّیُوْرِ بَلْ عَنْ كُلِّ الْبَھَائِمِ فَاِنَّ جَمِیْعَ ذٰلِكَ یَتَاَثَّرُ بِالنَّغْمَاتِ الْمَوْزُوْنَةِ وَلِذٰلِكَ كَانَتِ الطُّیُوْرُ تَصْطَفُّ عَلٰی رَاْسِ دَاوٗدَ لِاِسْتِمَاعِ صَوْتِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ۔

ترجمہ: جو شخص سماع، اشعار، بہار اور اس کے شگوفوں، عود[1] اور اس کی تاروں سے وجد میں نہیں آتا وہ بدمزاج ہے اور اس کا کوئی علاج نہیں اور وہ گدھے اور پرندوں بلکہ تمام جانوروں سے کمتر ہے کیونکہ تمام جانور نغمات اور موزوں اشعار سے متاثر ہوتے ہیں اور اسی لیے پرندے حضرت داؤد علیہ السلام کی (دلکش) آواز سننے کے لیے ان کے سر پر جمع ہو جاتے تھے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

۞ مَنْ لَا وَجْدَ لَہٗ لَا دِیْنَ لَہٗ

ترجمہ: جو وجد میں نہیں آتا اس کا کوئی دین نہیں۔

وجد کی دس وجوہات ہیں ان میں سے بعض جلی (ظاہر) ہیں جن کے اثر کا اظہار (ظاہری) حرکات

---

[1] ساز موسیقی

سے ہوتا ہے اور بعض خفی (پوشیدہ) ہیں جن کے اثر کا اظہار جسم سے نہیں ہوتا مثلاً قلب کا ذکرِ الٰہی کرنا، قرآن کی قرآت اور اس سے آہ و بکا اور رنجیدگی اور خوف وغم اور تاسف و حیرت میں مبتلا ہونا اور ذکرِ الٰہی سے حسرت و ندامت اور ظاہر و باطن میں تبدیلی آنا اور اس سے اللہ تعالیٰ کی رضا کی طلب اور شوق اور اس (تڑپ) سے حرارت، مرض اور پسینہ جاری ہونا۔

بیسویں فصل

خلوت اور گوشہ نشینی کے بیان میں

خلوت دو طرح کی ہے ظاہری اور باطنی۔ ظاہری خلوت یہ ہے کہ (انسان) اپنے نفس اور اپنے بدن کو لوگوں سے اس طرح الگ کرے کہ اپنے اخلاقِ ذمیمہ سے انہیں ایذا نہ پہنچا سکے اور نفسانی خواہشات اور ظاہری حواس کو ترک کر لے جس سے اخلاصِ نیت، ارادۂ موت اور قبر میں داخل ہونے کے تصور سے باطنی حواس کھل جائیں اور اس (خلوت) سے رضائے الٰہی کا حصول اور اپنے شر سے مومنین اور مومنات کو بچانے کی نیت ہو جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ یَدِہٖ وَلِسَانِہٖ وَ کَفَّ لِسَانَہٗ عَمَّا لَا یَعْنِیْہِ

ترجمہ: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان (کے شر) سے مسلمان محفوظ رہیں اور اس کی زبان لایعنی (بے مقصد اور فضول) باتوں سے رکی رہے۔

❁ سَلَامَۃُ الْاِنْسَانِ مِنْ قِبَلِ اللِّسَانِ وَمُلَامَۃُ الْاِنْسَانِ مِنْ قِبَلِ اللِّسَانِ وَ کَفَّ عَیْنَیْہِ عَنِ الْخِیَانَۃِ وَالنَّظْرِ اِلَی الْحَرَامِ وَ کَذَا کَفَّ رِجْلَیْہِ وَاُذُنَیْہِ

ترجمہ: انسان کی سلامتی زبان کی طرف سے ہے اور انسان کو ملامت بھی زبان کی طرف سے ہے اور (انسان کو چاہیے کہ) اپنی آنکھوں کو خیانت سے اور اپنی نظر کو حرام سے روکے اور اسی طرح اپنے پاؤں اور کانوں کو بھی۔

پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

۞ اَلْعَيْنَانِ تَزْنِيَانِ.... اِلٰى آخِرِ الْحَدِيْثِ

ترجمہ: آنکھیں بھی زنا کرتی ہیں۔۔۔۔۔حدیث کے آخر تک۔[1]

ان اعضا سے زنا کا نتیجہ قبیح صورت حبشی شخص ہے جو قیامت کے دن اُس (زنا کار) کے ساتھ کھڑا ہوگا اور اللہ کے پاس اس (زنا کار) کے خلاف گواہی دے گا اور اس شخص کا مواخذہ[2] کرے گا اور دوزخ میں عذاب دے گا۔ پس وہ شخص جو (ان گناہوں سے) توبہ کر لے اور اپنے نفس کو (اخلاقِ رذیلہ سے) روک لے تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

۞ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ○ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ○ (النازعات 41-40)

ترجمہ: اور وہ (شخص) جس نے اپنے نفس کو ہوا[3] سے روکا تو اس کا ٹھکانہ جنتِ ماویٰ ہے۔

(توبہ کر لینے اور ہوائے نفس سے رکنے کے بعد) اس (حبشی) شخص کی صورت جنت کے غلمان کے بے ریش نوجوان کی خوبصورت صورت میں تبدیل ہو جاتی ہے اور وہ (توبہ کرنے والا) اس (حبشی) کے شر سے نجات پا لے گا۔ خلوت گناہوں سے محفوظ رہنے کے لیے ایک قلعہ ہے (کیونکہ جب انسان گناہوں سے محفوظ ہو جاتا ہے) تو نیک اعمال ہی باقی رہ جاتے ہیں اور وہ نیکوکار بن جاتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا (الکہف۔ 110)

ترجمہ: پس جو شخص اپنے ربّ کے لقا کی طرف رجوع کرتا ہے تو اُسے چاہیے کہ نیک اعمال کرے اور اپنے واحد رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے۔

اور باطن کی خلوت وہ ہے جس میں نفسانی اور شیطانی تفکرات قلب میں داخل نہیں ہو سکتے جیسے

---

[1] یہ ایک طویل حدیث ہے جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جسم کے ہر ایک حصے کا نام لے کر فرمایا کہ یہ زنا کرتے ہیں مثلاً کان بھی زنا کرتے ہیں، زبان بھی زنا کرتی ہے، ہاتھ بھی زنا کرتے ہیں اور پاؤں بھی زنا کرتے ہیں۔ [2] حساب کتاب [3] ہوا سے مراد نفس کی بیماریاں مثلاً عُجب، تکبر، کینہ، بغض، لالچ، جھوٹ، چغلی وغیرہ۔

کھانے، پینے اور پہننے کی محبت، اہل وعیال اور حیوانات مثلاً گھوڑے وغیرہ کی محبت اور ریا، بناوٹ اور شہرت کی محبت۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلشُّھْرَۃُ اٰفَۃٌ وَکُلٌّ مَا یَتَمَنَّاھَا وَالْخُمُوْلُ رَاحَۃٌ وَکُلٌّ مَا یَتَوَقَّاھَا

ترجمہ: شہرت (میں) آفت ہے اور ہر شخص اس کا خواہشمند ہے اور گمنامی (میں) راحت ہے اور ہر کوئی اس سے بچتا ہے۔

اور نہ ہی (خلوت نشین) اپنے اختیار سے اپنے قلب میں کبر، عُجب، بخل، حسد، غیبت، چغلی، کینہ، غصہ وغضب اور اس جیسے دوسرے ذمائم کو داخل ہونے دے کیونکہ جب خلوت میں ان ذمائم میں سے کچھ قلب میں داخل ہوتا ہے تو خلوت اور قلب اور اس قلب میں احسان اور اعمالِ صالحہ فاسد ہو جاتے ہیں اور قلب ہر طرح کی منفعت سے محروم رہ جاتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

❁ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ (یونس-81)

ترجمہ: بے شک اللہ مفسدین کے اعمال کی اصلاح نہیں فرماتا۔

ہر وہ شخص جس کے قلب میں ان مفسدات میں سے کچھ ہو وہ مفسدین میں سے ہے بے شک ظاہر میں وہ اصلاح کاروں کی ہی صورت والا ہو جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْکِبْرُ وَالْعُجْبُ یُفْسِدَانِ الْاِیْمَانَ

ترجمہ: کبر اور عُجب دونوں ایمان کو فاسد کر دیتے ہیں۔

❁ اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا

ترجمہ: غیبت زنا سے بھی شدید (برائی) ہے۔

❁ اَلْحَسَدُ یَاْکُلُ الْحَسَنَاتِ کَمَا تَاْکُلُ النَّارُ الْحَطَبَ

ترجمہ: حسد نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔

❁ اَلْفِتْنَۃُ نَائِمَۃٌ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ اَیْقَظَھَا

ترجمہ: سوئے ہوئے فتنے کو جگانے والے پر اللہ کی لعنت ہے۔

❁ اَلْبَخِيْلُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَلَوْ كَانَ عَابِدًا

ترجمہ: بخیل جنت میں داخل نہیں ہوسکتا اگرچہ وہ عابد ہی کیوں نہ ہو۔

❁ اَلرِّيَاءُ شِرْكٌ خَفِيٌّ وَشِرْكُهٗ كُفْرٌ

ترجمہ: ریا خفی شرک ہے اور ایسا شرک کفر ہے۔

❁ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ

ترجمہ: چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

اور ان (احادیث) کے علاوہ اخلاقِ ذمیمہ کی مذمت میں بہت سی احادیث وارد ہوئی ہیں۔ پس یہ (باطنی خلوت نشین کے لیے) احتیاط کا مقام ہے اور تصوف میں سب سے پہلا مقصود ان (اخلاقِ ذمیمہ) سے قلب کا تصفیہ اور نفس کا خواہشات سے قلع قمع کرنا ہے۔ پس جو خلوت، ریاضت، خاموشی، دائمی ذکر، محبت، توبہ و اخلاص اور صحیح سنی اعتقاد سے صحابہ کرامؓ میں سے اپنے سلف صالحین اور مشائخ میں سے تابعین اور علماءِ عاملین کی متابعت اختیار کر کے (ان برائیوں سے) اپنی اصلاح کر لیتا ہے اور توبہ و تلقین اور مذکورہ بالا شرائط کی ادائیگی سے مومن بن کر خلوت نشین ہوتا ہے تو اس کا علم اور عمل اللہ کے لیے خالص ہو جاتا ہے، اس کا قلب منور ہو جاتا ہے، اس کی جلد نرم اور اس کی زبان پاک ہو جاتی ہے، اس کے ظاہری و باطنی حواس جمع ہو جاتے ہیں اور اس کے اعمال کو اللہ تعالیٰ اپنے حضور میں رفعت (بلندی) عطا کر کے قبول کر لیتا ہے اور اس کی دعا کو سنتا ہے جیسے وہ (نماز میں) کہتا ہے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ترجمہ: ''اور اللہ سنتا ہے جو اس کی تعریف کی جائے'' یعنی اللہ تعالیٰ اس کی دعا اور ثناء اور عاجزی کو قبول کرتا ہے اور اس کے صلے میں اپنے بندے کو اپنا قرب اور درجات عطا فرماتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا:

❁ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ (فاطر-10)

ترجمہ: پاکیزہ کلام اسی کی طرف چڑھتا ہے اور وہی صالح اعمال کو بلند فرماتا ہے۔

پاک کلام سے مراد اپنی زبان کو ذکر اور توحیدِ حق تعالیٰ کا آلہ بن جانے کے بعد لغویات سے محفوظ کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ○ وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ○ (المومنون 3-1)

ترجمہ: ان مومنین نے فلاح پائی جو اپنی نمازوں میں خشوع پیدا کرنے والے ہیں اور وہ جو فضول باتوں سے پرہیز کرتے ہیں۔

پس اللہ تعالیٰ ان کے علم اور عمل کو رفعت بخشتا ہے اور عامل (نیک اعمال کرنے والے) کو مغفرت اور اپنی رضا سے اپنی رحمت اور قرب و درجات عطا فرماتا ہے۔ جب (باطنی) خلوت نشین کو یہ مراتب حاصل ہو جاتے ہیں تو اس کا قلب سمندر کی طرح (وسیع) ہو جاتا ہے اور لوگوں کی ایذا رسانی سے اس میں تغیر نہیں آتا جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

كُنْ بَحْرًا لَا تَتَغَيَّرُ

ترجمہ: سمندر (کی مانند) ہو جاؤ جس میں کوئی تغیر نہیں آتا۔

نفسانی زمینیں اس (باطنی خلوت نشین کے قلب کے سمندر) میں ایسے فنا ہوتی ہیں جیسے فرعون اور اس کی آل سمندر میں غرق ہوئے[1]۔ پس اس میں شریعت کی کشتی سلامتی سے جاری ہو جاتی ہے اور روحِ قدسی اس (سمندر) کی تہہ میں غوطہ لگا کر حقیقت کے جوہر، معرفت کے موتی اور لطائف کے مرجان نکال لاتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ (الرحمٰن-22)

ترجمہ: ان دونوں سے موتی اور مرجان نکلتے ہیں۔

اور یہ سمندر اس کو حاصل ہوتا ہے جو ظاہر اور باطن کے سمندر کو جمع کر لے جس کے بعد اس کے قلب کے سمندر میں کوئی فساد برپا نہیں ہوتا اور (باطنی خلوت نشین کی) توبہ خالص، علم نفع بخش اور

---

[1] یعنی باطنی خلوت نشین کے وسیع قلب میں نفسانی بیماریاں فنا ہو جاتی ہیں۔

عمل پاک ہو جاتا ہے اور وہ ارادۃً مناہی کی طرف مائل نہیں ہوتا اور اگر اس سے کوئی غلطی اور بھول چوک ہو بھی جائے تو استغفار، ندامت اور یقین کے باعث ان (گناہوں) کی معافی ہو جاتی ہے۔

اکیسویں فصل

خلوت کے اوراد کے بارے میں

خلوت نشین کو چاہیے کہ جب خلوت میں بیٹھے تو اگر طاقت رکھتا ہے تو روزے رکھے اور پانچوں نمازیں اپنے اپنے اوقات پر سنت وشرائط اور ارکان کی پابندی سے لوگوں کے ساتھ باجماعت ادا کرے اور نصف شب کے بعد بارہ رکعات نمازِ تہجد پڑھے اور ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: نمازِ شب دو دو رکعت کر کے پڑھی جائے اور اس کے بعد تین رکعت نمازِ وتر ادا کی جائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

❁ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ (بنی اسرائیل-79)

ترجمہ: رات کے کچھ حصے میں نمازِ تہجد ادا کرو اور اس کے ساتھ قرآن پڑھو۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

❁ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ (السجدہ-16)

ترجمہ: ان کے پہلو بستروں سے دور رہتے ہیں۔

اور طلوعِ آفتاب کے بعد دو رکعت نماز ادا کرے جو کہ نمازِ اشراق ہے اور اس کے بعد دو رکعت نماز استعاذہ[1] کی نیت سے ادا کرے اور پہلی رکعت میں ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' تلاوت کرے اور دوسری رکعت میں ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ'' تلاوت کرے اور اس کے بعد دو رکعت نمازِ استخارہ

---

[1] پناہ مانگنا

کی نیت سے ادا کرے جس کی ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ، آیت الکرسی ایک مرتبہ اور "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" سات مرتبہ پڑھے اور چھ رکعات صلوٰۃ الضحیٰ (نمازِ چاشت) پڑھے جس میں اپنی مرضی سے آیات اور سورت تلاوت کرے اور اس کے بعد دو رکعت نماز کفارۂ بول[1] کی نیت سے ادا کرے جس کی ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۃ کوثر سات مرتبہ پڑھے۔ پس یہ (نماز) کفارۂ بول ہوگی اور عذابِ قبر سے نجات دے گی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اِسْتَنْزِهُوْا مِنَ الْبَوْلِ فَاِنَّ عَامَةَ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنْهُ

ترجمہ: پیشاب سے دور رہو کہ عذابِ قبر عموماً اسی وجہ سے ہوتا ہے۔

(اس کے علاوہ) چار رکعات نماز ادا کرے۔ اگر دن میں پڑھے اور حنفی ہے تو چار رکعات اکٹھی ادا کرے اور اگر شافعی ہے تو دو دو رکعات کر کے پڑھے اور اگر رات کو پڑھے تو حنفی اور شافعی ہر کوئی دو دو رکعتیں کر کے پڑھے۔ یہ صلوٰۃ التسبیح ہے اور حنفی مذہب کے مطابق اگر دن میں (یہ نماز) پڑھے تو یہ نیت کرے "اللہ کے لیے صلوٰۃ التسبیح پڑھنے کی نیت کرتا ہوں" اور پھر تکبیرِ تحریمہ کہے اور پھر توجہ سے ثناء پڑھے اور توجہ (ثناء) کے بعد پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کہے۔ پھر سورۃ فاتحہ تلاوت کرے اور کوئی سورۃ یا سورۃ البقرہ کی آخری آیات یا کوئی بھی آیات تلاوت کرے اور پھر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے پھر رکوع میں جائے اور تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ پڑھے اور اس کے بعد دس مرتبہ یہ تسبیح پڑھے پھر رکوع سے کھڑے ہو کر دس مرتبہ تسبیح پڑھے پھر سجدہ کرے اور (سجدہ میں تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کے بعد) دس مرتبہ تسبیح پڑھے پھر قعدہ اولیٰ میں دس مرتبہ تسبیح پڑھے اور پھر دوسرا سجدہ کرے اور تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کہے اور پھر دس مرتبہ تسبیح پڑھے اور پھر (دوسری رکعت کے لیے) کھڑا ہو اور پہلی رکعت کی ترتیب میں اسی طرح ہی تسبیح کرے اور التحیات اور تشہد تک

---

[1] دورانِ پیشاب بے احتیاطی سے پیشاب کا جسم پر لگ جانا اور کپڑوں اور جسم کا ناپاک رہنا باعثِ عذاب ہے اس لیے دو رکعت اس کے کفارہ کے لیے ادا کیے جاتے ہیں۔

پڑھے۔ اور پھر قیام کرے اور تیسری اور چوتھی رکعت ادا کرے اور ہر رکعت میں تسبیحات پچھتر (75) مرتبہ اور دو رکعات میں ایک سو پچاس (150) مرتبہ اور چار رکعات میں تین سو (300) مرتبہ پڑھی جائیں گی۔

شافعی مذہب کی رو سے چاہے دن ہو یا رات، یہ نیت کرے ''اللہ کے لیے دو رکعت نماز سنت التسبیح کی نیت کرتا ہوں'' اور پھر تکبیرِ تحریمہ کہے اور پھر ثنا، سورۃ فاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھے اور پھر پندرہ مرتبہ تسبیح پڑھے اور پھر رکوع کرے اور دس مرتبہ تسبیح پڑھے۔ پھر کھڑا ہو کر دس مرتبہ تسبیح پڑھے، پھر سجدہ کرے اور دس مرتبہ تسبیح پڑھے۔ پھر قعدہ اولیٰ میں دس مرتبہ اور پھر (دوسرے) سجدہ میں دس مرتبہ تسبیح پڑھے پھر بیٹھ کر دس مرتبہ تسبیح پڑھے پھر التحیات آخر تک پڑھے اور سلام پھیرے اور اسی طرح دوسری رکعت۔

خلوت نشین پر واجب ہے کہ یہ نماز ہر دن اور رات میں پڑھے اور اگر اس کی استطاعت نہیں رکھتا تو ہر جمعہ کے دن پڑھے اور اگر اس کی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو ہر مہینے ایک مرتبہ پڑھے اور اگر اس کی استطاعت بھی نہیں رکھتا تو سال میں ایک مرتبہ ضرور پڑھے اور اگر اس کی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو تمام عمر میں ایک مرتبہ پڑھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہٗ سے فرمایا:

❁ مَنْ صَلّٰی هٰذِهِ الصَّلٰوةَ غَفَرَ اللّٰهُ تَعَالٰی لَهٗ ذُنُوْبَهٗ كُلَّهَا وَاِنْ كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ الرَّمْلِ وَعَدَدِ النُّجُوْمِ الَّتِیْ فِی السَّمَآءِ اَوْ عَدَدَ كُلِّ مَا كَانَ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ

ترجمہ: جو یہ نماز پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرما دے گا اگرچہ اس کے اکثر گناہ ریت کے ذرات، آسمان کے ستاروں اور روئے زمین کی ہر چیز کی تعداد سے بڑھ کر ہوں۔

سالک کو چاہیے کہ روزانہ ایک مرتبہ دعائے سیفی پڑھے اور ایک دن میں دو سو آیات کے برابر قرآن تلاوت کرے اور پھر کثرت سے ذکرِ اَللّٰہُ کرے۔ اگر ذکرِ جہر[1] کا اہل ہو تو ذکرِ جہر اور اگر ذکرِ خفی[2]

---

[1] ذکرِ جہر زبان سے بلند آواز سے کیا جاتا ہے۔ [2] پاس انفاس کا ذکر ہے یعنی سانسوں کے ساتھ کیا جانے والا ذکر

کا اہل ہو تو ذکرِ خفی کرے اور مقامِ خفیہ حیاتِ قلب کے بعد ہے اور یہ ذکر سرّ کی زبان سے کیا جاتا ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ (البقرہ۔198)

ترجمہ: اس کا ذکر ایسے کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت دی ہے۔

یعنی اپنے مراتب کے مطابق ذکر کرو۔ ہر مقام کے لیے مخصوص اسم اور آداب ہیں جس کی معرفت اس کے اہل ہی رکھتے ہیں اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ہر روز سو مرتبہ تلاوت کرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر سو مرتبہ درود بھیجے اور سو مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ مِمَّا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اگر نوافل اور تلاوتِ قرآن کی زیادہ استطاعت رکھتا ہو تو زیادہ پڑھے۔

بائیسویں فصل

نینداوراونگھ کے واقعات کے بیان میں

نیند[1] اوراونگھ[2] میں جو قابلِ تعبیر واقعات پیش آتے ہیں وہ سچے اور نفع بخش ہوتے ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰہُ رَسُوْلَہُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ اٰمِنِیْنَ (الفتح-27)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کا خواب سچ کر دکھایا۔ انشاء اللہ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) مسجد الحرام میں امان کے ساتھ داخل ہوں گے۔

جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کی زبان سے یہ فرمایا:

❁ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا (یوسف-4)

ترجمہ: بے شک میں نے گیارہ ستاروں کو دیکھا۔

جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ لَمْ یَبْقَ مِنْ بَعْدِیْ نُبُوَّۃٌ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ یَرَاھَا الْمُؤْمِنُ اَوْتُرٰی لَہٗ

---

[1] ایسی حالت جس میں انسان کا شعوری رابطہ ظاہری دنیا سے مکمل طور پر کٹ جاتا ہے۔ [2] یہ نینداور بیداری کی درمیانی کیفیت ہے جس میں انسان کا شعوری رابطہ ظاہری دنیا سے مکمل طور پر منقطع نہیں ہوتا۔

ترجمہ: میرے بعد نبوت میں صرف مبشرات[1] ہی باقی ہیں جو مومن دیکھتا ہے یا کوئی اس کے لیے دیکھتا ہے۔

اس (حدیث) کے لیے دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

❁ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (یونس۔64)

ترجمہ: ان (مومنین) کے لیے دنیا اور آخرت کی زندگی میں خوشخبری ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ رَّاٰنِيْ فَقَدْ رَاٰنِيْ حَقًّا فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِيْ وَبِمَنِ التَّبَعَنِيْ بِنُوْرِ الشَّرِيْعَةِ وَالطَّرِيْقَةِ وَالْمَعْرِفَةِ بِنُوْرِ الْحَقِيْقَةِ وَالْبَصِيْرَةِ

ترجمہ: جس نے مجھے دیکھا پس تحقیق اس نے مجھے ہی دیکھا۔ بے شک شیطان میری مثل نہیں بن سکتا اور نہ ہی اس کی مثل جس نے نورِ شریعت اور طریقت اور معرفت اور نورِ حقیقت و بصیرت کے ذریعے میری اتباع کی۔

جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۚ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ (یوسف۔108)

ترجمہ: (اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما دیجیے) میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں، میں اور میری اتباع کرنے والے صاحبِ بصیرت ہیں۔

پس شیطان ان تمام انوارِ لطیفہ کی مثل نہیں بن سکتا۔ صاحبِ 'مظہر' نے کہا ہے کہ یہ کمال صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات کے لیے ہی مخصوص نہیں بلکہ وہ (شیطان) ان سب کی مثل بھی نہیں بن سکتا جو رحمت، شفقت، لطف اور ہدایت کے مظہر ہیں جیسے تمام انبیاء، اولیاء، ملائکہ، کعبہ، سورج، چاند، سفید بادل، صحائف وغیرہ وغیرہ، کیونکہ شیطان قہر کا مظہر ہے، وہ (اللہ تبارک وتعالیٰ

---

[1] مبشرات سے مراد وہ خوش کن سچے خواب ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی جانب سے مومن کے لیے اشارے ہیں جیسا کہ حدیثِ مبارکہ ہے "سچے خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں"۔

کے) اسمِ مضل کی (مظہر) صورتوں کے علاوہ کسی (دوسری) صورت میں ظاہر نہیں ہو سکتا۔ اور جو (صورت) اسمِ ہادی کی مظہر ہے وہ اسمِ مضل کی مظہر کیسے ہو سکتی ہے کہ بے شک ایک صورت اپنی متضاد صورت کی مظہر نہیں ہو سکتی جیسے آگ اور پانی۔ یہ ممکن نہیں کہ آگ پانی میں تبدیل ہو جائے اور نہ ہی پانی کے لیے ممکن ہے کہ وہ آگ میں بدل جائے کہ دونوں کے درمیان فرق، تنافر[1] اور بے حد فاصلہ ہے اور یہ حق کی باطل سے تمیز کرنے کے لیے ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ (الرعد۔17)

ترجمہ: اسی طرح اللہ حق وباطل کی مثالیں بیان فرماتا ہے۔

اور وہ (شیطان) صورتِ ربّ کی مثل بن سکتا ہے اور ربوبیت کا دعویٰ بھی کر سکتا ہے کیونکہ اللہ عزّ وجل کی صفات میں جلال بھی ہے اور جمال بھی۔ جس میں سے شیطان صفتِ جلال کی مثل بن سکتا ہے کیونکہ وہ قہر کا مظہر ہے اور اس صفتِ ربوبیت میں اُس (شیطان) کا ظہور اور ربوبیت کا دعویٰ محض (اللہ کے) اسمِ مضل (کا مظہر ہونے) کے باعث ہے جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ شیطان کا (ان صفاتِ قہر کی وجہ سے) ربّ تعالیٰ کی صورت میں ظہور اسمِ مضل کے باعث ہے جیسا کہ اوپر بیان ہوا۔ لیکن وہ اسمِ جامع کی صورت[2] کا مظہر نہیں بن سکتا کیونکہ اس (صورتِ جامع) میں صفاتِ ہدایت بھی ہیں اور اس پر بہت زیادہ گفتگو ہو سکتی ہے اور اس کی شرح بھی بہت طویل ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ (یوسف۔108)

ترجمہ: (اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرما دیجیے) میں اور میری اتباع کرنے والے صاحبِ بصیرت ہیں۔

---

[1] تنافر کا مطلب نفرت کرنا ہے۔ یہاں تنافر سے مراد دو ایسی چیزیں ہیں جو اپنی صفات وخصوصیات میں ایک دوسرے کی مخالف اور ضد ہوتی ہیں اور کبھی ایک نہیں ہو سکتیں۔ [2] اسمِ جامع کی صورت سے مراد انسانِ کامل کی ظاہری صورت ہے۔

یہ (آیت) وارثِ کامل مرشد کی طرف اشارہ ہے یعنی وہ (مرشدانِ کامل اکمل) صاحبِ ارشاد ہوں گے جو میرے (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے) بعد میری بصیرت کی طرح باطنی بصیرت کے حامل ہوں گے۔ اس سے مراد ولایتِ کاملہ ہے جس کا اللہ کے اس فرمان وَلِيًّا مُّرْشِدًا[1] میں اشارہ ہے۔

پس جان لو کہ خواب دو طرح کے ہوتے ہیں، آفاقی[2] یا انفسی۔ اور ان میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں۔

انفسی: یہ خواب یا تو اخلاقِ حمیدہ کے باعث ہوتے ہیں یا اخلاقِ ذمیمہ کے۔ اخلاقِ حمیدہ کے باعث (آنے والے) خواب میں جنت اور اس کی نعمتیں جیسے حوریں، محلات، غلمان اور سفید نورانی صحرا اور جیسے سورج، چاند اور ستارے یا اس سے مشابہ دیگر چیزیں دیکھنا شامل ہے۔ ان سب کا تعلق صفتِ قلب سے ہے اور وہ (خواب) جن میں حیوانات اور پرندوں کا گوشت کھایا ہو، نفسِ مطمئنہ سے تعلق رکھتے ہیں کیونکہ جنت میں نفسِ مطمئنہ کی روزی ان انواع میں سے ہوتی ہے جیسے بکری اور پرندوں کا بھنا ہوا گوشت۔ گائے حضرت آدم علیہ السلام کے لیے جنت سے آئی تا کہ وہ دنیا میں کھیتی باڑی کریں۔ اسی طرح اونٹ جنت سے ظاہری اور باطنی کعبہ کی زینت کے لیے آیا ہے[3] اور گھوڑا جہادِ اصغر اور اکبر کے لیے آلہ بن کے آیا[4] اور یہ سب چیزیں (اونٹ، گھوڑا، بکری، گائے اور پرندے وغیرہ) آخرت کے لیے ہیں اور حدیث شریف میں آیا ہے:

---

[1] سورۃ الکہف کی آیت نمبر 17 ہے جس میں اللہ پاک فرماتا ہے ”جس کو اللہ پاک گمراہ قرار دے تو وہ کوئی ولی مرشد (یعنی کوئی راہ دکھانے والا) اپنا مددگار نہیں پائے گا۔ یعنی مرشد کامل صاحبِ تلقین وارشاد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بصیرت کا حامل ہوتا ہے اور جس کو اللہ پاک ہدایت سے نوازنا چاہتا ہے اُس کی رہنمائی مرشد کامل اکمل فقیر جامع نورالہدیٰ کی طرف کر دیتا ہے۔ [2] آفاقی خواب وہ ہیں جن کا ذکر پیچھے گزر چکا ہے یعنی مبشرات یا سچے خواب۔ [3] باطنی کعبہ سے مراد قلب ہی ہے لہٰذا خواب میں اونٹ دیکھنے سے مراد یہی ہے کہ طالب اپنے قلب کو گناہوں کے بوجھ سے آزاد کر کے خوبصورتی اور زینت بخش رہا ہے۔ [4] خواب میں گھوڑا دیکھنے سے مراد ہے کہ طالب اپنے نفس کے ساتھ جہاد کر رہا ہے۔

۞ اَنَّ الْغَنَمَ خُلِقَ مِنْ عَسَلِ الْجَنَّةِ وَالْبَقَرَ مِنْ زَعْفَرَانِهَا وَالْاِبِلَ مِنْ نُوْرِهَا وَالْخَيْلَ مِنْ رَيْحَانِهَا

ترجمہ: بے شک بکری کو جنت کے شہد سے، گائے کو (جنت کے) زعفران سے، اونٹ کو (جنت کے) نور سے اور گھوڑے کو (جنت کے) ریحان سے پیدا کیا گیا۔

خچر (نفس) مطمئنہ کی ادنیٰ صفت ہے اگر اسے خواب میں دیکھے تو اس کی تفسیر یہ ہو گی کہ (خواب) دیکھنے والا عبادت میں سست ہو گا اور اس پر نفس (کی خواہشات) کا غلبہ ہو گا اور اس کے اعمال کا کوئی نتیجہ نہیں سوائے اس کے کہ وہ (سچے دل سے) توبہ کرے اور (خلوصِ نیت سے) نیک اعمال کرے تو پھر اس کے لیے جزا کے طور پر بھلائی ہے۔ گدھا آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد کی مصلحت کے لیے (جنت کے) پتھروں سے پیدا کیا گیا تاکہ وہ اس سے آخرت کے لیے دنیا میں محنت کریں۔ اور وہ جو (خواب میں) روح کے ساتھ بے ریش نوجوان سے خطاب کرے تو اس پر انوارِ الٰہیہ متجلی ہوں گے کیونکہ تمام اہلِ جنت اسی (امرد کی) صورت میں ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

۞ اَهْلُ الْجَنَّةِ جُرْدٌ مُّرْدٌ مَكْحُوْلُوْنَ

ترجمہ: اہلِ جنت بے ریش، نوعمر اور سرمگیں آنکھوں والے ہوں گے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

۞ رَاَيْتُ رَبِّيْ عَلٰى صُوْرَةِ شَابٍ اَمْرَدَ

ترجمہ: میں نے اپنے ربّ کو بے ریش نوجوان کی صورت میں دیکھا۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس طرح کی تجلی سے مراد حق تعالیٰ کا روح کے آئینہ میں اپنی صفتِ ربوبیت سے تجلی فرمانا ہے اور یہ وہی (روح) ہے جسے طفلِ معانی کا نام دیا گیا کیوں کہ یہ (روح) مربی (مرشد کامل اکمل) کے وجود کے لیے آئینہ ہے اور وہ (آئینہ) اس کے اور ربّ سبحانہٗ وتعالیٰ کے درمیان وسیلہ ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا فرمان ہے:

۞ لَوْلَا تَرْبِيَةُ رَبِّيْ لَمَا عَرَفْتُ رَبِّيْ

ترجمہ: اگر میرا ربّ میری تربیت نہ فرماتا تو میں اپنے ربّ کی معرفت حاصل نہ کر پاتا۔

اور اس باطنی مربی کو پانے کا سبب ظاہری مربی کی تربیت ہے جو کہ انبیاء اور اولیاء کی تلقین ہے جو وجود اور قلوب کے لیے چراغ ہے جن کی تربیت سے آخری روح (یعنی روحِ قدسی) کا دیدار ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

۞ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ (مومن-15)

ترجمہ: وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے حکم سے روح القا فرما دیتا ہے۔

مرشد کی طلب کرنا ہر شخص کے لیے لازم ہے کیونکہ یہی وہ روح (مرشد) ہے جو قلوب کو زندہ کرتی ہے اور وہ معرفتِ حق تعالیٰ کا باعث ہے۔ پس سمجھو۔ امام غزالی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ''مذکورہ بالا تاویل کی رو سے نیند میں ربّ تعالیٰ کو صورتِ جمیلہ اخرویہ میں دیکھنا جائز ہے۔'' آپؒ فرماتے ہیں کہ یہ مربی ایک مثال ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ دیکھنے والے کی (باطنی) استعداد اور مناسبت سے پیدا فرماتا ہے کہ وہ ذات کی حقیقت ہرگز نہیں کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات صورت سے منزہ ہے۔ اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اس قیاس پر دیکھنا جائز ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مختلف صورتوں میں دیکھنا، دیکھنے والے کی قابلیت کی مناسبت سے جائز ہے اور کوئی بھی حقیقتِ محمدیہ کو نہیں دیکھ سکتا سوائے وہ جو علم، عمل، حال، بصیرت اور نماز کی ایک نہیں بلکہ ظاہری وباطنی دونوں حالتوں کا کامل وارث ہو۔

اسی طرح شرح مسلم میں ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کو مذکورہ بالا تاویل کی رو سے بشری ونورانی صورت میں دیکھنا جائز ہے اور اس تجلی کو ہر صفت کے ساتھ اس نہج پر قیاس کیا جا سکتا ہے جیسی تجلی موسیٰ علیہ السلام پر عناب کے درخت سے آگ کی صورت میں ہوئی اور کلام کی صفت سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے (درخت میں سے) فرمایا:

۞ وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى (طٰہٰ-17)

ترجمہ: اے موسیٰؑ یہ آپ کے ہاتھ میں کیا ہے؟

وہ آگ نور تھا مگر اسے موسیٰ علیہ السلام کے گمان اور طلب کے مطابق آگ سے موسوم کیا گیا کیونکہ وہ اُس وقت آگ کی تلاش میں تھے اور انسان اس درخت کے مقابلے میں مرتبہ میں ہرگز کم نہیں اور نہ ہی یہ کوئی حیرت کی بات ہے۔ تصفیہ کے بعد جب صفاتِ حیوانیہ صفاتِ انسانیہ میں بدل جائیں تو اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی صفات میں سے کوئی صفت انسان کی حقیقت میں تجلی فرما دیتا ہے جیسے کثیر اولیاء اکرام پر تجلی فرمائی۔

ابو یزید بسطامیؒ نے (اس قسم کی) تجلی کے دوران فرمایا سُبْحَانِیْ مَآ اَعْظَمَ شَانِیْ (ترجمہ: میں پاک ہوں اور میری شان بہت عظیم ہے) اور حضرت جنید بغدادی رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا "میرے جبے میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہیں"۔ اس جیسے اور بہت سے اقوال ہیں اور اس مقام میں اہلِ تصوف کے لیے عجیب لطائف ہیں جن کی شرح بہت طویل ہے۔ پس تربیت کے لیے مناسبت کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے کہ مبتدی کو ابتدائے حال میں اللہ تعالیٰ سے کوئی نسبت نہیں اور نہ ہی اس کے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے درمیان کوئی مناسبت ہے۔ پس ضرورت اس بات کی ہے کہ پہلے ولی اس کی تربیت کرے کیونکہ بشریت کی رو سے دونوں کے درمیان مناسبت ہے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی زندگی میں (صحابہ کرامؓ کی تربیت فرماتے رہے) تھے۔ پس جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دنیا میں (بشری لحاظ سے) موجود تھے تو کسی دوسرے کی (تربیت کی) ضرورت نہ تھی لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے آخرت میں منتقل ہونے کے بعد وہ (ظاہری مناسبت اور) تعلق منقطع ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے (دنیا کو ترک کر کے) تجرد اختیار فرمایا۔ اسی طرح اولیاء کرام جب آخرت سے تعلق جوڑ لیتے ہیں تو ان میں سے کوئی بھی کسی کو مقصود تک پہنچانے کے لیے تلقین وارشاد نہیں کرتا۔ پس اگر تُو اہلِ فہم میں سے ہے تو سمجھ جا۔ اگر سمجھ نہیں تو ریاضتِ نورانیہ سے وہ فہم حاصل کر جو ظلمانی نفسانیت پر غالب ہو کیونکہ فہم نورانیت سے حاصل ہوتا ہے نہ کہ ظلمت سے، اور جب کسی مقام پر نور آ جاتا ہے تو وہ مقام مزین ومشرف ہو جاتا ہے۔

پس مبتدی میں اس کے لیے مناسبت نہیں رہتی[1] جو ولی (دنیا میں) حیات ہوتا ہے تو اس (مبتدی) کو ولی کے ساتھ (بشری) مناسبت ہوتی ہے کیونکہ وراثتِ کاملہ کی رو سے اُس (ولی) کو ایک تعلقیت[2] اور دوسری تجریدیت[3] کی جہت حاصل ہوتی ہے۔ جس ولی کو ظاہری حیات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عبودیتِ نبوت کی ولایت سے مدد حاصل ہوتی ہے وہ اس (ولایت) سے مخلوق میں تصرف کرسکتا ہے۔ پس جان لو کہ اس (مقام) سے آگے بہت گہرا راز ہے جس کا ادراک اس کے اہل ہی کر سکتے ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۞ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ (المنافقون-8)

ترجمہ: اور عزت اللہ، اس کے رسول اور مومنین کے لیے ہی ہے۔

ارواح کی تربیت کے لیے روحِ جسمانی کی تربیت جسم کے اندر ہوتی ہے اور روحِ روانی کی جنگ قلب میں، روحِ سلطانی کی جنگ فواد میں اور روحِ قدسی کی جنگ سرّ میں ہوتی ہے جو کہ اس کے اور حق کے درمیان واسطہ ہے اور حق تعالیٰ کی جانب سے مخلوق کے لیے ترجمان ہے کیونکہ اہلِ اللہ ہی اس کے محرم ہیں۔

اور جو (خواب) اخلاقِ ذمیمہ کے باعث دکھائی دیتے ہیں وہ امارہ، لوامہ اور ملہمہ کی صفات کے باعث ہیں۔ پس درندے جیسے چیتا، شیر، بھیڑیا، ریچھ، کتا اور خنزیر یا ان جیسے دوسرے جانور مثلاً خرگوش، لومڑی، بلی، تینددوا یا جیسے سانپ، بچھو اور بھڑ یا دوسرے موذی جانور (خواب میں) دکھائی دیں تو یہ صفاتِ ذمیمہ ہیں جن سے بچنا واجب ہے اور انہیں روح کے راستے سے ہٹانا ضروری ہے۔

چیتا عُجب کی صفت ہے اور اللہ تعالیٰ کے مقابل تکبر کے مترادف ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

---

[1] یعنی ولی کے وصال کے بعد مبتدی اور ولی میں کوئی مناسبت نہیں رہتی۔ [2] ایک شے کا دوسری سے تعلق پیدا کرنا
[3] ایک شے کا دوسری سے تعلق ختم کرنا

❁ اِنَّ الَّذِیۡنَ کَذَّبُوۡا بِاٰیٰتِنَا وَاسۡتَکۡبَرُوۡا عَنۡہَا لَا تُفَتَّحُ لَہُمۡ اَبۡوَابُ السَّمَآءِ وَلَا یَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّۃَ حَتّٰی یَلِجَ الۡجَمَلُ فِیۡ سَمِّ الۡخِیَاطِ ؕ وَکَذٰلِکَ نَجۡزِی الۡمُجۡرِمِیۡنَ (اَلۡمُتَکَبِّرُ عَلَی النَّاسِ) (الاعراف-40)

ترجمہ: ''بے شک وہ جو (اللہ کی) آیات جھٹلاتے ہیں اور اس پر تکبر کرتے ہیں تو ان کے لیے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور نہ ہی وہ جنت میں داخل ہوں گے یہاں تک کہ اونٹ کو سوئی میں سے گزارا جائے۔ پس (جو لوگوں کے سامنے تکبر کرتا ہے) اُس کو یہی بدلہ دیا جائے گا۔''

(خواب میں) شیر (کو دیکھنا) مخلوق پر عظمت اور بڑائی کی صفت ہے اور ریچھ (کو دیکھنا) غصے اور غضب کی صفت ہے (اُن پر) جو اس کے زیرِ دست ہیں۔ بھیڑیا (کو دیکھنا) بلاتمیز حرام اور مشتبہ چیزوں کو کھانے کی صفت ہے اور کتا (کو دیکھنا) دنیا کی محبت اور اس کی خاطر غیظ و غصے میں آنے کی صفت ہے۔ خنزیر (کو دیکھنا) کینہ، حسد، حرص اور شہوت کی صفت ہے اور خرگوش (کو دیکھنا) معاملاتِ دنیا میں حیلہ و مکر کی صفت ہے۔ لومڑی (کا دیکھنا) بھی اسی (خرگوش) کی طرح ہے لیکن غفلت کی صفت خرگوش میں غالب ہے اور تیندوا (کو دیکھنا) جاہلیت کی غیرت اور ریاست اور عزت کی محبت کی صفت ہے۔ بلی (کو دیکھنا) بخل اور نفاق کی صفت ہے۔ سانپ (کو دیکھنا) زبان سے ایذا جیسے گالی گلوچ، غیبت اور جھوٹ کی صفت ہے۔ اور اس جیسے درندوں کو (خواب میں) دیکھنے کی حقیقی تعبیر کا ادراک اس کے اہل ہی بصیرت سے کر سکتے ہیں۔ بچھو (کو دیکھنا) نکتہ چینی، طعنہ زنی اور چغل خوری کی صفت ہے اور بھڑ (کو دیکھنا) خفی زبان[1] سے (لوگوں کو) ایذا پہنچانے کی صفت ہے اور سانپ (کا دیکھنا) لوگوں کے ساتھ عداوت پر دلیل ہے۔

پس جب سالک دیکھے کہ وہ ان موذیات سے جنگ کر رہا ہے اور یہ دیکھے کہ وہ ان پر غلبہ نہیں پا رہا تو عبادت اور ذکر (کی کثرت) کے ساتھ جدوجہد کرے یہاں تک کہ ان (موذیات) پر غلبہ پا

---

[1] یعنی اپنے نازیبا اور ناروا سلوک سے ایذا پہنچانا

لے اوران پر غضب ناک ہو کر انہیں فنا کر دے یا ان (صفاتِ حیوانیت) کو صفاتِ بشریت میں بدل دے کیونکہ ان پر مکمل غلبہ اوران کی مکمل تباہی گویا برائیوں کا ترک کرنا ہے جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے بعض تائبین کے حق میں فرمایا:

❁ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ (سورہ محمد۔2)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے ان کی برائیوں کو ختم کر دیا اوران کی اصلاح فرمادی۔

اوراگر دیکھے کہ یہ (درندوں والی صورتیں) انسانی صورت میں بدل گئی ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ برائیاں نیکیوں میں تبدیل کر دی گئی ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے تائبین کے حق میں فرمایا:

❁ مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ (الفرقان۔70)

ترجمہ: جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک اعمال کیے تو اللہ تعالیٰ اس کی برائیوں کو نیکیوں میں بدل دے گا۔

پس جوان موذیات سے پاک ہو گیا تو اسے چاہیے کہ اس کے بعد بھی ان کے شر سے بے خوف نہ ہو جائے کیونکہ نفس کو ابھی بھی گناہوں سے ایسی قوت حاصل ہو سکتی ہے جو تقویت پا کر نفسِ مطمئنہ پر غالب آسکتی ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ:

❁ اَنْ يَّجْتَنِبَ الْعَبْدُ عَنِ الْمَنَاهِيْ فِيْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ مَادَامَ فِي الدُّنْيَا وَقَدْ يُرٰى ذٰلِكَ النَّفْسُ الْاَمَّارَةُ عَلٰى صُوْرَةِ الْكُفَّارِ وَاللَّوَّامَةُ عَلٰى صُوْرَةِ الْيَهُوْدِ وَالْمُلْهِمَةُ عَلٰى صُوْرَةِ النَّصَارٰى وَّكَذَا فِيْ صُوَرِ الْمُبْتَدِعَةِ (حدیثِ قدسی)

ترجمہ: بندہ جب تک دنیا میں رہے مناہی سے اجتناب کرے جس میں سب آفات ہیں، اور نفسِ امارہ کفار کی صورت پر اور نفسِ لوامہ یہود کی صورت پر اور نفسِ ملہمہ نصاریٰ کی صورت میں دکھائی دیتا ہے اور کبھی انوکھی اور نئی صورتوں میں۔

تئیسویں فصل

اہلِ تصوف کے بیان میں

اہلِ تصوف کہلانے والے لوگ بارہ اقسام کے ہیں۔ پہلی قسم کے لوگ سنّی ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جن کے تمام اقوال اور افعال شریعت اور طریقت کی موافقت میں ہوتے ہیں اور وہ اہل سنت والجماعت ہیں جن میں سے بعض بغیر کسی حساب اور عذاب کے جنت میں داخل ہوں گے اور ان میں سے بعض سے آسان سا حساب اور انہیں تھوڑا سا عذاب ہوگا اور وہ جہنم سے نکل کر جنت میں داخل ہوں گے اور وہ کافروں اور منافقوں کی طرح ہمیشہ آگ میں نہیں رہیں گے۔ (اہلِ سنت والجماعت کے علاوہ) باقی سب بدعتی ہیں جن میں خلولیہ، حالیہ، اولیائیہ، شمرانیہ، حبّیہ، حوریہ، اباحیہ، متکاسلہ، متجاہلہ، واقفیہ اور الہامیہ شامل ہیں۔

☆ خلولیہ مذہب کے لوگ وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ خوبصورت عورت اور امرد (بے ریش نوعمر لڑکے) کے بدن کی طرف دیکھنا حلال ہے۔ یہ لوگ رقص کرتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ (ان کے مذہب میں) بوسہ لینا اور گلے لگنا جائز ہے اور یہ (عقیدہ) سراسر کفر ہے۔

☆ حالیہ (مذہب) کے لوگ وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ رقص اور تالیاں بجانا حلال ہے اور کہتے ہیں کہ مرشد کے لیے ایک حال ایسا بھی ہے کہ اس کے لیے شرع تعبیر نہیں کرتی لیکن یہ بدعت ہے اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف ہے۔

☆ اولیائیہ (مذہب) کے لوگ کہتے ہیں کہ جب بندہ ولایت کے مقام پر پہنچ جاتا ہے تو اس

سے تکالیفِ شرعی ساقط[1] ہو جاتی ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ ولی نبی سے افضل ہوتا ہے کیونکہ نبی کا علم جبرائیلؑ کے واسطہ سے ہوتا ہے اور ولی کا علم بغیر کسی واسطہ کے۔ یہ تاویل ان کی خطا ہے اور اس اعتقاد کے باعث وہ ہلاک ہو گئے اور یہ عقیدہ بھی (سراسر) کفر ہے۔

☆ شمرانیہ (مذہب) کے لوگ یہ کہتے ہیں کہ صحبت قدیم ہے جس کے باعث اوامر و نواہی ساقط ہو جاتے ہیں۔ (یہ لوگ) دف، طنبورا اور دوسرے آلات کو حلال سمجھتے ہیں اور عورتوں سے کسی قسم کا فائدہ جائز نہیں سمجھتے۔ یہ لوگ کافر ہیں اور ان کا خون جائز[2] ہے۔

☆ حبّیہ (مذہب) کے لوگ کہتے ہیں کہ جب بندہ محبت کے درجہ پر پہنچ جاتا ہے تو ان سے تکالیفِ شرعی ساقط ہو جاتی ہیں اور یہ لوگ اپنی شرمگاہوں کو نہیں ڈھانپتے۔

☆ حوریہ (مذہب) کے لوگ حالیہ کی مانند ہیں لیکن یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ جب ان پر حال وارد ہوتا ہے تو یہ حور سے جماع کرتے ہیں اور جب ہوش میں آتے ہیں تو غسل کرتے ہیں۔ پس یہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں اور اس (عقیدہ) کے باعث ہلاکت میں ہیں۔

☆ اباحیہ (مذہب) کے لوگ وہ ہیں جو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو ترک کرتے ہیں۔ حرام کو حلال اور عورتوں کو (اپنے لیے) ہر طرح سے جائز سمجھتے ہیں۔

☆ متکاسلہ مذہب کے لوگ کسب[3] کو ترک کرتے اور ہر دروازے پر جا کر سوال کرتے ہیں۔ ظاہری طور پر تو یہ ترکِ دنیا کا دعویٰ کرتے ہیں۔ لیکن اپنے اسی دعویٰ کے باعث یہ لوگ ہلاکت کے گڑھے میں ہیں۔

1۔ تکالیفِ شرعی ساقط ہونے سے مراد یہ ہے کہ شرعی احکامات کی تعمیل واجب یا ضروری نہیں رہ گئی۔ اس غلط فہمی میں مبتلا ہو کر یہ لوگ غیر شرعی امور کو انجام دینے لگتے ہیں اور اُسے غلط بھی نہیں سمجھتے۔ 2۔ خون جائز ہونے سے مراد یہ نہیں کہ کوئی بھی شخص اس فرقہ کے لوگوں کا قتل عام شروع کر دے کیونکہ یہ انسانیت کے اصولوں کے خلاف ہے۔ ہاں اگر حکومتی سطح پر کسی خاص وجہ سے کسی شخص کو قتل کرنے کا حکم جاری کیا جائے تو پھر جائز ہے۔ 3۔ یہ لوگ محنت و مشقت سے روزی کمانا ترک کر دیتے ہیں اور دوسروں سے مانگ کر اور دستِ سوال دراز کر کے اپنی حاجات کو پورا کرتے ہیں۔

☆ متجاہلہ (مذہب کے لوگ) وہ ہیں جو فاسقوں والا لباس پہنتے ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (سورہ ھود۔ 113)

ترجمہ: ظالموں کی طرف میل جول نہ رکھو ورنہ آگ تمہیں چھوئے گی۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ

ترجمہ: جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی وہ انہی میں سے ہے۔

☆ واقفیہ (مذہب) والے وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ غیر اللہ، اللہ کی معرفت حاصل نہیں کر سکتا اسی لیے انہوں نے معرفت کی طلب ترک کر دی اور اسی جہالت کی بنا پر وہ ہلاک ہو گئے۔

☆ الہامیہ (مذہب کے لوگ) وہ ہیں جو علم کو ترک کرتے ہیں اور تدریس سے منع کرتے ہیں۔ حکما کی متابعت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ قرآن حجاب ہے اور اشعار طریقت کا قرآن ہیں۔ اسی عقیدے کے باعث وہ قرآن ترک کرتے ہیں اور اپنی اولاد کو بھی (یہی) سکھاتے ہیں اور یہ لوگ ورد (وظائف) ترک کرتے ہیں اور اس کے باعث ہلاک ہو گئے۔

فقہ باطن میں اہلِ سنت والجماعت کہتے ہیں کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صحبت کے باعث اہلِ جذبہ (اہلِ محبت) تھے اور وہ جذبے بعد میں منتشر ہو کر طریقت کے مشائخ تک پہنچے جو کثیر سلاسل میں تقسیم ہو گئے۔ یہاں تک کہ اکثر سلاسل کمزور ہو کر ختم ہو گئے اور باقی رسمی طور پر بے معنی مشائخ کی صورت میں رہ گئے جن سے اہلِ بدعت کے گروہ پیدا ہو گئے جن میں سے بعض نے خود کو قلندریہ، بعض نے حیدریہ اور بعض نے خود کو ادھمیہ سلسلہ سے اور بعض نے دیگر دوسرے سلسلوں سے منسوب کر لیا جن کی شرح طویل ہے۔ اہلِ فقہ اور صاحبِ ارشاد اس زمانے میں قلیل سے بھی کم ہیں۔ شاہدین فقہا کو ان کے ظاہری عمل حق سے اور صاحبِ ارشاد کو ان کے باطن سے جانتے ہیں۔ اہلِ ظاہر شریعت اور امر و نہی پر مستحکم ہوتے

ہیں جو کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اہلِ باطن کو سلوک کا مشاہدہ بصیرت سے حاصل ہوتا ہے کہ وہ مقتدی (امام) یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھتے ہیں۔ پس ان کا سلوک (ان کے اور) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اللہ تعالیٰ کے درمیان واسطہ بن جاتا ہے جو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی روحانیت ہے، چاہے وہ روحانیت محل کے اعتبار سے جسمانی ہو یا روحانی کہ شیطان ان (حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صورت) کی مثل نہیں بن سکتا۔ اور اس میں مریدین کے لیے ایک اشارہ ہے کہ وہ راہِ سلوک پر اندھے بن کر نہ چلیں اور یہ (اشارات) ان (حق و باطل) میں تمیز کرنے کے لیے دقیق علامات ہیں جن کا ادراک ان کے اہل کے سوا کوئی نہیں کر سکتا۔

چوبیسویں فصل

خاتمہ بالایمان کے بیان میں

سالک کو چاہیے کہ وہ فطین اور صاحبِ بصیرت ہو جیسا کہ شاعر نے کہا ہے:

اِنَّ لِلّٰہِ عِبَادًا فُطِنًا   طَلَّقُوْا الدُّنْیَا وَخَافُوا الْمِحَنَا

جَعَلُوْھَا لُجَّۃً فَاتَّخَذُوْا   صَالِحَ الْاَعْمَالِ فِیْھَا سُفُنًا

ترجمہ: اللہ کے ایسے ذہین بندے ہیں جنہوں نے دنیا کی تکالیف سے خوفزدہ ہو کر دنیا کو طلاق دے دی۔ وہ اگر دنیا کے کاموں میں اترتے بھی ہیں تو نیک اعمال کے سفینے میں سوار ہو کر۔

(سالک کو چاہیے کہ) اپنے (دنیاوی) امور کے انجام پر نظر رکھے اور اس (دنیا) کے زوال پذیر ہونے پر تفکر کرے۔ اور ظاہری احوال کی حلاوت کے فریب میں نہ آئے۔ پس اہلِ تصوف کہتے ہیں کہ احوال کی طرف راہیں اس ماحول کو بنانے والے کی جانب سے ہوتی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

❁ فَلَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ (سورہ الاعرف-99)

ترجمہ: اور اللہ کی خفیہ تدبیر سے خسارہ پانے والوں کے علاوہ کوئی خوفزدہ نہیں ہوتا۔

اور اسی طرح حدیثِ قدسی میں فرمایا:

❁ یَا مُحَمَّدُ بَشِّرِ الْمُذْنِبِیْنَ بِاَنِّیْ غَفُوْرٌ وَاَنْذِرِ الصِّدِّیْقِیْنَ بِاَنِّیْ غَیُوْرٌ

ترجمہ: اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) گناہگاروں کو خوشخبری دے دیجیے کہ میں غفور ہوں اور

صدیقین کوڈرایئے کہ میں غیور ہوں[1]۔

بے شک اولیاء کرام کی کرامات حق ہیں اور ان کے احوال بھی حق ہیں لیکن مکرو استدراج سے ہرگز مامون نہیں سوائے انبیاء کرام کے معجزات کے، کہ وہ ہمیشہ ان (مکرو استدراج) سے مامون ہیں۔ کہتے ہیں کہ انجام کی خرابی کا خوف انجام کی خرابی سے نجات کا باعث ہے۔ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہٗ فرماتے ہیں:

❁ اَنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ تَعَالٰى اِرْتَفَعُوْا اِلٰى عِلِّيِّيْنَ بِالْخَوْفِ فَيَكُوْنُ الْخَوْفُ غَالِبًا عَلَى الرَّجَاءِ لِئَلَّا تَخْدَعُهُ الْبَشَرِيَّةُ فَيُقْطَعُ سَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُبِهٖ وَقَدْ قَالَ مَادَامُ الْاِنْسَانَ فِي الصِّحَةِ يُرِيْدُ اَنْ يَكُوْنَ الْخَوْفُ غَالِبًا عَلَى الرَّجَاءِ وَفِي الْمَرَضِ يَكُوْنُ الرَّجَاءُ غَالِبًا عَلَى الْخَوْفِ

ترجمہ: بے شک اولیاء اللہ خوف کے باعث علیین تک رسائی حاصل کرلیتے ہیں۔ پس خوف رجا پر غالب آجاتا ہے لیکن کہیں ایسا نہ ہو کہ (انسان) بشریت کے باعث دھوکہ کھا جائے اور ایسی وجہ سے اپنا راستہ منقطع کر بیٹھے جس کا اُسے شعور تک نہ ہو۔ کہتے ہیں جب تک انسان تندرست ہو خوف کو امید پر غالب کرے اور جب بیمار ہو تو اُمید کو خوف پر غالب رکھے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے:

❁ لَوْوُزِنَ خَوْفُ الْمُؤْمِنِ وَرَجَاءُهٗ يَسْتَوِيَانِ وَاَمَّا فِي حَالِ النَّزْعِ فَيَكُوْنُ رَجَاءُهٗ بِفَضْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَغْلَبَ

ترجمہ: اگر مومن کے خوف اور رجا کا وزن کیا جائے تو دونوں برابر ہوں گے لیکن اللہ کے فضل سے

---

[1] اس فرمان میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے گناہگاروں کو خوشخبری دی ہے کہ وہ اپنے گناہوں کے باعث پریشان نہ ہوں بلکہ خلوصِ دل سے تائب ہو کر اللہ کی طرف رجوع کریں، اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہے اور صدیقین اپنے نیک اعمال اور اطاعت کے باعث اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات سے بے خوف مت ہوں اور نہ ہی تکبر میں مبتلا ہوں کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ انہیں کسی چھوٹی سی غلطی پر بھی پکڑ سکتا ہے۔ ہمیشہ عاجزی اختیار کریں۔

حالتِ نزع میں رجا غالب آ جاتی ہے۔

جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ لَا یَمُوْتَنَّ اَحَدُ کُمْ اِلَّا وَھُوَ یُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللّٰہِ تَعَالٰی وَیَتَفَکَّرُ

ترجمہ: تم میں سے کوئی تب تک نہ مرے گا جب تک وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ ظن نہ رکھے اور (اس کے اقوال میں) تفکر نہ کرے۔

جیسا کہ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ

ترجمہ: میری رحمت ہر شے سے وسیع ہے۔

❁ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ

ترجمہ: میرے رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی۔

❁ فَاِنَّہٗ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

ترجمہ: بے شک وہ سب رحمت فرمانے والوں سے بڑا رحمت فرمانے والا ہے۔

سالک پر واجب ہے کہ وہ اس کے قہر سے اس کے لطف کی طرف بڑھ جائے اور پھر اس سے بھی آگے بڑھ جائے اور عجز وانکساری اور عرض والتجا اور عذر ومعذوری سے اس کے در پر گناہوں کا اعتراف کرے اور اس کے فیض، فضل، لطف اور رحمت سے یہ توقع رکھے کہ وہ گناہوں کو معاف فرمادے۔ بے شک وہ احسان فرمانے والا رحیم، بن مانگے عطا کرنے والا کریم اور قدیم بادشاہ اور عظیم سلطان ہے۔

وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اٰمِیْنَ۔

سرّالاسرار (عربی متن)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الۡقَادِرِ الۡعَلِيۡمِ الۡفَاطِرِ الۡحَكِيۡمِ الۡجَوَادِ الۡكَرِيۡمِ الرَّبِّ الرَّحِيۡمِ مُنَزِّلِ الذِّكۡرِ الۡحَكِيۡمِ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡعَظِيۡمِ عَلَى الۡمَبۡعُوۡثِ بِالدِّيۡنِ الۡقَوِيۡمِ وَالصِّرَاطِ الۡمُسۡتَقِيۡمِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتِمِ الرِّسَالَةِ وَالۡهَادِيۡ مِنَ الضَّلَالَةِ وَعَلٰى مُشَرِّفِ الرُّسُلِ بِاَشۡرَفِ الۡكُتُبِ وَالۡكِتَابِ مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الۡاُمِّيِّ الۡعَرَبِيِّ الۡاَمِيۡنِ وَعَلٰى اٰلِهٖ هُدَاةِ الۡمُهۡتَدِيۡنَ وَاَصۡحَابِهِ الۡاَخۡيَارِ الۡمُنۡتَخَبِيۡنَ وَسَلَّمَ تَسۡلِيۡمًا كَثِيۡرًا. اَمَّا بَعۡدُ فَيَقُوۡلُ الۡغَوۡثُ الۡاَعۡظَمُ الۡقُطۡبُ الرَّبَّانِيُّ الۡهَيۡكَلُ الصَّمَدَانِيُّ الۡقِنۡدِيۡلُ اللَّامِعُ النُّوۡرَانِيُّ سُلۡطَانُ الۡاَوۡلِيَاۤءِ وَالۡعَارِفِيۡنَ بُرۡهَانُ الۡاَصۡفِيَاۤءِ وَالۡوَاصِلِيۡنَ بَازُ اللّٰهِ الۡاَشۡهَبُ مَوۡلَانَا وَسَيِّدُنَا وَقُدۡوَتُنَا اِلَى اللّٰهِ تَعَالَى الۡحَسِيۡبُ النَّسِيۡبُ الشَّرِيۡفُ السَّيِّدُ الشَّيۡخُ مُحۡيِ الدِّيۡنِ عَبۡدُ الۡقَادِرِ الۡجِيۡلَانِيُّ الۡحَسَنِيُّ الۡحُسَيۡنِيُّ قَدَّسَ اللّٰهُ سِرَّهُ الۡعَزِيۡزُ وَنَوَّرَ ضَرِيۡحَهُ الشَّرِيۡفَ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ اَبِيۡ صَالِحٍ مُوۡسٰى جَنۡكِيۡ دُوۡسۡتَ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ عَبۡدِ اللّٰهِ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ يَحۡيَى الزَّاهِدِ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ مُحَمَّدِ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ دَاوٗدَ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ مُوۡسٰى ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ عَبۡدِ اللّٰهِ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ مُوۡسَى الۡجَوۡنِ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ عَبۡدِ اللّٰهِ الۡمَحۡضِ ابۡنِ الۡاِمَامِ السَّيِّدِ الۡحَسَنِ الۡمُثَنّٰى ابۡنِ الۡاِمَامِ الۡهُمَامِ سَيِّدِنَا الۡحَسَنِ السِّبۡطِ ابۡنِ سَيِّدِنَا وَمَوۡلَانَا اَمِيۡرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اَبِي الۡحَسَنَيۡنِ الۡاِمَامِ سَيِّدِنَا عَلِيِّ ابۡنِ اَبِيۡ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ.

وَاَنَّ نَسَبَ وَالِدَةِ حَضۡرَتِ سَيِّدِنَا وَمَوۡلَانَا الۡغَوۡثِ الۡاَعۡظَمِ السَّيِّدِ الشَّيۡخِ مُحۡيِ الدِّيۡنِ عَبۡدِ الۡقَادِرِ الۡجِيۡلَانِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنۡهُ عَلٰى هٰذِهِ الصُّوۡرَةِ وَهُوَ السَّيِّدُ الشَّيۡخُ مُحۡيِ الدِّيۡنِ عَبۡدُ الۡقَادِرِ الۡجِيۡلَانِيُّ قُدِّسَ سِرُّهُ النُّوۡرَانِيُّ ابۡنُ السَّيِّدَةِ اُمِّ الۡخَيۡرِ اَمَةِ الۡجَبَّارِ فَاطِمَةَ بِنۡتِ السَّيِّدِ عَبۡدِ اللّٰهِ الصَّوۡمَعِيِّ الزَّاهِدِ ابۡنِ السَّيِّدِ اَبِيۡ جَمَالِ الدِّيۡنِ مُحَمَّدِ ابۡنِ السَّيِّدِ مَحۡمُوۡدِ ابۡنِ السَّيِّدِ اَبِي الۡعَطَاۤءِ عَبۡدِ اللّٰهِ ابۡنِ السَّيِّدِ كَمَالِ الدِّيۡنِ عِيۡسٰى ابۡنِ السَّيِّدِ الۡاِمَامِ اَبِيۡ عَلَاۤءِ الدِّيۡنِ مُحَمَّدِ الۡجَوَادِ ابۡنِ السَّيِّدِ الۡاِمَامِ عَلِيِّ الرِّضَا ابۡنِ السَّيِّدِ الۡاِمَامِ مُوۡسَى الۡكَاظِمِ ابۡنِ الۡاِمَامِ جَعۡفَرِ الصَّادِقِ ابۡنِ الۡاِمَامِ مُحَمَّدِ الۡبَاقِرِ ابۡنِ الۡاِمَامِ زَيۡنِ الۡعَابِدِيۡنَ عَلِيِّ ابۡنِ الۡاِمَامِ الۡهُمَامِ الۡحُسَيۡنِ (شَهِيۡدِ كَرۡبَلَا) ابۡنِ الۡاِمَامِ الۡهُمَامِ اَمِيۡرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ سَيِّدِنَا عَلِيِّ ابۡنِ اَبِيۡ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنۡهُ وَعَنۡهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ.

فَلَمَّا كَانَ الۡعِلۡمُ اَشۡرَفَ مَنۡقَبَةٍ وَاَجَلَّ مَرۡتَبَةٍ وَاَبۡهٰى مَفۡخَرَةٍ وَاَنۡفَعَ مَتۡجَرَةٍ اِذۡ بِهٖ يُتَوَسَّلُ اِلٰى تَوۡحِيۡدِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ وَاِلٰى تَصۡدِيۡقِ اَنۡبِيَاۤئِهٖ وَالۡمُرۡسَلِيۡنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيۡهِمۡ اَجۡمَعِيۡنَ صَارَ الۡعُلَمَاۤءُ خَوَاصَّ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيۡنَ اجۡتَبَاهُمۡ اِلٰى مَعَالِمِ دِيۡنِهٖ وَهَدَاهُمۡ اِلَيۡهِ بِمَزِيَّةِ الۡفَضۡلِ اٰثَرَهُمۡ وَاصۡطَفَاهُمۡ وَهُمۡ وَرَثَةُ الۡاَنۡبِيَاۤءِ وَخُلَفَاۤؤُهُمۡ وَ سَادَاتُ الۡمُرۡسَلِيۡنَ وَعُرَفَاۤؤُهُمۡ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ اَوۡرَثۡنَا الۡكِتٰبَ الَّذِيۡنَ اصۡطَفَيۡنَا مِنۡ عِبَادِنَا فَمِنۡهُمۡ ظَالِمٌ لِّنَفۡسِهٖ وَمِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ اَيِ الَّذِيۡنَ سَيِّئَاتُهُمۡ مَعَ الۡحَسَنَاتِ سَوَاۤءٌ وَمِنۡهُمۡ سَابِقٌ بِالۡخَيۡرٰتِ وَ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ اَلۡعُلَمَاۤءُ وَرَثَةُ الۡاَنۡبِيَاۤءِ بِالۡعِلۡمِ وَيُحِبُّهُمۡ اَهۡلُ السَّمَاۤءِ وَيَسۡتَغۡفِرُ لَهُمُ الۡحِيۡتَانُ فِي الۡبِحَارِ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيَامَةِ (قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى) اِنَّمَا يَخۡشَى اللّٰهَ مِنۡ عِبَادِهِ الۡعُلَمٰٓؤُا (وَقَالَ عَلَيۡهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ) يَبۡعَثُ اللّٰهُ الۡخَلۡقَ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ثُمَّ يُمَيِّزُ الۡعُلَمَاۤءَ فَيَقُوۡلُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا مَعۡشَرَ الۡعُلَمَاۤءِ اِنِّيۡ لَمۡ اَضَعۡ عِلۡمِيۡ فِيۡكُمۡ اِلَّا لِعِلۡمِيۡ بِكُمۡ وَلَمۡ اَضَعۡهُ فِيۡكُمۡ لَا اُعَذِّبُكُمۡ اِنۡطَلِقُوۡا اِلَى الۡجَنَّةِ فَقَدۡ غَفَرۡتُ لَكُمۡ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ الَّذِيۡ جَعَلَ الدَّرَجَاتِ حِفۡظًا لِّلۡعَابِدِيۡنَ وَالۡقُرُبَاتِ لِلۡعَارِفِيۡنَ وَكَانَ

